تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ پاور آف پاکستان اسلام آباد
Power of Pakistan News Agency
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
powerofpakistannewsagency.online
جلد: 02 | پیر یکم جون 14,2026 ذوالحجہ 1447ھ صفحات 06 قیمت 30 روپے | شمارہ: 261

وزیراعلیٰ پنجاب کا ڈپٹی کمشنر ڈی پی او کو عیدالاضحیٰ کے پیش نظر بسوں اور لاری اڈوں کی چیکنگ کا حکم

وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اوور چارجنگ کے سدباب کے لئے ہر بس اور بس سٹینڈ پر کرایہ نامہ آویزاں کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اوور چارجنگ کرنے والی بس کا روٹ پرمٹ اور بس سٹینڈ کا اجازت نامہ منسوخ کرنے کا بھی حکم دیا

عیدالاضحیٰ کے موقع پر فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر چلنے والی ٹرانسپورٹ بند کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے محکمہ ٹرانسپورٹ اور انتظامیہ کو مسافروں کی اوورلوڈنگ پر پابندی یقینی بنانے کی ہدایت کی

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ڈپٹی کمشنر اور ڈی پی او کو عیدالاضحیٰ کے پیش نظر بسوں اور لاری اڈوں کی چیکنگ کا حکم دیا ہے۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اوور چارجنگ کے سدباب کے لئے ہر بس اور بس سٹینڈ پر کرایہ نامہ آویزاں کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے اوور چارجنگ کرنے والی بس کا روٹ پرمٹ اور بس سٹینڈ کا اجازت نامہ منسوخ کرنے کا بھی حکم دیا اور عیدالاضحیٰ کے موقع پر فٹنس سرٹیفکیٹ کے بغیر چلنے والی ٹرانسپورٹ بند کرنے کی ہدایت کی۔ وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے محکمہ ٹرانسپورٹ اور انتظامیہ کو مسافروں کی اوورلوڈنگ پر پابندی یقینی بنانے کی ہدایت کی اور بس سٹینڈ پر ٹھنڈے پانی کی فراہمی یقینی بنانے کا حکم دیا۔ محکمہ ٹرانسپورٹ نے مسافروں کی (بقیہ نمبر 1)

وزیر تجارت جام کمال خان کی چینی کمپنیوں کو پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت

بیجنگ (این این آئی) وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان نے اپنے سرکاری دورہ چین کے (بقیہ نمبر 6)

مشعال حسین ملک کی بھارتی آرمی چیف کے حالیہ بیان کی شدید مذمت



اسلام آباد (این این آئی) چیئرپرسن پیس اینڈ کلچر آرگنائزیشن، خواتین کو با اختیار بنانے اور انسانی (بقیہ نمبر 5)

ملک کو حکومت اور اپوزیشن دونوں کی جگہ متبادل قیادت کی ضرورت ہے، بیرسٹر سیف

پشاور (این این آئی) سابق مشیر اطلاعات خیبر پختونخوا بیرسٹر سیف نے کہا ہے کہ ملک کو (بقیہ نمبر 4)

حکومت نے محدود وسائل کے باوجود سولر کی حوصلہ افزائی کی، بلال اظہر کیانی

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت برائے خزانہ بلال اظہر کیانی نے کہا ہے کہ ہم عوام کے (بقیہ نمبر 3)

پاکستان اور آذربائیجان کے مابین ٹریڈ اور ٹرانزٹ معاہدے اہمیت کے حامل ہیں، علیم خان

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا ہے کہ پاکستان اور آذربائیجان (بقیہ نمبر 2)

بیجنگ: وزیراعظم محمد شہباز شریف اور عوامی جمہوریہ چین کے وزیراعظم لی چیانگ پاکستان اور چین کے درمیان معاہدوں، مفاہمت یادداشتوں اور تعاون سے متعلق دستاویزات پر دستخط اور ان کے تبادلے کی تقریب میں شریک ہیں۔

وزیر مذہبی امور کی سعودی ہم منصب سے ملاقات، حج سے متعلق امور پر گفتگو

آئندہ سال حجاج کی تعداد کے مطابق ڈراپ پوائنٹس کی تقسیم کو یقینی بنایا جائے گا، سعودی وزیر کی گفتگو

مکہ مکرمہ (این این آئی) وفاقی وزیر مذہبی امور سردار محمد یوسف نے سعودی وزیر حج وعمرہ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ سے ملاقات کی، جس میں حج سے متعلق مختلف امور اور حجاج کو فراہم کردہ سہولیات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں نائب وزیر حج وعمرہ حسن مناخرہ، سیکرٹری (بقیہ نمبر 7)

فیلڈ مارشل عاصم منیر کی چینی وزیراعظم لی چیانگ سے غیر رسمی ملاقات

بیجنگ (این این آئی) فیلڈ مارشل عاصم منیر کی چین کے وزیراعظم لی چیانگ (بقیہ نمبر 8)

سوات ایکسپریس وے پر بس اور وین میں تصادم، 16 مسافر جاں بحق 8 زخمی

بس سڑک کنارے کھڑی تھی کہ پیچھے سے آنے والی وین تیز رفتاری کی وجہ اس سے جا ٹکرائی، بس کراچی سے بونیر، وین دیر جا رہی تھی

سوات (این این آئی) سوات ایکسپریس وے پر اسماعیلیہ کے قریب مسافر وین اور بس کے درمیان خوفناک تصادم کے باعث 16 مسافر جاں بحق اور 8 افراد زخمی ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق بس سڑک کنارے کھڑی تھی کہ پیچھے سے آنے والی وین تیز رفتاری کی وجہ اس سے جا ٹکرائی، بس کراچی سے بونیر اور وین راولپنڈی سے دیر جا رہی تھی۔ ابتدائی اطلاعات کے مطابق حادثہ وین ڈرائیور کی مبینہ غفلت کے (بقیہ نمبر 9)

فیلڈ مارشل عاصم منیر کے خطے میں امن کیلئے ثالثی کے کردار کا عالمی سطح پر اعتراف

پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی ہم آہنگی ثالثی کا بنیادی عنصر ہے، امریکی ٹی وی

راولپنڈی (این این آئی) فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے خطے میں امن کے لیے ثالثی کا کردار ادا کرنے پر عالمی سطح پر اعتراف کیا گیا ہے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے دورہ تہران نے مذاکرات کو حتمی نتیجے تک پہنچانے میں کلیدی کردار ادا کیا ہے۔ امریکی ٹی وی کے مطابق مشرق وسطیٰ کی موجودہ صورت حال میں خلیجی ممالک اور لبنان جنگ کا حصہ ہیں، تاہم (بقیہ نمبر 10)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری پریس کانفرنس کر رہی ہیں، صوبائی وزیر بلال یاسین بھی ہمراہ ہیں۔

امن اور کاروبار کی بحالی کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا: شہباز شریف

وزیراعظم محمد شہباز شریف کی خلیج اور مشرق وسطیٰ میں امن کیلئے چین کے صدر شی جنگ پنگ کے 4 نکاتی ایجنڈے کی مکمل حمایت

چین نے پاکستان کی امن اور جنگ بندی کیلئے کوششوں کی بھرپور حمایت کی، معاملات درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں، شہباز شریف کا خطاب

پاکستان نے قریبی رابطے اور ہم آہنگی کو برقرار رکھا ہے اور مشترکہ مفادات کا تحفظ کیا ہے، وزیراعظم نے نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پاکستانی وفد کا تعارف کرایا

بیجنگ (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے خلیج اور مشرق وسطیٰ میں امن کیلئے چین کے صدر شی جنگ پنگ کے 4 نکاتی ایجنڈے کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا نازک مرحلے سے گزر رہی ہے، امن اور کاروبار کی بحالی کیلئے مل کر کام کرنا ہوگا، چین نے پاکستان کی امن اور جنگ بندی کیلئے کوششوں کی بھرپور حمایت کی، معاملات درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں جبکہ چینی وزیراعظم لی چیانگ نے کہا ہے کہ چین پاکستان کے ساتھ ملکر کام کرنے کیلئے پرعزم ہے، پاکستان نے قریبی رابطے اور ہم آہنگی کو برقرار رکھا ہے اور مشترکہ مفادات کا تحفظ کیا ہے۔ وہ پیر کو یہاں (بقیہ نمبر 13)

لاہور: چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق ایس سی سی ایل او کے 53 ویں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

صدر زرداری کی ماحولیاتی اور فوجداری اصلاحات کی منظوری

پاکستان اور اردن کے تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ اقدار پر مبنی ہیں، اردن کے شاہ عبداللہ دوم کو پیغام

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے مختلف اہم ملکی امور اور قانون سازی سے متعلق فیصلوں کی منظوری دے دی ہے۔ ایوانِ صدر کے ترجمان کے مطابق صدر مملکت نے 21 مئی 2026 کو متعدد اہم قانونی بلز اور سرکاری سمریوں کی منظوری دی، جن میں اسلام آباد کیپیٹل ٹیریٹری پروہیبیشن آف پلاسٹک بک کورز بل 2026 بھی شامل ہے، سینیٹر شیری رحمان کے پیش کردہ اس بل کا مقصد ماحولیاتی (بقیہ نمبر 14)

طلال چودھری نے اسلام آباد اتاترک ایونیو کشادگی منصوبے کا افتتاح کر دیا

وزارت داخلہ وزیراعظم کے ویژن کے مطابق جدید محفوظ، اور سرسبز اسلام آباد کی طرف گامزن ہے، وزیر مملکت داخلہ

اسلام آباد (این این آئی) وزیر مملکت داخلہ طلال چودھری نے اسلام آباد اتاترک ایونیو کشادگی منصوبے کا افتتاح کر دیا۔ وفاقی دارالحکومت میں افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے طلال چودھری نے کہا کہ وزیراعظم کے ویژن کے مطابق وزارت داخلہ جدید محفوظ، اور سرسبز اسلام آباد کی طرف گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ اتاترک ایونیو کو 24 فٹ سے بڑھا کر 52 فٹ کشادہ کر دیا گیا، منصوبے سے ٹریفک روانی میں نمایاں بہتری آئی گی، وفاقی حکومت کے انفراسٹرکچر (بقیہ نمبر 15)

عیدالاضحیٰ کیلئے سوئی سدرن نے گیس شیڈول جاری کر دیا

اسلام آباد (این این آئی) عید قربان کیلئے سوئی سدرن کی جانب سے گھریلو صارفین کیلئے گیس شیڈول جاری کر دیا گیا ہے۔ ذرائع کے مطابق (آج) منگل کی رات 3 بجے سے صبح 10 تک گیس سپلائی بحال کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے جبکہ دن کے باقی اوقات میں گیس شیڈول برقرار (بقیہ نمبر 16)

لاہور سیکرٹری ایمرجنسی سروسز ڈیپارٹمنٹ ڈاکٹر رضوان نصیر عیدالامنی ایمرجنسی پلان کے حوالے سے جائزہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

عید اور چارجنگ نہ کی جائے ہلڑبازی، ویلنگ پر سخت کارروائی ہوگی: عظمیٰ بخاری

پاکستان کی سکیورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، دشمن کے پائلٹ کو چائے پلا کر واپس بھیجا گیا، آئندہ کی گارنٹی نہیں ہے

لاہور (بیورو رپورٹ) صوبائی وزیر اطلاعات عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ عید پر پردیسیوں سے اوور چارجنگ نہ کی جائے، ہلڑبازی اور ویلنگ پر سخت کارروائی ہوگی۔ لاہور میں صوبائی وزیر بلال یاسین کے ہمراہ نیوز کانفرنس کے دوران صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ موجودہ ڈیجیٹل دور میں ہر چیز ریکارڈ ہو رہی ہوتی ہے، بھارت نے پاکستان میں کئی بار دہشتگردی کی کارروائیاں کیں، ہم اپنے شہدا (بقیہ نمبر 19)

صدر زرداری کی اردن کے شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین اور عوام کو یومِ آزادی پر مبارکباد

پاکستان اور اردن کے درمیان برادرانہ تعلقات آنے والے سالوں میں مزید مضبوط ہوں گے، صدر کی یقین دہانی

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری نے اردن کے شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین اور اردن کے برادر عوام کو یومِ آزادی پر مبارکباد دیتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان اور اردن کے درمیان باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ اقدار پر مبنی خوشگوار اور دیرینہ تعلقات قائم ہیں اور دونوں ممالک وسیع تر علاقائی اور بین الاقوامی امور پر قریبی مفاہمت اور ہم آہنگی رکھتے (بقیہ نمبر 20)

آن لائن سرمایہ کاری فراڈ، غیر ملکی ملزمان کے جسمانی ریمانڈ میں 10 روز کی توسیع

اسلام آباد (این این آئی) آن لائن ایپلیکیشن کے ذریعے کروڑوں روپے سرمایہ کاری فراڈ کیس میں گرفتار غیر ملکی باشندوں کے جسمانی ریمانڈ میں توسیع کر دی گئی۔ 7 روزہ جسمانی ریمانڈ مکمل ہونے پر ملزمان کو ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹس اسلام آباد میں پیش کیا گیا۔ جوڈیشل مجسٹریٹ (بقیہ نمبر 21)

چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد سعید کوتر پیلا پانچویں توسیعی پن بجلی منصوبے پر بریفنگ دی جا رہی ہے۔

ملزمہ اموں کو عدالت میں پیش کرنا عوام کیلئے خطرہ ہے، سپرنٹنڈنٹ جیل کی رپورٹ

کراچی (این این آئی) سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل فار ویمن نے اموں عرف پنکی کے خلاف منشیات برآمدگی اور قتل کیسز کی رپورٹ مختلف عدالتوں میں پیش کر دی۔ رپورٹ میں کہا گیا کہ ملزمہ اموں عرف پنکی کو عدالت میں پیش کرنا عوام کے لیے خطرہ ہے، ملزمہ ہائی پروفائل ہے جس کی وجہ سے فزیکلی عدالت میں پیش نہیں کیا جاسکتا۔ سپرنٹنڈنٹ سینٹرل جیل فار ویمن نے رپورٹ میں (بقیہ نمبر 25)

5 سزا یافتہ قیدیوں کی اپیلوں کے تمام مقدمات نمٹا دیے گئے

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ آف پاکستان نے 5 سزا یافتہ قیدیوں کی اپیلوں پر سماعت کرتے ہوئے تمام مقدمات نمٹا دیے۔ چیف جسٹس پاکستان یحییٰ آفریدی اور جسٹس گل حسن اورنگزیب پر مشتمل 2 رکنی بینچ نے سماعت کی۔ دورانِ سماعت ایڈووکیٹ (بقیہ نمبر 27)

پاکستان ریلوے نے انجنوں کی جزوی تیاری کی ٹیکنالوجی حاصل کر لی

لوکوموٹیو فیکٹری رسالپور میں مختلف اقسام کے لوکوموٹیو جزوی طور پر تیار کر لئے گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے مختلف انجنوں کی جزوی تیاری کی ٹیکنالوجی حاصل کر لی۔ لوکوموٹیو فیکٹری رسالپور میں ٹیکنالوجی کی منتقلی کا عملی مظاہرہ کیا گیا، رسالپور میں مختلف اقسام کے لوکوموٹیو جزوی طور پر تیار کر لئے گئے۔ رسالپور فیکٹری سالانہ 25 لوکوموٹیو تیار کرنے کی صلاحیت کی حامل ہے، رسالپور فیکٹری ریلوے کے لیے 16 لوکوموٹیو کی جدید کاری میں مصروف ہے۔ کیرج فیکٹری اسلام آباد میں تیز رفتار مسافر کوچز کی تیاری کا بھی آغاز (بقیہ نمبر 26)

بجٹ میں عوام کو اچھا ریلیف پیکج ملے گا، تیار ہو رہا ہے: رانا ثناء اللہ

کوئی ایسی ترمیم زیر غور نہیں، جس میں نوجوان نسل سے ووٹ کا حق چھینا جائے، فیصل آباد میں گفتگو

فیصل آباد (این این آئی) مشیر وزیراعظم سینیٹر رانا ثناء اللہ نے کہا ہے کہ کوئی ایسی ترمیم زیر غور نہیں، جس میں نوجوان نسل سے ووٹ کا حق چھینا جائے۔ میڈیا گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بجٹ میں عوام کے لیے اچھا ریلیف پیکج تیار ہو رہا ہے۔ رانا ثناء اللہ نے کہا کہ پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت پوری دنیا کو امن دینے کے لیے کوشاں ہے۔ انہوں نے کہا کہ پوری دنیا امن کے لیے اس خطے کی طرف دیکھ رہی ہے۔ (بقیہ نمبر 28)

عید اور چارجنگ نہ کی جائے ہلڑبازی، ویلنگ پر سخت کارروائی ہوگی: عظمیٰ بخاری

نوزائیدہ بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں تاکہ پولیو کا مکمل خاتمہ ہو سکے، فوکل پرسن برائے انسداد پولیو

میانوالی (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی فوکل پرسن برائے انسداد پولیو عظمیٰ کاردار نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف ذاتی طور پر گراس روٹ لیول پر انسداد پولیو پروگرام کو مانیٹر کر رہی ہیں وہ پیر کے روز اپنے دورہ میانوالی کے موقع پر ڈی سی آفس کے میٹنگ روم میں میڈیا سے گفتگو کر رہی تھیں انہوں نے کہا ہیکہ نوزائیدہ بچوں کو پولیو کے قطرے ضرور پلائیں تاکہ پولیو (بقیہ نمبر 29)

لاہور: وزیر خزانہ مجتبیٰ شجاع الرحمن ایکسپو سنٹر میں پی این آئی اے کے زیر اہتمام پاک چائنہ سفارتی تعلقات کے 75 سالہ جشن کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں۔

ایف آئی اے کی کراچی ایئرپورٹ پر کارروائی، آذربائیجان جانے والا مسافر گرفتار

اسلام آباد (این این آئی) فیڈرل انویسٹی گیشن ایجنسی (ایف آئی اے) امیگریشن نے کراچی کے جناح انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر کارروائی کرتے ہوئے آذربائیجان جانے والے مسافر کو گرفتار کر لیا۔ ترجمان ایف آئی اے کے مطابق ملزم کو جعلی سفری دستاویزات اور غیر قانونی امیگریشن کے شبہے میں آف لوڈ کیا۔ ایف آئی اے حکام (بقیہ نمبر 30)

پنجاب پولیس اور یو این او ڈی سی کے درمیان فنانشل کرائم کے خاتمے کے لیے تعاون بڑھانے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے اقوام متحدہ کے ادارہ برائے ڈرگز اینڈ کرائم UNODC کے ایڈوائزر برائے کریمنل جسٹس ولیگل ریفارمز ارسلان ملک نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ اس موقع پر ڈی آئی جی ٹریننگ منیر احمد ضیاء راؤ بھی موجود تھے۔ ملاقات کے دوران آئی جی پنجاب نے فنانشل کرائم کے خاتمے کے لیے (بقیہ نمبر 31)

سیکرٹری توانائی پنجاب محمد اجمل بھٹی کی ڈینش وفد سے ملاقات

صنعتی شعبے میں توانائی بچت، گرین انرجی ٹرانزیشن اور ماڈل انرجی ایفیشنسی زونز کے قیام پر اتفاق

لاہور (این این آئی) سیکرٹری توانائی پنجاب محمد اجمل بھٹی سے ڈینش وفد کی اہم ملاقات میں گورنمنٹ ٹو گورنمنٹ اسٹریٹجک سیکٹر کوآپریشن فریم ورک کے تحت شراکت داری گرین انرجی ٹرانزیشن، صنعتی توانائی بچت اور پائیدار ترقی کے فروغ بارے تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ نمبر 12)

علیمہ خان کا بیرسٹر گوہر اور سہیل آفریدی پر بغیر بتائے محسن نقوی سے ملاقات کا الزام

کوئٹہ (این این آئی) بانی چیئرمین کی بہن علیمہ خان نے بیرسٹر گوہر اور سہیل آفریدی پر بغیر بتائے محسن نقوی سے ملاقات کا الزام لگا (بقیہ نمبر 11)

محکمہ داخلہ میں کابینہ کمیٹی برائے امن وامان کا 53 واں اجلاس

کوئٹہ بم دھماکے میں قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب میں کابینہ کمیٹی برائے امن وامان کا 53 واں اجلاس منعقد ہوا جس کی صدارت صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی خواجہ سلمان رفیق نے کی۔ صوبائی وزیر و کوچیئرمین بلال یاسین اجلاس میں شریک ہوئے جبکہ صوبائی وزیر بلال اکبر خان نے ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے صوبہ بھر میں امن وامان کی مجموعی صورتحال بارے بریفنگ دی۔ اجلاس میں کوئٹہ بم دھماکے میں قیمتی انسانی (بقیہ نمبر 17)

چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ر) محمد سعید کا تربیلا ڈیم کا دورہ

پانچویں توسیعی منصوبے پر پیش رفت کا جائزہ، چوتھے توسیعی منصوبے کی لو لیول آٹ لٹ کی ٹیسٹنگ کا بھی مشاہدہ کیا

لاہور (این این آئی) چیئرمین واپڈا لیفٹیننٹ جنرل (ریٹائرڈ) محمد سعید نے تربیلا ڈیم کا دورہ کیا۔ چیئرمین واپڈا نے اپنے دورے میں تربیلا پانچویں توسیعی پن بجلی منصوبے پر تعمیراتی پیش رفت کا جائزہ لیا، تربیلا چوتھے توسیعی پن بجلی منصوبے کی لو لیول آٹ لٹ Low Level Outlet کی ٹیسٹنگ اور کمیشننگ کا مشاہدہ کیا۔ چیئرمین ارسا امجد سعید، ارسا کی تکنیکی کمیٹی کے ارکان، ممبر واٹر واپڈا اور ممبر پاور واپڈا بھی دورے میں ان کے ہمراہ تھے۔ تربیلا پانچویں توسیعی پن (بقیہ نمبر 18)

فیصل آباد: وزیر بلدیات ذیشان رفیق فیصل آباد میں ستھرا پنجاب کے ایک کیمپ کا دورہ کر رہے ہیں۔

پاک چائنا تعلقات کی اصل خوبصورتی عوامی روابط ہیں: مجتبیٰ شجاع الرحمن

پاکستان اور چین کا تعلق محض سفارتی نہیں اعتماد، قربانی اور مشترکہ ترقی کی ایک لازوال داستان ہے

لاہور (این این آئی) پاکستان اور چین کے مابین سفارتی تعلقات کے 75 سال مکمل ہونے پر آج ایکسپو سینٹر لاہور میں پنجاب پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی کے زیر اہتمام رنگا رنگ تقریب منعقد کی گئی جس میں وزیر خزانہ پنجاب مجتبیٰ شجاع الرحمان نے وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کی نمائندگی کی جبکہ چینی سفارت خانے کی جانب سے قونصل جنرل سن یان نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب کے دیگر شرکاء میں (بقیہ نمبر 33)

لاہور: ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرام شیخ شیڈو بجٹ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں، انکے ہمراہ ذکی اعجاز، ایس ایم تنویر، ڈاکٹر کوہرا اعجاز، احد نواز سکھیرا اور دیگر بھی موجود ہیں۔

پنجاب فوڈ اتھارٹی کی بڑی کارروائیاں، ہزاروں کلو بیمار و مردہ مرغیاں اور ایکسپائر اشیا تلف

ٹولنٹن مارکیٹ اور پیکو روڈ پر آپریشن، 31 فوڈ یونٹس کی چیکنگ، ایک مقدمہ درج اور لاکھوں روپے جرمانے

لاہور (این این آئی) پنجاب فوڈ اتھارٹی نے کارروائیوں کرتے ہوئے 3 ہزار 75 کلو بیمار اور مردہ مرغیاں، 2 من سے زائد ایکسپائر اشیاء تلف کر دیں، 31 فوڈ یونٹس، چکن شاپس، گودام اور سپلائرز کی چیکنگ، 1 مقدمہ درج، سابقہ ہدایات پر عملدرآمد نہ ہونے پر 2 لاکھ 83 ہزار کے جرمانے عائد کیے گئے۔ ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا کے حکم پر ٹولنٹن مارکیٹ اور پیکو روڈ پر آپریشن کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ گودام سے ایکسپائر کارن فلور، مصالحے، مصنوعی (بقیہ نمبر 32)

ایف پی سی سی آئی نے آئندہ سال 27-2026 کا شیڈو بجٹ پیش کر دیا

شیڈو اکنامک سروے، ٹیکس پالیسی اینڈ ایڈمنسٹریشن ریفارمز اور پانچ سالہ ڈویلپمنٹ پلان پیش کیا ہے، عاطف اکرام شیخ

لاہور (این این آئی) فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس اینڈ انڈسٹری کی جانب سے پاکستان کی پہلی شیڈو پالیسی دستاویزات پیش کر دی گئیں۔ تقریب میں ایف پی سی سی آئی کے صدر عاطف اکرام شیخ، ریجنل چیئرمین و نائب صدر ذکی اعجاز، یونائیٹڈ بزنس گروپ کے سرپرستِ اعلیٰ ایس ایم تنویر، اکنامک پالیسی اینڈ بزنس ڈویلپمنٹ تھنک ٹینک کے (بقیہ نمبر 34)

پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی نے آرٹی فیشل انٹیلی جنس میں عالمی کامیابی حاصل کر لی

اتھارٹی کو اے آئی مینجمنٹ سسٹم میں پاکستان کا پہلا پبلک سیکٹر سرٹیفائڈ ادارہ قرار دیدیا گیا

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن ڈیجیٹل پنجاب کے تحت پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کی آرٹی فیشل جنس کے شعبے میں عالمی کامیابی کامیاب ملی ہے، پنجاب سیف سٹیز اتھارٹی کو اے آئی مینجمنٹ سسٹم میں پاکستان کا پہلا پبلک سیکٹر سرٹیفائڈ ادارہ قرار (بقیہ نمبر 37)

مارگلہ پہاڑیوں پر آگ بھڑکنے سے تمام ہائیکنگ ٹریلز عارضی طور بند

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی دارالحکومت کی مارگلہ پہاڑیوں میں ایف 5 سیکٹر کے قریب آگ بھڑک اٹھی جس کے بعد ضلعی انتظامیہ نے تمام ہائیکنگ ٹریلز عارضی طور پر بند کر دیے۔ ذرائع کے مطابق آگ نے مارگلہ پہاڑیوں کے 3 مختلف مقامات کو اپنی لپیٹ میں لے لیا (بقیہ نمبر 35)

جامعات کو ایم فل، پی ایچ ڈی ٹیسٹ کروانے کیلئے ایک سال کی چھوٹ مل گئی

کراچی (این این آئی) ملک بھر کی سرکاری اور نجی جامعات کو ایک برس کیلئے ایم فل اور پی ایچ ڈی ٹیسٹ کروانے کی چھوٹ مل گئی۔ (بقیہ نمبر 36)

کمشنر لاہور، ڈپٹی کمشنر کا شاہ پور کانجراں مویشی منڈی کا دورہ، سہولیات کا تفصیلی جائزہ

شہریوں اور بیوپاریوں کے لیے انتظامات مکمل، تمام کیمپس میں سہولیات کی فراہمی یقینی بنانے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) کمشنر لاہور مریم خان اور ڈپٹی کمشنر لاہور کیپٹن (ر) علی اعجاز نے لاہور کی سب سے بڑی مویشی منڈی شاہ پور کانجراں کا دورہ کیا۔ کمشنر لاہور نے حکومتی ہدایات کے مطابق شہریوں، بیوپاریوں اور قربانی کے جانوروں کیلئے فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ کمشنر لاہور نے شاہ پور کانجراں مویشی منڈی میں قائم لائیو سٹاک، میڈیکل، ایل ڈبلیو ایم سی، ریسکیو و دیگر کیمپس کا دورہ کیا۔ انہوں نے منڈی میں سایہ، بجلی، پانی، واش رومز، پینے کے پانی و دیگر (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں ڈویژنل سٹریٹجک ریزرو مینجمنٹ کمیٹیز قائم کرنے کی منظوری

کمیٹیاں غیر قانونی خریداری، ذخیرہ اندوزی، غیر مجاز نقل وحمل روکنے کی ذمہ دار ہونگی

لاہور (این این آئی) پنجاب میں ڈویژنل سٹریٹجک ریزرو مینجمنٹ کمیٹیز قائم کرنے کی منظوری دے دی گئی۔ ہر ڈویژن میں کمشنر کمیٹی کے کنوینر جبکہ ڈپٹی کمشنرز شریک کنوینر ہوں گے، ڈپٹی ڈائریکٹر فوڈ، ڈائریکٹر ایگریکلچر، ضلعی فوڈ کنٹرولرز اور بینک نمائندگان بھی کمیٹیوں میں شامل ہیں۔ کسان، فلور ملز اور لائسنس یافتہ کمیشن ایجنٹس کے نمائندوں کو بھی کمیٹیوں کا حصہ بنایا جائے گا، (بقیہ نمبر 24)

کوئٹہ، جائیداد کے تنازع پر فائرنگ، 5 افراد قتل

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے علاقے چکی شاہوانی میں جائیداد کے تنازع پر 5 افراد کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس کے مطابق چکی شاہوانی میں جائیداد کے تنازع پر فائرنگ کر کے 1 ہی خاندان کے 5 افراد کو قتل کر دیا گیا۔ پولیس نے (بقیہ نمبر 23)

لاہور: سیکرٹری سپورٹس فضل الرحمٰن پنجاب میں سپورٹس کی ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مستقبل کے معماروں کی شعوری اور فکری تربیت کا ذمہ دار کون؟

موجودہ دور میں ناگزیر ہے کہ والدین اور اساتذہ نہ صرف بچوں پر بھرپور توجہ دیں بلکہ ان کی رہنمائی میں ہر طرح سے ان کی مدد کریں تاکہ ان کی صلاحیتیں زیادہ نکھر کر سامنے آسکیں



عائشہ بتول

دنیا کی سبھی قوموں کا قیمتی سرمایہ ''بچے'' ہوا کرتے ہیں۔ اگر اس وقت وہ ''گود کا کھلونا'' ہیں تو آگے چل کر وہی مستقبل کے معمار بنیں گے۔ ماں کی گود بچے کی درسگاہ اول ہے۔ اسی عظیم درسگاہ سے وہ اخلاق حسنہ، اطاعت و فرمانبرداری اور دنیا میں زندگی گزارنے کے سلیقے، ڈھنگ اور طور طریقے لے کر معاشرے کا حصہ بنتا ہے۔ بچوں کو کامیاب اور اچھا انسان بنانے کے حوالے سے ہم اپنے بڑے بوڑھوں سے یہ مشہور ضرب المثل سنتے آئے ہیں کہ'' دو سونے کا نوالہ اور دیکھ شیر کی نگاہ سے

''لیکن سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ سائنس اور کمپیوٹر ٹیکنالوجی کے اس جدید دور میں کیا یہ قدیم محاورے آج بھی ویسے ہی پراثر اور سچے ہیں جیسے صدیوں سے سمجھے جاتے رہے ہیں؟ کیا بچوں میں ہماری اقدار روایات اور قواعد وضوابط کی پابندی زیادہ نمایاں نظر آنی چاہیے؟ یا پھر کمپیوٹر اور دیگر شعبہ جات زندگی میں مہارت ہمارے بچوں کی امتیازی خصوصیات ہونی چاہئیں؟ حقیقت یہ ہے کہ اس بارے میں شاید ہمارے اپنے ذہنوں میں کوئی واضح خانہ نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اپنے بچوں کو غیر واضح غیر متوازن اور بے مقصد مستقبل کی طرف دھکیل رہے ہیں۔

آج کے جدید باپ کی عام تصویر یہ ہے کہ اس کے پاس ایک اچھی اور مضبوط ملازمت ہے۔ وہ اپنے خاندان کو زیادہ سے زیادہ مالی طور پر آسودہ حال دیکھنا چاہتا ہے اور اس نے دن رات ایک کر رکھا ہے لیکن بچوں کیلئے اس کے پاس وقت نہیں ہے جبکہ ملازمت پیشہ ماں کا یہ حال ہے کہ وہ چاہتی ہے کہ اس کے بچوں کو جدید دور کی تمام سہولتیں حاصل ہوں۔ معیار زندگی زیادہ سے زیادہ بلند ہو اور اس کے بچے اچھے اور مہنگے اسکولوں میں تعلیم حاصل کریں چنانچہ اس دوڑ دھوپ میں اس کا بھی زیادہ وقت گھر سے باہر ہی گزرتا ہے اس میں کوئی شک نہیں کہ بچوں کو اچھے سکولوں میں تعلیم دلانے اور ان کی مادی ضروریات کی تکمیل کیلئے مالی اور معاشی استحکام ضروری چیز ہے لیکن کیا والدین کی ذمہ داریاں اور فرائض صرف یہاں تک ہی محدود ہیں؟

کیا اس بات کی ضمانت دی جاسکتی ہے کہ مہنگی تعلیم دلانے سے وہ ہمیشہ کامیاب اور اچھے انسان بنیں گے؟ افسوس کی بات یہ ہے کہ ہم میں سے اکثریت کے پاس سوچنے کیلئے اتنا بھی وقت نہیں رہا۔ بچوں کے بعض ماہرین نفسیات کی رائے میں وہ بچے جو عام اسکولوں میں پڑھتے ہیں لیکن انہیں والدین کی خصوصی توجہ حاصل ہے ایسے حالات میں انہیں والدین کی خصوصی توجہ کی ضرورت پہلے دور کے مقابلے میں کہیں زیادہ بڑھ گئی ہے اور وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ بچوں کی بہتر تعلیم و تربیت اور انہیں نظم وضبط اور قواعد وضوابط سکھانے کیلئے مناسب سرزنش یا ڈانٹ ڈپٹ بھی ضروری ہے۔ انہیں اچھائی اور برائی کی تمیز سکھانی پڑتی ہے اور اس کیلئے کچھ اصولوں کا تعین کرنا اور انہیں خصوصی وقت دینا پڑتا ہے۔ صرف مہنگے یا اچھے اسکولوں میں داخلے دلوا کر یا ان کی دیگر مادی ضروریات کی تکمیل کر کے والدین ان کی تمام ذمہ داریوں سے بری الذمہ قرار نہیں دیئے جاسکتے۔ ہمیں اس بات پر غور کرنا پڑے گا کہ اس روش سے کہیں ہم اپنے بچوں کو زندگی کے اصل مقصد سے دور تو نہیں لے جا رہے؟ اور کیا اس طریق کار سے بچوں کی بہتر شخصیت سازی ہونا اور انہیں ایک اچھا انسان بنانا ممکن ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ موجودہ وقت اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ جس قدر ہو سکے والدین نہ صرف بچوں کو اپنا وقت دیں بلکہ ان کی رہنمائی میں ہر طرح سے ان کی مدد کریں تاکہ ان کی شعوری اور فکری صلاحیتیں زیادہ نکھر کر سامنے آسکیں۔ بچوں کی ایک معروف سائیکاٹرسٹ کا کہنا ہے کہ مادی خوشیوں کی اس چوہا دوڑ میں والدین کی اکثریت ذہنی اور جسمانی طور پر اس قدر مصروف رہتی ہے کہ وہی بچے ان کی توجہ سے محروم رہتے ہیں جن کیلئے وہ ساری محنت اور جدوجہد کر رہے ہوتے ہیں۔ ان کے پاس اتنا وقت ہی نہیں بچتا کہ وہ اپنے بچوں کی مصروفیات مسائل اور دلچسپیوں اور مشاغل وغیرہ کے بارے میں جان سکیں۔ چنانچہ لازمی طور پر بچے نہ صرف اچھائی اور برائی کے تصور سے آگہی حاصل نہیں کر پاتے بلکہ کامیاب شخصیت کی تعمیر کیلئے دیگر کئی بنیادی اور انتہائی ضروری چیزوں سے بھی ناواقف رہتے ہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر کوئی ماں اپنے بچے کو صحت کے بنیادی اصول معاشرتی ادب و آداب لحاظ و مروت بڑوں کی عزت و تکریم چھوٹوں سے محبت جیسی بنیادی باتیں نہیں سکھاتی تو اس کا بچہ کبھی بھی ایک اچھا انسان نہیں بن سکتا۔ ایسا بچہ جسے اس کے ماں باپ نے یہ ساری باتیں سکھائی ہوں وہ اختلافی معاملات میں بڑوں سے ناراضگی اور چڑچڑے پن کا مظاہرہ تو کر سکتا ہے لیکن وہ گستاخی کی حد تک نہیں اترتا۔ ایک عام گلی کے بچے اور شرفا کے بچوں میں یہی اصل فرق ہوتا ہے یہی وہ اہم نکتہ ہے جسے والدین کو اچھی طرح ذہن نشین کر لینا چاہیے۔ بہت چھوٹی عمر ہی سے بچوں کو ان کے کیریئر کے بارے میں اعتماد میں لیں انہیں بتائیے کہ اگر کوئی ڈاکٹر انجینئر جج پروفیسر وغیرہ بننا چاہتا ہے تو اسے قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ بچوں کے معاملے میں اس طرح فیصلے کیا کریں کہ بچوں کو فیصلے میں شرکت کے ساتھ اپنے بااختیار ہونے کا بھی احساس ہو۔ وہ چاہتے ہیں کہ ان سے بھی بڑوں جیسا سلوک اور رویہ اختیار کیا جائے۔ آپ کا کمال یہ ہے کہ ان سے متعلق کوئی بھی فیصلہ کرتے وقت آپ انہیں محسوس نہ ہونے دیں کہ کوئی فیصلہ ان پر مسلط کیا جا رہا ہے ورنہ بچوں میں غصہ ناراضگی اور اعتماد کی کمی جیسی چیزیں پیدا ہونے لگتی ہیں جو بہت زیادہ بڑھ جائیں تو بچوں میں کئی نفسیاتی پیچیدگیوں کا باعث بن سکتی ہیں۔ والدین کا کام ہے کہ بچوں کی سرگرمیوں پر ہمیشہ نظر رکھیں اور اگر ان میں کوئی ایسی منفی سرگرمی کو پروان چڑھتا دیکھیں تو فوراً اس کی روک تھام کریں۔ بچوں کی تربیت اس نہج پر ہونی چاہیے کہ ان کی دلچسپیوں کا محور تعمیری اور مثبت سرگرمیاں ہوں یہ بات والدین کے ذہن میں ذہنی چاہیے کہ شیر خوار بچے کے مقابلے میں چھ سات برس کے بچے پر کہیں زیادہ توجہ دینے اور نظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اس عمر کا بچہ سوچنے اور محسوس کرنے کی واضح صلاحیت رکھتا ہے۔

بچوں کی تربیت اس نہج پر ہونی چاہیے کہ ان کی دلچسپیوں کا محور تعمیری اور مثبت سرگرمیاں ہوں یہ بات والدین کے ذہن میں رہنی چاہیے کہ شیر خوار بچے کے مقابلے میں سات آٹھ برس کے بچے پر کہیں زیادہ توجہ دینے اور نظر رکھنے کی ضرورت ہوتی ہے کیونکہ اس عمر کا بچہ سوچنے اور محسوس کرنے کی واضح صلاحیت رکھتا ہے۔

پاکستان کا نظام تعلیم عدم توجہی کا شکار

حکومت کے پست تعلیمی نظام کی وجہ سے ہی غریب اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم نہیں دلا سکتے ہر دور میں تعلیمی پالیسیاں مرتب کی جاتی ہیں مگر ان پر عمل درآمد نہیں ہوتا

ابو محمد

دنیا کا کوئی معاشرہ ایسا نہیں ہے جس میں تعلیمی ادارے نہ ہوں تعلیم کے ذریعے ہی دو نسلوں کے درمیان تعلق پیدا ہوتا ہے۔ اور پرانی ثقافت نئی ثقافت تک پہنچتی ہے۔ تعلیمی ادارے نہ صرف ہمیں معاشرے میں مختلف روزگار دینے میں معاون ثابت ہوتے ہیں بلکہ مختلف ہنر سے بھی آراستہ کرتے ہیں۔ انہیں اداروں کی بدولت کوئی ڈاکٹر بن جاتا ہے تو کوئی انجینئر اور کوئی معلم بن جاتا ہے۔ پاکستان کو بنے ہوئے 70 سال ہونے کو ہیں مگر ہماری خواندگی کی شرح سو فیصد نہ ہو سکی۔ ہر نئی حکومت سکول کالج تو تعمیر کر دیتی ہے مگر معیار تعلیم کو بہتر بنانے پر کوئی توجہ نہیں دیتی۔ پاکستان کا نظام تعلیم عدم توجہی کا شکار ہے اس نظام کی سب سے بڑی خامی یکساں تعلیمی نظام کا نہ ہونا ہے۔ جس کی وجہ سے ہر صوبے کی الگ الگ نصابی کتب اور الگ الگ تعلیمی معیار ہے۔ پورے ملک میں یکساں نصاب تعلیم رائج کر دیا جائے تو اس سے بھی بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں۔ گورنمنٹ کے پست نظام تعلیم کی وجہ سے ہی غریب اپنے بچوں کو اعلیٰ تعلیم نہیں دلا سکتے ہر دور میں تعلیمی پالیسیاں مرتب کی جاتی ہیں مگر ان پر عمل درآمد نہیں ہوتا۔ اور آج تعلیم کی صورت حال یہ ہے کہ سب کو تعلیم دستیاب نہیں ہے۔ اور معیار تعلیم بھی بہت کم ہے۔ تعلیم ایسی ہونی چاہیے جو معاشرے کے سبھی طبقات کے لئے یکساں دستیاب ہو۔ یونیسف کی رپورٹ کے مطابق پاکستان میں 6 کروڑ سے زائد بچے پرائمری اور 2 کروڑ سے زائد بچے سیکنڈری لیول کی تعلیم سے بھی محروم ہیں۔ اقوام متحدہ کے ادارے یونیسکو کے مطابق پاکستان میں شرح خواندگی میں کمی واقع ہو رہی ہے۔ اور 67 لاکھ بچے سکول جانے کی عمر ہونے کے باوجود سکول نہیں جا رہے۔ یہ بچے یا تو گھروں میں ہی ہیں یا پھر چائلڈ لیبر کا حصہ ہیں۔ رپورٹ میں یہ بھی بتایا گیا کہ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 59% بچے سکول داخل ہوتے ہیں لیکن کچھ عرصے بعد ہی سکول جانا چھوڑ دیتے ہیں۔ دنیا کے دیگر ممالک میں تعلیمی اخراجات دفاع سے بھی زیادہ ہیں۔ سارک کے خطے میں انڈیا، بنگلہ دیش اور سری لنکا پاکستان سے آگے ہیں۔ یونیسکو کی ایجوکیشن فار آل گلوبل مانیٹرنگ رپورٹ کے مطابق پاکستان کے 5.3 ملین بچے سکول ہی نہیں جاتے جو دنیا کے سکول سے باہر بچوں کا 9.25 % ہیں اسی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ پاکستان کے 49 ملین بالغ افراد لکھنا پڑھنا تک نہیں جانتے۔ یعنی کہ دنیا کہ 30.6 % بالغ ناخواندہ افراد کا تعلق پاکستان سے ہے۔ تعلیم کسی بھی ملک کی معاشی ترقی میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ پاکستان کی تعلیمی حالت ابتری کا شکار ہے۔ پرائیویٹ تعلیمی ادارے غریب کی پہنچ سے بہت باہر ہیں۔ پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں جو تعلیم دی جاتی ہے ویسا ہی تعلیمی نظام اگر گورنمنٹ کے تعلیمی اداروں میں بھی رائج ہو جائے تو شاید اس سے تعلیمی نظام بہتر ہو سکے۔ ہر والدین کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ وہ اپنے بچوں کو بہترین معیار تعلیم دے سکیں جو کہ ان مہنگے پرائیویٹ تعلیمی اداروں کے اخراجات کی وجہ سے ممکن ہی نہیں ہے۔ جنوبی افریقا کے انقلابی رہنما نیلسن منڈیلا نے کہا تھا کہ تعلیم ایک ایسا طاقت ور ہتھیار ہے جس کے ذریعے آپ دنیا بدل سکتے ہیں۔ کیا محض اینٹوں اور سیمنٹ سے بنی ہوئی عمارتیں ہمیں اچھے ڈاکٹرز، انجینئرز، سائنسدان، سکالرز اور سب سے بڑھ کر اچھے انسان دے سکتی ہیں۔؟ ہمیں سکولوں کالجوں کی تعداد میں ہی اضافہ نہیں کرنا بلکہ تعلیم کے معیار کو بھی بہتر بنانا ہے تبھی ہم آگے بڑھ کر ترقی کر سکتے ہیں۔ آٹھ جماعتیں پاس کر کے ایک فرد خط تو لکھ پڑھ سکتا ہے مگر نئے دور کے تقاضوں کو کبھی پورا نہیں کر سکتا۔ ہم نقل کر کے امتحان میں کامیابی تو حاصل کر سکتے ہیں لیکن زندگی کی دوڑ میں بہتر مقام اور ٹیکنالوجی سے کبھی استفادہ حاصل نہیں کر سکتے۔ خدارا نظام تعلیم پر توجہ دیں۔ جس ملک میں تعلیم نہ ہو وہ ملک کبھی ترقی نہیں کر سکتا۔ اگر ہمارا نظام تعلیم درست ہو جائے تو ہمارے ملک کے بہت سے مسائل حل ہو جائیں۔ کیونکہ ہماری نوجوان نسل ذہین اور زرخیز مٹی کی مانند ہے

تعلیمی نظام کی سب سے بڑی خامی یکساں تعلیمی نظام کا فقدان ہے، جس کی وجہ سے ہر صوبے کی الگ الگ نصابی کتب اور الگ الگ تعلیمی معیار ہے، پورے ملک میں یکساں نصاب تعلیم رائج کر دیا جائے تو اس سے بھی بہت سے مسائل حل ہو سکتے ہیں

سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 59% بچے سکول داخل ہوتے ہیں لیکن کچھ عرصے بعد ہی سکول جانا چھوڑ دیتے ہیں، دنیا کے دیگر ممالک میں تعلیمی اخراجات دفاع سے بھی زیادہ ہیں، سارک کے خطے میں بھارت، بنگلہ دیش اور سری لنکا تعلیمی شرح میں پاکستان سے آگے ہیں۔

مچھر، ہوں تب بھی مصیبت نہ ہوں تب بھی

دنیا بھر میں ہر سال لاکھوں انسانوں کی ہلاکت کا باعث بننے والے مچھروں کو برداشت کرنے کو تیار نہیں مگر یقین جانیے فطری نظام میں مچھروں کی موجودگی ناگزیر بھی ہے۔ مچھروں سے پیار کرنا تو دور کی بات انہیں برداشت کرنے کو بھی کوئی تیار نہیں ہوتا۔ ظاہر ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مچھروں کی وجہ سے ہر سال لاکھوں انسان لقمہ اجل بن جاتے ہیں۔ خون چوسنے والا یہ طفیلیہ حیران کن، دلچسپ اور متنوع زندگی کا حامل ہے۔ مچھروں کی اسپیشیز کے ڈھانچے ایک سو ملین سال پرانے دریافت ہو چکے ہیں، یعنی زمین پر ڈائنوسارز کی موجودگی سے بھی قبل یہ کیڑا موجود تھا۔ ممکنہ طور پر زمین پر ایک بڑے سیارچے یا خلائی چٹان کے ٹکرانے کی وجہ سے زمین پر زیادہ تر زندگی ختم ہو گئی تھی اور ڈائنوسارز بھی اسی واقعے کی وجہ سے صفحہ ہستی سے مٹ گئے تھے۔ دنیا میں پائے جانے والے حشرات میں مچھروں کو سب سے زیادہ انسانی ہلاکتوں کا ذمہ دار قرار دیا جاتے ہیں، جن میں خصوصی طور پر بچے ان کا نشانہ بنتے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق سن 2015 میں ملیریا وائرس کی حامل مچھروں کی قسم انوفیلیس گینبس چھ لاکھ انسانوں کی ہلاکت کا باعث بنی۔ اس کے علاوہ مچھر کتوں اور دیگر جانوروں کی ہلاکتوں میں بھی کلیدی کردار ادا کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ ایڈیس گینبس نامی مچھر پیلا بخار مغربی نیل وائرس، ڈینگی، چیکونگنیا اور زیکا وائرس پھیلاتے نظر آتے ہیں۔ سائنس دانوں کے مطابق زیکا وائرس بچوں کو خصوصی طور پر نشانہ بنانے والا یہ وائرس ان کے سر کے حجم کی کمی کا باعث بنتا ہے، جس کا نتیجہ مستقل ذہنی معذوری کی صورت میں نکلتا ہے۔ یہ بات بھی اہم ہے کہ مچھروں کی مجموعی طور پر کوئی 35 سو اسپیشیز ہیں۔ مچھر انٹارکٹیکا کے علاوہ دنیا کے ہر براعظم میں پائے جاتے ہیں اور انسانوں سمیت دیگر جانوروں کی مدد سے ایک مقام سے دوسرے مقام پر پہنچنے کے ساتھ ساتھ یہ خود بھی نہایت متحرک ہوتے ہیں۔ مچھروں کی کئی اقسام انسانوں کے ہمراہ دنیا کے ایک براعظم سے دوسرے براعظم تک پہنچی ہیں اور حالیہ کچھ دہائیوں میں اس قسم کی تبدیلی مقام میں خاصا اضافہ دیکھا گیا ہے۔ محققین کے مطابق گزشتہ 25 برسوں میں ایڈیس البوپیکٹس نامی مچھر یورپ کے 20 ممالک میں پھیلا اور اس کے پھیلاؤ میں زمینی درجہ حرارت میں اضافے نے اہم کردار ادا کیا۔ لیکن خاص بات یہ ہے کہ مچھر اس وقت تک اپنی جگہ تبدیل نہیں کرتے، جب تک انہیں اس کی اشد ضرورت نہ ہو۔ ڈنمارک کی آرہس یونیورسٹی سے منسلک ٹروپیکل بیماریوں کے امور کے پروفیسر اسکلڈ پیٹرسن کہتے ہیں، اگر آپ ایک ایسے مقام پر رہتے ہیں، جہاں مچھر موجود ہیں، تو یہ بات طے ہے کہ وہ خون کی تلاش میں دو کلومیٹر دور نہیں جائیں گے۔ وہ آپ سے کوئی دس میٹر دور جگہ کا انتخاب کریں گے۔ مچھروں کی حرکت کم فاصلے تک محدود ہوتی ہے، جو چند سو میٹر سے زیادہ کا نہیں ہوتا۔ اسی طرح ایک مچھر کی زندگی عمومی طور پر دو ہفتوں کے قریب ہوتی ہے۔ مچھروں کے پر ایک سیکنڈ میں قریب پانچ سو مرتبہ پھڑ پھڑاتے ہیں اور یہ مجموعی طور پر دو کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے سفر کر سکتے ہیں۔ صرف سالٹ مارش نامی مچھر خوراک کے حصول کے لیے ایک سو ستر کلومیٹر تک جا سکتا ہے۔ **(نر اور مادہ مچھروں میں فرق)** دیگر جانوروں اور حشرات کے مقابلے میں مچھروں میں نر اور مادہ کے درمیان فرق غیر معمولی ہے۔ صرف مادہ مچھر ہیں، جنہیں اپنے انڈوں کے لیے پروٹین کی ضرورت ہوتی ہے، جو خون سے پوری ہو سکتی ہے۔ مادہ مچھر ہی ہیں، جو کبھی کبھی اس عمل کے دوران وائرس کی حامل ہوں تو یہ وائرس انسانوں یا دیگر جانوروں میں منتقل ہوتا ہے۔ ان کے مقابلے میں نر مچھر خالصتاً سبزی خور ہوتے ہیں اور زیادہ تر پھولوں کے رس پر ہی گزارا کرتے ہیں۔ یہ بات البتہ واضح نہیں کہ کیا یہی وجہ ان نر مچھروں کی مادہ مچھروں کے مقابلے میں نصف عمر کا باعث ہے یا عمر کی کمی کی وجوہات دیگر ہیں۔ **(فطری نظام کے لیے لازم)** حشرات پر تحقیق کرنے والے انسٹیٹیوٹ فار ڈیولپمنٹ سے وابستہ فابریس چندرے کے مطابق، باقی کچھ بھی ہو۔ ایکوسسٹم یا فطری نظام میں مچھروں کے لیے جگہ موجود ہے۔ پانی میں رہنے والا یہ کیڑا ایک طرف تو یک خلوی اینجائی کی خوراک ہے اور ساتھ ہی مچھلیوں کی پسندیدہ غذا بھی ہے۔ اس کے علاوہ پرندوں، چمگادڑوں اور مکڑیوں کے لیے بھی یہ خوراک بنتے ہیں۔ دو سے دس ملی گرام کا یہ کیڑا ظاہر ہے، ایک مکمل خوراک تو نہیں بن سکتا، مگر مچھروں کی تعداد بہت ہے، سو ان مچھر خوروں کو ایک خوراک میں کئی مچھر درکار ہوتے ہیں۔ نر مچھر پودوں کی پولینیشن یا بارآوری کے عمل میں بھی نہایت اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سن 1939 میں ڈی ڈی ٹی ایجاد کیا گیا، تو اس کا ایک اہم مقصد یہ بھی تھا کہ دنیا سے مچھر ختم کر دیے جائیں۔ تاہم یہ طفیلیہ حالات سے مطابقت رکھنے اور ہر طرح کے زہر سے خود کو ہم آہنگ کر کے پہلے سے زیادہ قوت سے سامنے آتا ہے۔ یوں سمجھ لیجیے کہ یہ کہنا غلط نہیں ہوگا کہ ہمیں پسند ہوں یا نہ ہوں، ہم برداشت کریں یا نہ کریں، نہ تو مچھروں کے ساتھ رہا جا سکتا ہے اور نہ ان کے بغیر۔

جنوبی یورپ کو بدلتے موسم کا سامنا

رواں صدی کے اگلے برسوں میں جنوبی یورپ کے بعض مقامات کو شدید موسموں کا سامنا ہو سکتا ہے۔ مختلف شہروں اور قصبوں کو ان حالات میں خشک سالی، شدید بارشیں، زوردار گرمی اور ساحلی علاقوں میں سیلاب کی کیفیت پیدا ہونے کا امکان ہے۔ ماحولیات سے متعلق ایک نئی رپورٹ میں واضح کیا گیا ہے کہ رواں صدی کے وسط میں جنوبی یورپ کے بعض حصوں میں حیران کن موسمی تبدیلیوں کا امکان ہے۔ ان تبدیلیوں کی وجہ سے سال میں ایک مرتبہ مختلف علاقے خشک سالی، شدید بارشیں، زوردار گرمی اور ساحلی علاقوں میں سنگین سیلاب یا شدید گرم لو کا سامنا کر سکیں گے۔ رپورٹ کے مطابق ماضی میں یہ صورت حال ہر ایک صدی میں محض ایک مرتبہ دیکھی جاتی تھی لیکن مزید تین دہائیوں کے بعد ان میں تواتر پیدا ہونے کے قوی امکانات ہیں۔ یہ رپورٹ اٹلی کے صوبے واریسی کے ایک چھوٹے سے قصبے اسپرا میں قائم یورپی کمیشنز انسٹیٹیوٹ برائے ماحولیاتی استحکام کے موسم پر ریسرچ کرنے والے ماہرین نے مرتب کی ہے۔ اس ریسرچ رپورٹ کی قیادت اطالوی ریسرچر گیووانی فورزیری نے کی۔ فورزیری یورپی کمیشن کے انسٹیٹیوٹ سے وابستہ ہیں۔ انہوں نے اپنی رپورٹ کے مندرجات عام کرتے ہوئے کہا کہ یہ حکومتوں اور مختلف اداروں کے لیے ایک انتباہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ابھی وقت ہے لہٰذا حکومتوں اور اداروں کو حفاظتی اقدامات کا آغاز کر دینا چاہیے۔ شدید بارشوں سے شہر اور قصبے سیلاب سے متاثر ہو سکتے ہیں۔ گیووانی فورزیری نے ماحولیاتی تبدیلیوں کا اندازہ زمین کی بلند فضا کے بدلتے درجہ حرارت کے تناظر میں لگایا ہے کہ یہ کس طرح آباد حصوں کی قریبی فضائی ماحول کو متاثر کرتا ہے۔ ان کی رپورٹ کے مطابق تین دہائیوں کے دوران زمینی فضا کے درجہ حرارت میں دو سیلسیس یا 3.6 فارن ہیٹ کا اضافہ سردست یقینی دکھائی دیتا ہے۔ فورزیری کے مطابق یہ اضافہ زمین پر مایوس کن حالات پیدا کرنے کے لیے کافی ہے اور اس میں رکاوٹ صرف اسی صورت میں ممکن ہے کہ زمین کے باسی کتنی جلدی سبز مکانی گیسوں کے اخراج میں کمی لاتے ہیں۔ یورپین جیو سائنسز یونین کی سالانہ جنرل اسمبلی کے موقع پر اطالوی ریسرچر نے اپنی رپورٹ کو پیش کیا ہے۔

اس میں یورپی براعظم کے علاوہ مختلف ملکوں سے وفود شریک ہیں۔ تیرہ ہزار سے زائد سائنسدانوں کا تعلق ایک سو نو ملکوں سے ہے۔ کانفرنس کے دوران نو سو سے زائد موسمیاتی و ارضیاتی سائنسز کے سیشن ترتیب دیے گئے ہیں۔

صارفین کے ڈیٹا تک رسائی، مائیکروسافٹ کا امریکی حکومت پر مقدمہ

امریکی ادارے مائیکروسافٹ نے صارفین کے ڈیٹا تک رسائی کے معاملے پر امریکی حکومت کے خلاف ایک مقدمہ دائر کر دیا ہے۔ یہ مقدمہ ایسے صارفین کو باخبر کرنے کا حق دینے کے لیے قائم کیا گیا ہے جن کے ڈیٹا تک حکومت رسائی حاصل کرتی ہے۔ صارفین کی پرائیویسی کے معاملے پر امریکی ٹیکنالوجی اداروں اور حکومت کے درمیان کشمکش کی یہ تازہ کڑی ہے۔ ایک خبر رساں ادارے کے مطابق گزشتہ دنوں یہ مقدمہ دارالحکومت واشنگٹن کے مغربی ڈسٹرکٹ میں قائم ایک وفاقی عدالت میں دائر کیا گیا۔ اس مقدمے میں دلیل پیش کی گئی ہے کہ امریکی حکومت مائیکروسافٹ کمپنی کو ایسے صارفین کو مطلع کرنے سے روک کر آئین کی خلاف ورزی کر رہی ہے، جن کے ڈیٹا تک وہ تفتیشی مقاصد کے لیے رسائی حاصل کرتی ہے۔ مائیکروسافٹ کی خواہش ہے کہ ایسے ہزاروں صارفین کو وہ اس بات سے مطلع کرے جن کی ای میلز اور دیگر دستاویزات تک حکومتی ادارے رسائی کی درخواست کرتے ہیں۔ اس مقدمے کے مطابق ایسے حکومتی اقدامات دراصل آئین کی چوتھی ترمیم کی خلاف ورزی ہیں، جس کے مطابق لوگوں اور کاروباری اداروں کو یہ حق حاصل ہے کہ اگر حکومت ان کی پراپرٹی کی تلاشی لیتی ہے یا اسے ضبط کرتی ہے تو انہیں اس کی خبر ہونی چاہیے۔ اس کے علاوہ یہ آزادی اظہار کا حق دینے والی امریکی آئین میں پہلی ترمیم کی بھی خلاف ورزی ہے۔ مائیکروسافٹ کی طرف سے دائر کردہ یہ مقدمہ دراصل صارفین کے اپنے کمپیوٹرز پر موجود ڈیٹا کی بجائے ایسے ڈیٹا تک رسائی سے متعلق ہے جو ریموٹ سرورز پر موجود ہے۔ مائیکروسافٹ کے مطابق حکومت کے لیے ایسے الیکٹرانک ڈیٹا تک رسائی سے تفتیش کا ایک نیا راستہ کھل گیا ہے۔ مائیکروسافٹ کے مطابق حکومت کی طرف سے گزشتہ 18 ماہ کے دوران صارفین کے ڈیٹا تک رسائی کے 5,624 احکامات موصول ہوئے جن میں سے 2,576 کیسز میں مائیکروسافٹ کو اس بات سے روک دیا گیا کہ وہ مطلوبہ صارفین کو اس بات سے باخبر کر سکتی کہ حکومت کی طرف سے ان صارفین کے ڈیٹا تک رسائی کی درخواست کی گئی ہے۔ مائیکروسافٹ کے مطابق ایسے زیادہ تر احکامات کمپنیوں کی بجائے انفرادی لوگوں کے بارے میں ہیں۔ اس کے علاوہ اس بات کا کوئی وقت بھی مقرر نہیں کیا گیا جس کے بعد مائیکروسافٹ اپنے ایسے صارفین کو مطلع کر سکتی ہو۔ مائیکروسافٹ اور دیگر کمپنیوں نے دو برس قبل یہ حق حاصل کیا تھا کہ وہ حکومت کی طرف سے ڈیٹا تک رسائی فراہم کرنے کے لیے کی جانے والی درخواستوں کی کل تعداد کو عام کر سکتی ہیں۔ گزشتہ دنوں دائر کیے جانے والے مقدمے میں اب اس بات کا حق حاصل کرنے کی بات کی گئی ہے کہ ایسے لوگوں اور کاروباری اداروں کو باقاعدہ مطلع بھی کیا جا سکے کہ حکومت ان کی معلومات تک رسائی حاصل کرنا چاہتی ہے۔

بیلجیئم دو جوہری ری ایکٹرز عارضی طور پر بند کر دے، جرمنی

جرمن وزیر ماحولیات نے بیلجیم کی حکومت سے کہا ہے کہ وہ ان دو جوہری ریکٹرز کو عارضی طور پر بند کر دے، جن کے خراب ہونے کے امکانات ہیں۔ ایک خبر رساں ادارے نے جرمن وزیر ماحولیات باربرا ہینڈرکس کے حوالے سے بتایا ہے کہ برلن حکومت کو بیلجیم میں قائم ان دو ایٹمی پلانٹس پر تحفظات ہیں، جن میں حادثے کا شکار ہونے کے امکانات پائے جاتے ہیں۔ ہینڈرکس نے برسلز حکومت سے کہا ہے کہ جب تک ان ری ایکٹرز کی سکیورٹی سے متعلق تحفظات دور نہیں ہوتے، تب تک انہیں بند رکھا جائے۔ بیلجیم میں واقع ان پرانے ایٹمی ریکٹرز میں تکنیکی خرابیوں کی وجہ سے ہمسایہ ملک جرمنی میں تشویش پائی جاتی ہے۔ اس معاملے پر ان دونوں ممالک میں تناؤ کی کیفیت بھی دیکھی جا رہی ہے۔ جرمنی کی کوشش ہے کہ وہ توانائی کے متبادل ذرائع کو فروغ دے، اسی لیے برلن حکومت ایک قانون سازی کے تحت ملک کے تمام کمرشل ایٹمی ری ایکٹر کو 2022 تک بند کرنے کا فیصلہ کر چکی ہے۔ بیلجیم میں واقع Doel 3 اور Tihange 2 نامی دو جوہری پلانٹس کو سن 2012 میں اس وقت عارضی طور پر بند بھی کر دیا گیا تھا، جب معمول کی سروس چیکنگ میں اس میں کچھ تکنیکی خرابیاں نوٹ کی گئی تھیں۔ بیلجیم کی وفاقی ایجنسی برائے جوہری کنٹرول نے بعد ازاں عالمی ماہرین سے مشاورت اور تجزیات کے بعد نومبر میں انہیں دوبارہ فعال بنانے کا اعلان کیا تھا۔ تاہم جرمن وزیر ماحولیات کا اصرار ہے کہ ان ری ایکٹرز کی مزید چیکنگ کی ضرورت ہے۔ ہنڈرکس کے مطابق جرمنی کا آزادری ایکٹر سیفٹی کمیشن RSK تصدیق نہیں کر سکا ہے کہ کسی ممکنہ حادثے کے نتیجے میں ان دونوں جوہری پلانٹس کو مناسب طریقے سے بند کیا جا سکتا ہے۔ جرمن وزیر ماحولیات باربرا ہینڈرکس نے بیلجیم کے دو ایٹمی ری ایکٹرز پر تحفظات کا اظہار کیا ہے جرمن وزیر ماحولیات باربرا ہینڈرکس نے کہا، اس لیے میرے خیال میں ہمیں ان ری ایکٹرز کے مکمل محفوظ ہونے کے بارے میں مزید ٹیسٹ کرانا چاہئیں۔ انہوں نے مزید کہا ہے کہ اس طرح برلن کو احساس ہو سکے گا کہ برسلز حکومت اس کے تحفظات کو مناسب توجہ دے رہی ہے۔ رواں ماہ کے اوائل میں ہی جرمن اور بیلجین ماہرین نے ان دونوں پلانٹس کی سکیورٹی کے بارے میں مکمل اور جامع مذاکرات کیے تھے۔ دونوں ممالک کے ماہرین نے اتفاق کیا تھا کہ سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لیے مزید ٹیسٹ کیے جانے کی ضرورت ہے۔

دہشت گردی کے حالیہ واقعات

کوئٹہ میں چمن پھاٹک کے قریب ریلوے ٹریک پر دھماکے کے نتیجے میں 14 افراد جاں بحق اور متعدد زخمی ہو گئے، دھماکے سے ایک ٹرین کو بھی نقصان پہنچا۔ وزیر اعلیٰ بلوچستان کے معاون شاہد رند کے مطابق شہداء میں فرنٹیئر کانسٹیبلری (ایف سی) کے تین جوان بھی شامل تھے۔ اُنہوں نے کہا کہ دہشت گردوں نے نہتے شہریوں کو نشانہ بنایا، عوامی مقامات کو نشانہ بنانا دہشت گردوں کی بوکھلاہٹ کا ثبوت ہے۔ دھماکے میں 10 گاڑیوں کو نقصان پہنچا جبکہ آس پاس کی کچھ عمارتوں کے شیشے بھی ٹوٹ گئے۔ پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں نے موقع پر پہنچ کر تفتیش کا آغاز کر دیا تھا۔ المیہ یہ ہے کہ دہشت گرد عید پر اپنے گھر جانے والوں پر حملہ آور ہوئے۔ ریلوے حکام کے مطابق دھماکے کے بعد پشاور جانے والی جعفر ایکسپریس کو کوئٹہ اسٹیشن پر روک لی گئی۔ اِس سے قبل ڈیرہ بگٹی میں نامعلوم افراد نے ہفتے کو 26 انچ قطر کی گیس پائپ لائن دھماکے سے اُڑا دی تھی جس سے سوئی اور دیگر علاقوں میں گیس فراہمی متاثر ہوئی جبکہ سوراب میں قومی شاہراہ کے قریب بم دھماکا ہوا تاہم اِن واقعات میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا۔ صدرِ مملکت اور وزیر اعظم نے دہشت گردی کے واقعات کی سخت الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کارروائیاں پاکستان اور اُس کے عوام کے دہشت گرد کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کے عزم کو کمزور نہیں کر سکتیں، یہ جنگ آخری دہشت گرد کے خاتمے تک جاری رہے گی۔ دوسری جانب سکیورٹی فورسز نے بنوں، باجوڑ اور پشین میں کی گئی مختلف کارروائیوں کے دوران 30 دہشت گردوں کو کیفر کردار تک پہنچا دیا، اِن آپریشنوں کے دوران چھ جوانوں نے جامِ شہادت نوش کیا۔ بنوں کے علاقے میریان میں خفیہ اطلاع پر کامیاب انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیا گیا جس میں آٹھ دہشت گرد مارے گئے جبکہ دہشت گردوں سے لڑتے ہوئے دو پولیس اہلکاروں نے اپنی جانیں وطن پر نچھاور کر دیں۔ یہ آپریشن محکمہ انسدادِ دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اور پولیس کی مشترکہ ٹیموں نے شروع کیا تھا جس کے دوران دہشت گردوں نے ٹیموں پر فائرنگ کر دی۔ اِس کارروائی میں چند دہشت گردوں کو زخمی حالت میں گرفتار کیا گیا جبکہ تین پولیس اہلکار زخمی ہوئے۔ تھانہ کینٹ کی حدود میں بنوں۔ میرانشاہ روڈ کے قریب ایک 10 کلو وزنی ریموٹ کنٹرول بم نصب کیا گیا تھا جسے بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا دیا۔ انسپکٹر جنرل پولیس (آئی جی پی) خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید کا کہنا تھا کہ فتنہ الخوارج اور اَمن دشمن عناصر کے خلاف کارروائیاں مزید شدت کے ساتھ جاری رہیں گی۔ اُنہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا پولیس عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لئے فرنٹ لائن پر کھڑی ہے۔ سکیورٹی فورسز اور باجوڑ پولیس نے باجوڑ کے حساس علاقہ ماموند میں انٹیلی جنس بیسڈ سرچ اینڈ کلیئرنس آپریشن کے دوران 13 دہشت گردوں کو جہنم واصل کرنے کے علاوہ 15 سہولت کاروں کو کار گرفتار کر لیا۔ پولیس حکام کے مطابق ماموند کے مختلف علاقوں انعام خوڑ، چینہ گئی، شاہی تنگی، شاگرو، ہنگہ اور منڈل میں سرچ، سویپ اور انٹیلی جنس بیسڈ کارروائیاں جاری ہیں جن میں ضلعی پولیس کے 40 جوان اور ایلیٹ فورس کی تین پلاٹونیں حصہ لے رہی ہیں۔ اب تک 11 اہم مقامات پر ایف سی اور پولیس کی مشترکہ چوکیاں بھی قائم کر دی گئی ہیں تاکہ دہشت گرد عناصر کا مکمل خاتمہ کرنے کے ساتھ ساتھ سرحدی علاقوں میں پائیدار اَمن کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ یقینی بنایا جا سکے۔ خیبر پختونخوا کے ضلع بنوں میں پولیس نے بروقت اور موثر کارروائی کرتے ہوئے بڑے پیمانے پر تباہی کا منصوبہ ناکام بنا دیا، بنوں اور لکی مروت میں فورسز اور فتنہ الخوارج کے دہشت گردوں کے درمیان جھڑپوں میں دو دہشت گرد ہلاک جبکہ ایک کو زخمی حالت میں گرفتار کر لیا گیا۔ اِن کارروائیوں میں ایک پولیس اہلکار شہید اور ایک زخمی ہوا۔ کوئٹہ کے نواحی علاقوں پنجپائی اور نوحصار میں سی ٹی ڈی نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی کی جس کے نتیجے میں نو دہشت گرد ہلاک جبکہ چار اہلکار شہید اور چھ زخمی ہو گئے۔ ترجمان سی ٹی ڈی کا کہنا تھا کہ ترجمان سی ٹی ڈی کے مطابق کوئٹہ کے نواحی علاقوں پنج پائی اور نوحصار میں خفیہ اطلاع پر کارروائیاں کی گئیں جہاں دہشت گردوں اور سی ٹی ڈی اہلکاروں کے درمیان شدید فائرنگ کا تبادلہ ہوا۔ حکام کا کہنا تھا کہ علاقے میں کلیئرنس آپریشن جاری ہے جب کہ مزید تحقیقات بھی شروع کر دی گئی ہیں۔ پنجاب کے مختلف اضلاع میں سی ٹی ڈی نے 58 انٹیلی جنس بیسڈ آپریشن کیے جن میں 13 مشتبہ دہشت گرد گرفتار کر لئے گئے۔ حکام کے مطابق گرفتار افراد سے دھماکا خیز مواد، آئی ای ڈیز اور ڈیٹونیٹر برآمد ہوئے ہیں۔

رواں سال کے پہلے پانچ ماہ کے دوران سکیورٹی فورسز نے ملک بھر میں سینکڑوں آپریشن کیے جن میں کم و بیش 500 دہشت گردوں کو مار دیا گیا جبکہ سینکڑوں گرفتار ہوئے۔ یہ صورتحال حوصلہ افزا ہے لیکن افسوسناک بات یہ ہے کہ دہشت گردوں کو جہاں موقع ملتا ہے وہ کارروائی کرنے سے نہیں چوکتے۔ اِس عرصے میں دہشت گردی کے 50 سے زائد واقعات ہوئے، ان میں سے زیادہ تر کارروائیاں خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں ہوئیں جہاں فتنہ الخوارج اور فتنہ الہندوستان خاصے سرگرم ہیں۔

سینٹر فار ریسرچ اینڈ سکیورٹی سٹڈیز کی رپورٹ کے مطابق افغانستان میں رواں سال 26 اور 27 فروری کی درمیانی شب دہشت گردوں کے خلاف آپریشن غضب لِلحق شروع کیا گیا جس کے بعد پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات میں نمایاں کمی آئی۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان میں فروری کے مقابلے میں مارچ کے دوران دہشت گردی کے واقعات میں 59 فیصد جبکہ 2026ء کے ابتدائی تین ماہ میں مجموعی طور پر 18 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی۔ یہ اعداد و شمار اِس امر کی نشاندہی کرتے ہیں کہ سکیورٹی فورسز کے آپریشنز نہ صرف مربوط اور موثر ہیں بلکہ دہشت گرد عناصر کے خلاف ریاستی حکمتِ عملی بھی درست سمت میں آگے بڑھ رہی ہے، لیکن ابھی بھی دہشت گردی کا مکمل خاتمہ نہیں ہو سکا۔ ایک جانب پاکستان خطے میں اَمن، استحکام اور سفارتی روابط کے فروغ کے لئے سنجیدہ کوششیں کر رہا ہے تو دوسری جانب امن دشمن عناصر مسلسل تخریبی کارروائیوں کے ذریعے اِن کوششوں کو سبوتاژ کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ بعض ماہرین کے مطابق حالیہ دہشت گردی کے واقعات دراصل پاکستان کے مثبت سفارتی کردار اور خطے میں بڑھتی ہوئی اہمیت کو متاثر کرنے کی کوشش ہیں، تاہم ماضی کی طرح اِس بار بھی دہشت گرد اپنے مذموم عزائم میں کامیاب نہیں ہو سکیں گے۔ پاکستان نے پہلے بھی دہشت گردی کے عفریت پر قابو پا لیا تھا اور اب بھی یہ جنگ جیت جائے گا۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

حاجی پور شریف کی مٹی میں سوئے ہوئے کلہوڑہ خاندان کا آخری چشم و چراغ میاں عبدالنبی کلہوڑہ عباسی

آفتاب نواز مستوئی جام پور

حاجی پور شریف، تحصیل جام پور۔ شام کا سایا آہستہ آہستہ پھیل رہا ہے اور دربارِ حضرت خواجہ نور محمد نارو والےؒ کے صحن سے تلاوتِ کلامِ پاک کی لے فضا میں گھل رہی ہے۔ زائرین کی قطاریں، عود و عنبر کی خوشبو، اور گنبدِ دربار پر ڈھلتے سورج کی سنہری کرنیں ایسا لگتا ہے جیسے وقت لمحے بھر کو ٹھہر گیا ہو۔ صحن اور مسجد کے جنوب مغربی گوشے میں، ایک پرانی دیوار کے سائے تلے ملتانی کاشی گری کی اینٹوں کا ایک سادہ مگر باوقار مقبرہ سر جھکائے کھڑا ہے۔ دھندلے حروف میں کندہ ہے: "حضرت عبد النبیؒ"۔ یہاں نہ چراغ جلتے ہیں، نہ عرس کا سماں بندھتا ہے، نہ کوئی سنگِ مرمر بتاتا ہے کہ اس مٹی تلے کون سو رہا ہے۔؟ مگر یہ خاموشی گونگی نہیں۔ یہ مٹی 1783ء کے ہالانی کے میدان کی للکار، سندھ کے چھن جانے والے تخت کی سسکیاں، اور ایک سلطنت کے آخری وارث کی بے بسی اپنے سینے میں دفن کیے ہوئے ہے۔ یہ مزار ہے میاں عبدالنبی کلہوڑہ عباسی کلہوڑہ خاندان کے آخری چشم و چراغ کا۔ کلہوڑہ خاندان کی داستان سندھ کے تپتے صحراؤں سے پھوٹتی ہے۔ خاندانی شجرے اور مقامی روایت کے مطابق ان کے جدِ امجد آدم شاہ کلہوڑہ ہیں۔ اصل میں جاٹ قبیلے سے تعلق رکھنے والے یہ لوگ بعد ازاں عباسی النسل ہونے کا دعویٰ کرتے ہوئے صوفی مشرب کے حامل ہو گئے۔ 1701ء میں میاں یار محمد کلہوڑہ نے خدا آباد کو دارالحکومت بنا کر کلہوڑہ حکومت کی بنیاد رکھی۔ 82 سال تک یہ خاندان سندھ کا تاج و تخت سنبھالتا رہا۔ یہ دور نہری نظام کی توسیع، زراعت کی ترقی اور شہری آبادی کے فروغ کا دور تھا۔ خدا آباد، حیدرآباد اور خیر پور ان کے عہد میں علم و ادب، فن و ثقافت کے مرکز بن گئے۔۔ صحراؤں سے آئے صحرائی کہلائے اور پھر سرائیکی وسیب کی مٹی میں اس طرح رچ بس گئے کہ خود اس مٹی کی پہچان بن گئے اور یہاں سرائی مشہور ہو گئے کلہوڑہ حکومت صرف سندھ کی سرحدوں تک محدود نہ رہی۔ 1767ء میں احمد شاہ ابدالی نے ڈیرہ غازی خان اور ڈیرہ اسماعیل خان کا علاقہ میاں غلام شاہ کلہوڑہ کو جاگیر میں دے دیا۔ 1769ء میں کلہوڑوں نے براہِ راست ڈیرہ غازی خان پر قبضہ کر کے محمود خان گجر کو گورنر مقرر کیا۔ ڈیرہ غازی خان ڈسٹرکٹ گزیٹیئر 1893، صفحہ 92 پر صراحت سے لکھا ہے: the(.A.D1769).A.HIn 1183 Kalhoras took Dera Ghazi Khan and appointed Mahmud Khan Gujar governor under them." یوں 1769ء سے 1783ء تک، سولہ سال تک، ڈیرہ غازی خان، ڈیرہ اسماعیل خان اور ملحقہ بیچادھ کا خطہ کلہوڑہ حکومت کے زیرِ نگیں رہا۔ ٹیکس کا نظام، فوجی چھاؤنیاں، مقامی سرداروں سے روابط سب کچھ کلہوڑہ پالیسی کے تانے بانے سے بنتا تھا۔ میاں عبد النبی کلہوڑہ 1775ء میں تختِ سندھ پر بیٹھے۔ وہ بہادر تھے، صاحبِ ہمت تھے، مگر زمانہ ان کے خلاف تھا۔ 1783ء میں تالپور سرداروں نے ہالانی کے میدان میں کلہوڑہ فوج کو فیصلہ کن شکست دی۔ میدانِ کھڑی اور تاریخِ سندھ کی روایات گواہ ہیں کہ اسی دن کلہوڑہ عباسیوں کی سلطنت کا سورج غروب ہو گیا۔ شکست کے بعد میاں عبدالنبی نے تاج و تخت کو خیر باد کہا اور سرائیکی وسیب کی طرف رخ کیا۔ حاجی پور شریف، جو اس وقت روحانیت کا مقدس مرکز تھا، ان کی پناہ گاہ بنا۔ یہاں حضرت خواجہ نور محمد نارو والے کا دربار تھا۔ وہ بادشاہ جو کل تک تخت پر بیٹھا تھا، اب اسی دربار کے سائے میں فقیر بن کر رہا اور یہیں آخری سانس لیا آج بھی دربار حضرت نارو والا سرکار کے جنوب مغرب میں وہی مقبرہ موجود ہے سادہ، بے رنگ، وقت کی زد میں جھک چکا ہے۔ مقامی لوگ اسے "حضرت عبد النبیؒ" کہتے ہیں، اور مقبرے کی دیوار پر بھی یہی نام کندہ ہے۔ مگر المیہ یہ ہے کہ جس دربار سے اس مزار کی نسبت ہے، اس کے سجادہ نشین میاں نجف عباسؒ اب اس دنیا میں نہیں رہے۔ اب ان کے صاحبزادے میاں ارتضیٰ حسن عباسی سجادہ نشین ہیں۔ مگر افسوس! کلہوڑہ خاندان کے آخری فرمانروا کا یہ مقبرہ آج بھی بے یار و مددگار پڑا ہے۔ نہ کوئی تختی، نہ مرمت، نہ نشاندہی کا بورڈ۔ اگر دربار کے وارث ہی اپنے بزرگوں کے ساتھ دفن تاریخ سے بے نیاز ہو جائیں تو عام آدمی سے کیا شکوہ؟ یہ بے حسی صرف ایک قبر کی بے حسی نہیں، پوری سرائیکی تاریخ کی بے حسی ہے۔ میاں عبد النبی کے فرزند میاں عارف کلہوڑہ کا مزار لیہ میں ہے۔ یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ کلہوڑہ خاندان کے افراد شکست کے بعد اندرون سندھ، لیہ اور حاجی پور شریف میں پھیل گئے اور یہیں کی مٹی ہو گئے۔ میاں عبد النبی کلہوڑہ کا مقبرہ محض ایک قبر نہیں، یہ تاریخ کا ایک کھلا کتابچہ ہے۔ اقتدار کا عروج و زوال، خاندانی غرور اور تقدیر کا کھیل ہے ایک سبق ہے۔ سب کچھ اس ایک مٹی کے ڈھیر میں سمٹ آیا ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومتِ پنجاب، محکمہ آثارِ قدیمہ اور دربار کے موجودہ سجادہ نشین میاں ارتضیٰ حسن عباسی مل کر اس مقبرے کو محفوظ کریں، مرمت کروائیں اور ایک تاریخی تختی نصب کریں۔ یہ صرف کلہوڑہ خاندان کا نہیں، سرائیکی وسیب کا ورثہ ہے۔ اپنی مٹی کے ان نشانات کو بچانا ضروری ہے

ایک معصومانہ سوال

تنویر قیصر شاہد

عیدِ قربان یا عید الاضحیٰ سر پر ہے اور ہمارے محبوب وزیر اعظم، جناب شہباز شریف، چار روزہ دَورۂ چین پر ہیں۔ پرسوں جب ہم سب عید الاضحیٰ منا رہے ہوں گے، تب بھی شائد جناب شہباز شریف چین میں ہوں گے۔ عجب منظر ہے کہ جنگی کشیدگی ایران اور امریکہ کے درمیان چل رہی ہے اور دَوڑیں پاکستان کی لگ رہی ہیں۔

پاکستان کی مانند امریکہ بھی چین کی طرف التفات اور اُمید بھری نظروں سے دیکھ رہا ہے کہ چین، شائد، ایران سے اپنے مبینہ "بہترین" تعلقات کو بروئے کار لا کر یہ کشیدگی ختم کرا دے۔ شائد چین آبنائے ہرمز کھلوا دے۔ شائد چین آگے بڑھ کر ایران کو مائل و قائل کر سکے کہ وہ متنازع افزودہ یورینیم "کسی" کے حوالے کر دے۔ شائد چین کے کہنے پر ایران جوہری ہتھیار بنانے کے عزائم سے دستکش ہو جائے۔ ایران و امریکی کشیدگی کے طُول کھنچ جانے سے اب تو یوں محسوس ہونے لگا ہے جیسے پانی میں مدھانی ڈال دی گئی ہے۔

ایرانی قیادت مگر سب درمیان داروں کو ترسا رہی ہے۔ لاتعداد کوششوں کے باوصف ثالثی اب تک مکمل طور پر ثمر بار ثابت نہیں ہو سکی ہے۔ امریکی صدر، ڈونلڈ ٹرمپ، نے بھی حالیہ ایام میں تسلیم کیا ہے کہ ایرانی قیادت Tough Negotiator ہے۔ پچھلے ہی سے ملاقاتیں بھی ہُوئی ہیں، یقین تو بہر حال یہی کیا جا رہا ہے کہ فیلڈ مارشل جناب عاصم منیر اور محسن نقوی صاحب ایرانی قیادت کو (پاکستانی و شرقِ اوسط اور عالمی مفادات میں) منانے اور کسی متفقہ و محترم ڈھب پر لانے کی کوشش و سعی ہی کر رہے ہوں گے۔ اب تو قطر بھی پُراسرار انداز میں تہران پہنچ گیا ہے۔

پچھلے ہفتے ہی صدرِ پاکستان، جناب آصف علی زرداری، چین کے تفصیلی دَورے سے واپس وطنِ عزیز پہنچے ہیں۔ اُن کے دَورے کے مقاصد کیا تھے، ہنوز اِن کی پردہ کشائی نہیں کی گئی ہے۔ اور اب عین عید الاضحیٰ کے ایام میں وزیر اعظم پاکستان، جناب شہباز شریف، چین پہنچے ہیں تو اِس کا سبب بھی یقیناً اہم ترین ہی ہوگا۔ مشکل بجٹ بھی سر پر ہے، ملک بھر کے سیاسی و سماجی اور قانونی حلقوں میں کسی مبینہ اٹھائیسویں آئینی ترمیم کا غلغلہ بھی بلند ہے اور وزیر اعظم صاحب چین پہنچے ہیں تو اِس کا مطلب ہے کوئی "ایمرجنسی" ہی ہوگی۔

ہو سکتا ہے کہ پچھلے دو ہفتوں کے دوران امریکی وُزیر دوسی صدور نے جو اہم چینی دَورے کیے ہیں، اُن کے حوالے سے چینیوں نے ہمارے وزیر اعظم صاحب کو بھی اعتمادِ خاص میں لینا ہو۔ چین روانگی سے قبل اسلام آباد کی ایک تقریب سے خطاب کرتے ہُوئے جناب شہباز شریف نے نہائت پُرجوش انداز میں، بہ زبانِ انگریزی، خطاب کرتے ہُوئے کہا: "مجھے عظیم ملک، چین، کے متعدد مرتبہ دَورے کرنے کے مواقع ملے ہیں۔ جتنی بار وہاں گیا ہُوں، ہر مرتبہ چین میں نئے شہر، نئی صنعتیں، اور نئے عظیم منصوبے اُبھرتے دیکھتا ہُوں۔ یہ سب چینی صدر، شی جن پنگ، کی بصیرت اور دُور اندیشی کا نتیجہ ہے۔ چین نے اپنے 80 کروڑ لوگوں کو غربت کے گڑھوں سے باہر نکالا ہے۔"

وزیر اعظم، جناب شہباز شریف، نے بجا طور پر ہمہ دَم بڑھتی چینی ترقی کے مشاہدات کا ذکر کیا ہے۔ راقم الحروف بھی چین کی تین بار وزٹ میں خود چین کی محیر العقول اور حیرت

منتظر ہیں!

سفاک حقیقت مگر یہ ہے کہ ہمارے حکمرانوں نے عسرت زدہ پاکستانیوں کو غربت کے گڑھے سے باہر کیا نکالنا تھا، اُلٹا اُن کے افلاس میں کئی گنا اضافہ کر دیا ہے۔ عام پاکستانی مسلسل خطِ غربت سے نیچے اور غربت کے گڑھے میں لڑھکتا جا رہا ہے اور پاکستان کی اعلیٰ ترین سرکاری مراعات یافتہ اشرافیہ اپنی مراعات سے ایک انچ پیچھے ہٹنے کے لیے تیار نہیں ہے۔ پاکستان کے ممتاز ماہرِ معیشت (اور نون لیگ کے سابق وزیر خزانہ) جناب مفتاح اسماعیل آن دی ریکارڈ ہمیں بتا رہے ہیں کہ: "پچھلے 10 مہینوں میں، ملکی اشرافیہ کے لیے، تین ارب ڈالرز کی لگژری گاڑیاں امپورٹ کی گئی ہیں جب کہ دوسری طرف پاکستان ایک ارب ڈالر قرض کے لیے آئی ایم ایف کے سامنے ناک رگڑ رہا ہے۔" حکمرانوں کی اپنی سہولتوں اور مراعات کے لیے عالمی قرضوں کی دلدل میں ہر پاکستانی کی گردن دھنس چکی ہے اور قرض مانگنے والے ہمارے حاکم پیچھے نہیں ہٹ رہے: قرض کی پیتے تھے مَے لیکن سمجھتے تھے کہ ہاں/ رنگ لاوے گی ہماری فاقہ مستی ایک دن!!

یہ قومی "فاقہ مستی" روز افزوں بھی ہے اور اِس کا دائرہ بھی ہر روز وسعت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ مایوسی اور تنگدستی کے سیاہ سائے طویل سے طویل تر ہوتے جا رہے ہیں۔ اور اُمید کی کوئی کرن نظر نہیں آ رہی۔ تنگدستی کے یہ سائے اسقدر مہیب اور سنگین ہیں کہ اِس کی لپیٹ میں ہمارا میڈیا اور صحافی بھی آ چکے ہیں۔ یہ تنگدستی عید الاضحیٰ کے موقع پر خاص طور پر اسلیے بھی زیادہ تکلیف دِہ اور محسوس ہو رہی ہے کہ قربانی کا جانور صحافی کی رسائی سے دُور ہے۔

ایسے میں پشاور پریس کلب سے ٹھنڈی ہوا کا جھونکا سامنے آیا ہے۔ خبر آئی ہے کہ پشاور پریس کلب کے صدر (ایم ریاض خان

حکمران محل بچاتے رہے، نوجوان ملک چھوڑتے رہے

دیارِ غیر سے

شیراز حسین

Sheraziusa6710@gmail.com

پاکستان کے حکمران اکثر بڑے بڑے دعوے کرتے ہیں کہ نوجوان اس ملک کا مستقبل ہیں، نوجوان اس قوم کا سرمایہ ہیں، نوجوان پاکستان کی طاقت ہیں۔ لیکن سوال یہ ہے کہ اگر نوجوان واقعی اس ملک کا سرمایہ ہیں، تو پھر اس سرمایہ کو سنبھالنے کے بجائے ضائع کیوں کیا جا رہا ہے؟ آخر کیوں ہر گزرتے دن کے ساتھ پاکستان کا باصلاحیت نوجوان اپنا ملک چھوڑنے پر مجبور ہو رہا ہے؟ آخر کیوں ایک ذہین دماغ، ایک قابل انجینئر، ایک ڈاکٹر، ایک آئی ٹی ایکسپرٹ یا ایک ہنرمند نوجوان اس ملک میں اپنے لیے مستقبل نہیں دیکھ پا رہا؟ یہ محض اتفاق نہیں، یہ ایک قومی المیہ ہے۔ پاکستان کے نوجوان ملک سے بھاگ نہیں رہے، انہیں حالات دھکیل رہے ہیں۔ وہ حالات جو برسوں کی بدانتظامی، ناقص پالیسیوں، اقربا پروری، سفارش، نااہلی اور کرپشن نے پیدا کیے۔ یہ ایک تلخ حقیقت ہے کہ ہمارے ہاں میرٹ کی بات تقریروں میں ہوتی ہے اور فیصلے تعلقات کی بنیاد پر کیے جاتے ہیں۔ قابلیت سے زیادہ سفارش چلتی ہے، محنت سے زیادہ تعلقات کام آتے ہیں اور صلاحیت سے زیادہ سیاسی وابستگیاں فائدہ دیتی ہیں۔ ایک نوجوان ڈگری لے کر نکلتا ہے تو اس کے سامنے سوال یہ نہیں ہوتا کہ تمہارے پاس کیا ٹیلنٹ ہے؟ بلکہ اکثر سوال یہ ہوتا ہے کہ تمہارا آدمی کون ہے؟ جب ایک نوجوان برسوں تعلیم حاصل کرنے کے بعد بھی روزگار کے لیے در در کی ٹھوکریں کھاتا ہے، جب ایک قابل شخص صرف اس لیے پیچھے رہ جاتا ہے کہ اس کے پاس سفارش نہیں، جب قومی ادارے قابلیت کے بجائے پسند و ناپسند کے تحت چلنے لگیں، تو پھر ملک سے محبت بھی سوال بن جاتی ہے۔ اور پھر وہی نوجوان جسے یہاں موقع نہیں ملا، بیرونِ ملک جا کر اپنی صلاحیت ثابت کر دیتا ہے۔ وہی پاکستانی ڈاکٹر دنیا کے بہترین اسپتالوں میں کام کرتا ہے، وہی انجینئر عالمی منصوبے چلاتا ہے، وہی آئی ٹی ماہر بین الاقوامی کمپنیوں میں جگہ بنا لیتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ مسئلہ نوجوان میں تھا یا نظام میں؟ یہاں ایک اور تلخ حقیقت بھی ہے۔ قوم کا پیسہ قوم پر لگنے کے بجائے اگر ذاتی مفادات کی نذر ہوتا رہے، اگر وسائل عوام کے بجائے مخصوص حلقوں تک محدود رہیں، اگر حکمرانی خدمت کے بجائے طاقت اور فائدے کا کھیل بن جائے، تو نقصان صرف خزانے کا نہیں ہوتا، قوم کا اعتماد بھی ٹوٹتا ہے۔ لیکن دنیا کی بڑی طاقتوں کو دیکھیں تو ایک فرق واضح نظر آتا ہے۔ امریکہ جیسا ملک صرف اس لیے سپر پاور نہیں بنا کہ اس کے پاس طاقتور فوج یا بڑی معیشت ہے۔ اس کی ایک بڑی بنیاد یہ بھی ہے کہ وہاں ٹیلنٹ کی قدر کی جاتی ہے، وہاں نوجوان کو آگے بڑھنے کا راستہ دیا جاتا ہے، وہاں ایک عام طالب علم، محقق، انجینئر یا کاروباری شخص بھی اپنی صلاحیت کی بنیاد پر آگے آ سکتا ہے۔ وہاں نظام کی کوشش ہوتی ہے کہ ذہانت ملک کے اندر رہے، نوجوان اپنے خواب اپنے ملک میں پورے کرے اور اپنی صلاحیت اپنے وطن کی ترقی میں لگائے۔ اسی لیے وہاں کے نوجوان صرف نوکری نہیں کرتے، وہ اپنے ملک کے لیے سوچتے ہیں، نئی کمپنیاں بناتے ہیں، نئی ٹیکنالوجی پیدا کرتے ہیں، نئی صنعتیں کھڑی کرتے ہیں۔ جب ریاست اپنے نوجوانوں پر سرمایہ کاری کرتی ہے تو نوجوان بھی ریاست کو مضبوط بناتے ہیں۔ قومیں صرف وسائل سے نہیں، اعتماد سے طاقتور بنتی ہیں۔ آج بھی سوال وہی ہے: کیا ہم اپنے نوجوانوں کو روکنے کے لیے کچھ کر رہے ہیں یا صرف تقریریں کر رہے ہیں؟ کیونکہ اگر حالات نہ بدلے تو تاریخ شاید یہ لکھے کہ حکمران اپنی کرسیاں بچاتے رہے، اور قوم اپنا مستقبل کھوتی رہی۔

اسرائیل کے منصوبے

زمرد نقوی

امریکی اخبار نیویارک ٹائمز نے انکشاف کیا ہے کہ امریکا اور اسرائیل کے ایران کے ساتھ تنازعے کی ابتداء میں ایک منصوبے پر غور کیا گیا جس کا مقصد سابق ایرانی صدر محمود احمدی نژاد کو دوبارہ اقتدار میں لانا تھا۔ اسرائیلی حکام کا تیار کردہ منصوبہ ایک خطرناک حملے پر مبنی تھا جس کے ذریعے تہران میں احمدی نژاد کو آزاد کرایا جانا تھا۔ ساتھ ہی کرد فورسز کے استعمال اور توانائی کے ڈھانچے پر بمباری کے ذریعے حکومت کو گرانے کی کوشش شامل تھی۔

ٹرمپ نے دوران جنگ اس بات کی نشاندہی کی تھی کہ ایران کے اندر سے کسی جانشین کا ابھرنا زیادہ موزوں ہوگا۔ تاہم احمدی نژاد کے انتخاب پر ٹرمپ کے نزدیکی ساتھی بھی ششدر رہ گئے۔ امریکی حکام کے مطابق احمدی نژاد کو اس منصوبے کے بارے میں اعتماد میں لیا گیا تھا۔ جنگ کے پہلے دن ایک اسرائیلی فضائی حملہ ان کی رہائشگاہ پر کیا گیا۔ جس کا مقصد ان کی حفاظت پر مامور فورسز کو ختم کر کے ان کی رہائی کو یقینی بنانا تھا۔ احمدی نژاد اس حملے میں زخمی ہوئے اور رپورٹ کے مطابق اسرائیلی منصوبہ توقع کے مطابق کامیاب نہ ہو سکا۔ ایرانی سپریم لیڈر مجتبیٰ خامنائی نے اپنے پیغام میں کہا کہ ایران اس وقت دو عالمی دہشتگرد افواج امریکا اور اسرائیل کے خلاف تنہا تاریخی مزاحمت کر رہا ہے۔

ایرانی اپنی سرزمین کے دفاع کے لیے آخری سانس تک لڑیں گے اور شرانگیز ممالک کی دھمکیوں میں نہیں آئیں گے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے اسپیکر باقر قالیباف نے کہا ہے کہ دشمن کی ظاہری اور خفیہ نقل و حرکت دیکھ کر لگتا ہے کہ ایران پر اقتصادی اور سیاسی دباؤ ڈالنے کے ساتھ ساتھ اس نے اپنے عسکری مقاصد بھی نہیں چھوڑے ہیں۔ ایران نے جنگ بندی کے ایک مہینے کو اپنی فوجی اپریشنل صلاحیت بڑھانے کے لیے استعمال کیا ہے۔ چین میں تعینات ایرانی سفیر عبدالرضا رحمانی فضلی نے کہا ہے کہ ثالثی عمل دراصل ایران پاکستان اور چین کے درمیان باہمی تعاون اور سفارتی روابط کا نتیجہ ہے۔

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا کہ اگر ایران کے خلاف دوبارہ کسی بھی قسم کی عسکری محاذ آرائی کی گئی تو اس کے نتیجے میں دشمن کو مزید سرپرائز ملیں گے۔ جنگ میں جو کچھ سیکھا ہے اس کی مدد سے مزید حیرت انگیز ردعمل دیا جائے گا۔ امریکی کانگریس نے بھی ایران پر حالیہ جنگ کے دوران ہونے والے بھاری نقصانات بشمول درجنوں جنگی طیاروں جن کی تعداد 42 کے قریب ہے، کی تباہی کا باضابطہ اعتراف کر لیا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے نیشنل سیکیورٹی کے سربراہ ابراہیم عزیزی نے کہا ٹرمپ جانتے ہیں کہ ایران کے خلاف کسی بھی اقدام کا مطلب یہ ہے کہ انھیں ایک فیصلہ کن فوجی ردِعمل اور متحد قوم کا سامنا کرنا ہوگا۔ ٹرمپ کی کسی نئی جارحانہ کارروائی سے ہچکچاہٹ کی واحد وجہ ایرانی فوج کے فیصلہ کن ردِعمل اور ایرانی عوام کے اتحاد کا خوف ہے۔

طاقت ہی وہ واحد زبان ہے جسے ٹرمپ بخوبی سمجھتے ہیں۔ پاسداران انقلاب نے بھی کہا ہے کہ اگر دشمن نے دوبارہ حملے کیے تو جنگ خطے سے باہر پھیل جائے گی۔ ہمارے حملے ایسے مقامات پر پہنچیں گے جن کا آپ تصور بھی نہیں کر سکتے۔ ٹرمپ نے کہا کہ گزشتہ پیر کو حملے سے صرف ایک گھنٹہ پہلے سعودی عرب، قطر اور متحدہ عرب عمارات کی اپیل پر حملہ روک دیا۔ اللہ نہ کرے۔ ذرا یاد کریں فروری میں ایران پر امریکا، اسرائیل کے حملے سے ذرا پہلے مودی نے اسرائیل کا دوروزہ دورہ کیا۔ اس دورے کے ختم ہونے کے صرف ایک روز بعد بروز ہفتہ 28 فروری کو دوران مذاکرات امریکا اور اسرائیل نے اچانک ایران پر حملہ کر دیا۔ دورہ اسرائیل کے دوران مودی کی خصوصی اور خفیہ میٹنگز ہوئیں۔ کیونکہ نیتن یاہو کو یقین تھا کہ رجیم چینج صرف چند روز کی بات ہے اور مودی اس معاملے میں اس کا پارٹنر ہوگا۔

اس طرح دونوں مل کر مشرق وسطیٰ کا کنٹرول سنبھالیں گے۔ نوبت یہاں تک پہنچی کہ بھارتی وزیر اعظم نے اسرائیل کے ایران پر حملے کی نہ صرف تائید کی بلکہ آیت اللہ خامنائی کی شہادت پر تعزیت کی بجائے خاموشی اختیار کی جس کی بھارتی اپوزیشن نے شدید مذمت کی۔ یہ سب کچھ اس پس منظر میں ہوا کہ بھارت ایران سے نہ صرف انتہائی سستا بلکہ مفت میں بھی تیل حاصل کرتا رہا۔ حالیہ جنگ میں اسرائیلی فوج کے ترجمان نے عرب ملکوں کو کہا کہ تم ایران کا ساتھ کیوں دے رہے ہو۔ تمہیں کیا ہو گیا ہے۔ ایک طرف امریکا اور اسرائیل کا منصوبہ کہ ایران پر قبضہ کرتے ہوئے وہاں اپنی کٹھ پتلی حکومتیں قائم کرنا تو دوسری طرف عرب خطے سے پاکستان تک فرقہ واریت پھیلانے کی مذموم سازش کرنا تاکہ مسلمان ایک دوسرے کو مذہب کے نام پر قتل کریں۔ اس طرح گریٹر اسرائیل کے منحوس منصوبے پر عمل کرنا۔ یہ منصوبہ امریکی فوجی رسالے میں نقشے سمیت شائع ہو چکا ہے۔

2 جون سے مثبت وقت شروع ہو رہا ہے۔ اس حوالے سے اہم

سیالکوٹ، ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی، چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرزاق ڈوگر، منیجر کیو ملکشن ایس ڈبلیو ایم سی فہد جاوید ضلعی کچہری چوک میں ویسٹ بیگز تقسیم کر رہے ہیں

سیالکوٹ، ضلع بھر میں 3 لاکھ پلاسٹک بیگز تقسیم کئے جائیں گے، صبا اصغر

ستھرا پنجاب کی تیمیں گھر گھر جا کر قربانی کی آلائشیں اٹھائیں گی، ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی نے کہا ہے کہ ضلع بھر میں شہریوں میں 3 لاکھ ماحول دوست پلاسٹک بیگز تقسیم کئے جائیں گے تاکہ آلائشوں کو محفوظ طریقے سے تلف کیا جا سکے۔ ضلع بھر میں 209 خنقیں کھودی گئی ہیں جہاں قربانی کی آلائشیں سائنسی انداز میں دفن کی جائیں گی۔ عیدالاضحیٰ پر آلائشیں سڑکوں، گلیوں اور کھلے مقامات پر پھینکنے والوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 50 ہزار روپے تک جرمانے عائد کئے جائیں گے۔ عیدالاضحیٰ کے موقع پر صفائی ستھرائی کے مثالی انتظامات کو یقینی بنانے کیلئے ضلعی انتظامیہ اور ستھرا پنجاب پروگرام کی تیمیں مکمل طور پر متحرک ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب کی تیمیں گھر گھر جا کر قربانی کی آلائشیں اٹھائیں گی تاکہ شہریوں کو بروقت اور بہتر صفائی سہولیات فراہم کی جا سکیں۔ انہوں نے شہریوں سے اپیل کی کہ صفائی عملے کے ساتھ تعاون کریں اور آلائشیں مقررہ مقامات پر رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ صباء اصغر علی نے عید الاضحیٰ پر صفائی ستھرائی اور قربانی کے جانوروں کی آلائشیں ٹھکانے لگانے کے حوالے سے تفصیلاً میڈیا بریفنگ دیتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر عبدالرزاق ڈوگر، منیجر کیو ملکشن فہد جاوید و دیگر بھی موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر صباء اصغر علی نے مزید کہا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے 5086 اہلکاروں کے علاوہ 357 اضافی ورکرز بھی عید کے دنوں میں خصوصی ڈیوٹی سرانجام دیں گے جبکہ ہر تحصیل میں انفورسمنٹ ٹیمیں تشکیل دی گئی ہیں جو صفائی انتظامات کی نگرانی کریں گی۔ ضلعی انتظامیہ کے مختلف ادارے مشترکہ طور پر مانیٹرنگ کریں گے اور ہر شکایت کو دو گھنٹوں کے اندر حل کرنے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ شہری صفائی سے متعلق شکایات یا معلومات کیلئے ہیلپ لائن نمبر 1718، 1139 اور 0523250011 پر رابطہ کر سکتے ہیں، جہاں ستھرا پنجاب کی ٹیم فوری کارروائی کرے گی۔ انہوں نے شہریوں پر زور دیا کہ وہ صفائی کو اپنی اجتماعی ذمہ داری سمجھیں اور سماجی رویوں میں بہتری لاتے ہوئے تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کریں تاکہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر صاف ستھرا اور صحت مند ماحول برقرار رکھا جا سکے۔

اوکاڑہ، ٹرالی کی موٹر سائیکل کو ٹکر، 4 سالہ بچہ جاں بحق

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ: نہر والا پل مین جی ٹی روڈ پر ٹریفک حادثہ کی اطلاع، تفصیلات کے مطابق بس نے یو ٹرن لیتے ہوئے موٹر سائیکل کو ٹکر مار دی، حادثہ میں موٹر سائیکل سوار 4 سالہ بیٹا موقع پر جاں بحق جبکہ ماں بیٹی اور شوہر سمیت 3 افراد زخمی ہو گئے، ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیموں کا فوری ریسپانس، زخمیوں کو طبی امداد فراہم کی گئی، طبی امداد کے بعد ہی ایم ایچ منتقل کر دیا گیا، پولیس کو ضروری کارروائی کرنے کے بعد ہی ایم ایچ منتقل کر دیا، جاں بحق ہونے والے بچے کی شناخت حسن رضا ولد محسن (4 سال تقریباً) سکنہ 24 فوریاں کے نام سے ہوئی، زخمیوں میں محسن علی ولد محمد حنیف (31 سال تقریباً)، لبنیٰ دختر محسن علی (5 سال تقریباً) اور آصفہ پروین زوجہ محسن علی (31 سال تقریباً) ساکنان 24 فوریاں اوکاڑہ شامل ہیں۔

سانگلہ ہل میں بکرا منڈی سے خریدار خالی ہاتھ واپس لوٹنے پہ مجبور

مہنگائی کی وجہ سے بیوپاری اور خریداروں میں توں تکرار ہونا معمول بن گیا

سانگلہ ہل (نامہ نگار) سانگلہ ہل ہاؤسنگ کالونی میں ہر سال کی طرح امسال بھی قربانی کے جانوروں کی منڈی سجا دی گئی جس میں مقامی انتظامیہ نے دوسرے شہروں سے آئے ہوئے جانوروں کے بیوپاریوں کیلئے گرمی کی شدت سے محفوظ رہنے کیلئے شامیانے اور پیاس کی شدت کو بجھانے کیلئے ٹھنڈے پانی کے خاطر خواہ انتظامات کئے ہیں بظاہر اس دیکھنے میں آیا ہے کہ بیوپاری اور خریدار کے درمیان مہنگائی کے باعث توں تکرار کرنے کے بعد جانوروں کے خریدار خالی ہاتھ گھر لوٹنے پہ مجبور ہیں بیوپاری حضرات جہاں انتظامیہ کی جانب سے کئے گئے اقدامات سے خوش دکھائی دیتے ہیں وہیں پہ جانوروں کے خریدار کم ہونے کا رونا بھی رو رہے ہیں بیوپاری حضرات نے حکومت پنجاب سے مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کے باعث جانوروں کو دوسرے شہروں میں لے جا کر فروخت کرنا ناگزیر ہو چکا ہے کیونکہ کی لوڈنگ گاڑیوں کے کرایوں میں بے انتہا اضافہ ہو چکا ہے اور جانوروں کے خریدار اس مسئلے پر توں تکرار کر کے خالی ہاتھ لوٹ جاتے ہیں لہٰذا حکومت کو چاہئے کہ وہ عیدالاضحیٰ کے دنوں میں پٹرولیم مصنوعات میں کمی کریں تاکہ ٹرانسپورٹ مالکان کرایوں میں کمی کریں اور ہم قربانی کا فریضہ ادا کرنے والوں کو ریلیف دینے کے قابل ہو سکیں

سرکاری مقرر کردہ کرایوں پر عملدرآمد یقینی بنایا جائے، ذوالفقار احمد بھون

عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے اور خوش اخلاقی سے پیش آنے کی بھی ہدایت

بہاولنگر (ڈسٹرکٹ رپورٹر) عیدالاضحیٰ کے انتظامات، ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون اور ڈی پی او محمد عمران کا ٹرانسپورٹ اڈوں کا مشترکہ دورہ۔ ڈپٹی کمشنر بہاولنگر اور ڈی پی او نے عیدالاضحیٰ کے انتظامات کے سلسلہ میں ضلع بھر کے بس اڈوں، بسوں اور ویگنوں کا مشترکہ دورہ کیا۔ اس موقع پر ٹرانسپورٹ کے نظام، کرایوں اور مسافروں کو فراہم کی جانے والی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈی ایس پی صدر سرکل رانا نادر احمد اور متعلقہ محکموں کے افسران بھی اس موقع پر موجود تھے۔ ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون اور ڈی پی او محمد عمران نے ٹرانسپورٹرز کو ہدایت کی کہ سرکاری طور پر مقرر کردہ کرایوں پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور عید کے دنوں میں مسافروں سے زائد کرایہ وصول نہ کیا جائے۔ انہوں نے عوام کو زیادہ سے زیادہ سہولیات فراہم کرنے اور خوش اخلاقی سے پیش آنے کی بھی ہدایت کی۔ اس موقع پر امن و امان کی صورتحال، مسافروں کی سہولت اور بس ٹرمینلز پر ٹرانسپورٹ کی روانی برقرار رکھنے کے حوالے سے بھی خصوصی ہدایات جاری کی گئیں۔

بہاولنگر، عیدالاضحیٰ کے انتظامات کے سلسلہ میں ڈپٹی کمشنر ذوالفقار احمد بھون اور ڈی پی او محمد عمران ٹرانسپورٹ اڈوں کا دورہ کر رہے ہیں

ننکانہ صاحب، ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ اور منیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب احسن ممتاز عید صفائی آپریشن بارے صحافی برادری کو بریفنگ دے رہے ہیں

ننکانہ صاحب، عیدالاضحیٰ پر صفائی آپریشن کے انتظامات مکمل، محمد تسلیم اختر

عید کے پہلے روز صبح 8 بجے صفائی آپریشن کا آغاز ہوگا آپریشن 24 گھنٹے بلاتعطل

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی ہدایت پر ضلع ننکانہ صاحب میں عیدالاضحیٰ صفائی آپریشن کے انتظامات مکمل۔ ضلعی ہیڈکوارٹر میں ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ اور مینجنگ ڈائریکٹر لاہور ویسٹ مینجمنٹ کمپنی ننکانہ صاحب احسن ممتاز نے عیدالاضحیٰ کے صفائی آپریشن بارے صحافی برادری کو بریفنگ دی۔ ڈپٹی کمشنر ننکانہ صاحب محمد تسلیم اختر راؤ نے دوران بریفنگ گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عید کے پہلے روز صبح 8 بجے صفائی آپریشن کا آغاز ہوگا آپریشن 24 گھنٹے بلاتعطل جاری رہے گا۔ ستھرا پنجاب پروگرام کے تحت 2100 سے زائد ورکرز عید صفائی آپریشن میں حصہ لیں گے۔ ضلع کی تمام 65 یونین کونسلز اور 500 سے زائد دیہاتوں میں صفائی ٹیمیں خدمات سرانجام دیں گی۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ پنجاب کی تاریخ میں پہلی مرتبہ اربن کے ساتھ رورل ایریاز میں بھی بھرپور صفائی آپریشن کیا جائے گا۔ شہریوں کی شکایات کا ازالہ زیادہ سے زیادہ دو گھنٹوں کے اندر یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ ستھرا پنجاب ایپ، 1139 ہیلپ لائن، ڈی سی اور اے سی کنٹرول روم عوامی شکایات کے لیے 24 گھنٹے فعال رہیں گے۔ ضلع بھر میں آلائشوں کی بروقت کولیکشن کے لیے خصوصی پلان تیار کر لیا گیا ہے۔ آلائشوں کی کولیکشن کے لیے تینوں تحصیلوں میں خصوصی کیمپس قائم کیے گئے ہیں۔ یونین کونسل سطح پر کولیکشن کیمپس اور ٹوکل پرسنز بھی تعینات کر دیے گئے۔ کوئی بھی گاؤں یا علاقہ ایسا نہیں ہوگا جہاں صفائی ورکر نہ پہنچے۔ ڈپٹی کمشنر نے بتایا کہ عید سے قبل تمام مساجد، عیدگاہوں اور کھلے گراؤنڈز کی خصوصی صفائی ہوگی۔ عید نماز کے مقامات و مساجد کو مرحق گلاب اور فینائل سے خصوصی طور پر دھلوایا جائے گا۔ انہوں نے میڈیا بریفنگ میں کہا کہ پوری تنخواہ اور کرز کا بنیادی حق ہے، کم تنخواہ دینے یا کٹوتی کرنے والوں کے خلاف تمام اسسٹنٹ کمشنرز سخت کارروائی عمل میں لائیں گے، کسی کے ساتھ رعایت نہیں برتی جائے گی۔ مینجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب احسن ممتاز نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ تحصیل ننکانہ میں 50 ہزار، 1 سانگلہ ہل میں 18 ہزار اور شاہکوٹ میں 19 ہزار آلائش بیگز تقسیم کیے جائیں گے۔

حافظ آباد۔ شاہین لیبر فیڈریشن کے مرکزی چیئرمین اسحاق کھوکھر اور نوجوان قائدین جنید بٹ ایم ڈی واسا بلال فیروز جوئیہ کو گریڈ 19 میں ترقی ملنے پر پھولوں کا گلدستہ پیش کرتے ہوئے انہیں مبارکباد دے رہے ہیں

اوکاڑہ، کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار خاتون موقع پر جاں بحق

اوکاڑہ، رینالہ خورد (ڈسٹرکٹ رپورٹر، تفصیل رپورٹر نامہ نگار) تیز رفتار کار کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار خاتون موقع پر جاں بحق ہو گئی۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 12 ون ایل نزد نذیر گارڈن کے قریب تیز رفتار کار نے بے قابو ہو کر موٹر سائیکل کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں نواحی قصبہ 11 ون اے ایل کی رہائشی موٹر سائیکل سوار خاتون نرگس بی بی زوجہ سعید حیدر موقع پر جاں بحق ہو گئی۔ ریسکیو 1122 ٹیم نے ضروری کارروائی کرنے کے بعد نعش کو ہسپتال منتقل کر دیا ہے۔

سیالکوٹ، فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے کے باعث درخت بھی لپیٹ میں آ گئے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پنڈی بچوڑاں کے قریب مین روڈ پر فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے کے باعث سڑک کنارے موجود درخت بھی آگ کی لپیٹ میں آ گیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے آگ نے شدت اختیار کر لی جس سے قریبی کھیتوں، درختوں اور گزرنے والی ٹریفک کو شدید خطرات لاحق ہو گئے۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی ٹیم فوری طور پر موقع پر پہنچ گئی اور بروقت کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پا لیا۔ ریسکیو اہلکاروں کی پیشہ ورانہ مہارت کی بدولت آگ مزید پھیلنے سے رک گئی اور لاکھوں روپے مالیت کے ممکنہ نقصان سے شہری محفوظ رہے۔ مقامی شہریوں نے ریسکیو 1122 کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ اگر بروقت کارروائی نہ کی جاتی تو آگ سے بڑا سانحہ پیش آنے کا خدشہ تھا۔ عوام سے اپیل کی گئی ہے کہ فصلوں کی باقیات کو آگ لگانے سے گریز کریں کیونکہ اس عمل سے نہ صرف ماحول آلودہ ہوتا ہے بلکہ انسانی جانوں، درختوں اور املاک کو بھی شدید خطرات لاحق ہوتے ہیں۔

ننکانہ صاحب، خطرناک ڈکیت وچور گینگ کے سرغنہ دو ساتھیوں سمیت گرفتار

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ڈی پی او ننکانہ ارسلان زاہد کی ہدایت پر تھانہ واربرٹن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے خطرناک ڈکیت وچور گینگ کے سرغنہ کو دو ساتھیوں سمیت گرفتار کر لیا۔ پولیس نے ملزمان کے قبضہ سے مختلف وارداتوں میں شہریوں سے چھینی گئی لاکھوں روپے کی نقدی، مال مسروقہ اور اسلحہ برآمد کر لیا۔ گرفتار ملزمان میں عمر، محمد افضل اور منظر شامل ہیں۔ تھانہ واربرٹن پولیس نے ملزمان سے دوران تفتیش راہزنی اور موبیٹی چوری کی 11 وارداتوں کا سراغ لگا لیا ہے جبکہ مزید تفتیش کے دوران اہم انکشافات متوقع ہیں۔ ڈی پی او ننکانہ ارسلان زاہد کا کہنا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور سماج دشمن عناصر کے خلاف بھرپور کارروائیاں جاری رہیں گی۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کے وژن "محفوظ پنجاب" پر عملدرآمد یقینی بنانے کیلئے پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ننکانہ صاحب، عوامی مقامات پر "سری پائے" جلانے، دریاوں اور نہروں میں نہانے پر دفعہ 144 نافذ

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب نے عوامی مقامات پر "سری پائے" جلانے، دریاوں اور نہروں میں نہانے پر دفعہ 144 نافذ کر دی۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق سیوریج لائنوں، نکاسی آب اور نہروں میں آلائشوں اور فضلہ پھینکنے پر بھی پابندی عائد، عیدالاضحیٰ کے موقع پر ضلع ننکانہ صاحب کی ریونیو حدود میں سٹیکل جھولے لگانے پر دفعہ 144 نافذ ہوگی۔ ضلع کی ریونیو حدود میں دن ویلنگ اور بغیر سلنسر موٹر سائیکل چلانے اور ہوائی فائرنگ کرنے والوں کے خلاف بھی سخت ایکشن ہو گا۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے حوالے سے ترجمان ضلعی انتظامیہ ننکانہ صاحب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خلاف ورزی کرنے والوں کے خلاف ضابطہ فوجداری، 1898 کی دفعہ 144 کے تحت کارروائی ہوگی۔

ننکانہ صاحب، عیدالاضحیٰ ہمیں ایثار و قربانی کا درس دیتی ہے، چودھری حاجی محمد اعجاز

قربانی صرف خون بہانا اور گوشت کا نام نہیں یہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے حصول کا ذریعہ ہے

عارف والا (تحصیل رپورٹر) معروف سیاسی و سماجی شخصیت صدر پریس کلب عارفوالا رجسٹرڈ چوہدری حاجی محمد اعجاز نے میڈیا نمائندوں سے عیدالاضحیٰ کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قربانی صرف خون بہانا اور گوشت کا نام نہیں یہ اللہ تعالیٰ کی خوشنودی کے حصول کا ذریعہ ہے، قربانی حضرت ابراہیم علیہ السلام اور حضرت اسماعیل علیہ السلام کی عظیم سنت ہے جو مسلمانوں کو ایثار، صبر اور اللہ تعالیٰ کی رضا کیلئے قربانی دینے کا درس دیتی ہے، عیدالاضحیٰ ہمیں اس عظیم قربانی کی یاد دلاتی ہے جو اللہ تعالیٰ کے پیغمبر حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اللہ تعالیٰ کی راہ میں دی اور ہمیشہ اللہ کی توحید کو بلند کیا قربانی حضرت ابراہیم کی سنت اور مسلمانوں کا مذہبی شعار ہے حضرت ابراہیم کی یہ لازوال قربانی انسانیت کیلئے اطاعت و ایثار کا عملی اور حسین نمونہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ عیدالاضحیٰ ہمیں ایثار و قربانی کا درس دیتی ہے اور اپنے اردگرد بسنے والے غریب نادار، مقروض اور کم وسائل رکھنے والے طبقہ کو اپنی خوشیوں میں شامل کرنے کا بھی درس دیتی ہے صرف جانوروں کی قربانی کر نا ہی کافی نہیں بلکہ انسان کو اپنی انا اور خواہشات قربان کر نا دراصل عید کا حقیقی پیغام ہے، عید پر اپنے گلی محلوں میں مستحق اور غرباء کا خاص خیال رکھیں اور انہیں بھی عید کی خوشیوں میں شریک کریں انہوں نے مزید کہا کہ قربانی کا مقصد مسلمانوں میں اللہ تعالیٰ کے احکامات پر عمل کرنے اور خالق کائنات کے حکم پر اپنی سب سے پیاری چیز قربان کر نیکا جذبہ برقرار رکھنا ہے تاکہ مسلمانوں میں تقویٰ پرہیزگاری اور حکم الٰہی پر سر خم کرنے کا ایمانی تقاضا پورا ہو سکے۔

کوئی بھی دہشت گرد تنظیم وطن عزیز سے مخلص ہو ہی نہیں سکتی، چودھری محمد برجیس طاہر

افواج پاکستان کے ساتھ غداری کرنے والوں کے ساتھ آہنی ہاتھوں سے نمٹا جائے گا

کوئٹہ میں فوجی ٹرین پر خودکش حملہ کی پرزور مذمت کرتے ہیں، شہداء کے لواحقین کے غم میں شریک ہیں

سانگلہ ہل (نامہ نگار) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی نائب صدر اور سابق وفاقی وزیر امور کشمیر و گلگت بلتستان چوہدری محمد برجیس طاہر نے کہا ہے کہ کوئی بھی دہشت گرد تنظیم یا کوئی بھی دہشت گرد فرد وطن عزیز سے مخلص ہو ہی نہیں سکتا ہماری افواج دنیا کی واحد افواج ہیں جو جرأت و بہادری اور قربانی و جاں نثاری کے باعث اپنی مثال آپ مانی جاتی ہیں اور کوئٹہ میں فوج کی ٹرین پہ خودکش حملہ کرنے والی بی ایل اے خود کو پاکستانی کہتے ہوئے شرم آنی چاہئے چوہدری محمد برجیس طاہر نے کوئٹہ ٹرین دھماکہ میں شہید ہونے والے افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی کا اظہار کیا اور کہا کہ بے گناہ افراد کی جان لینے والے دہشت گرد بہت جلد اپنے انجام کو پہنچ جائیں گے کیونکہ بے گناہوں کا خون کبھی رائیگاں نہیں جائے گا اور دہشت گردوں سے آہنی ہاتھوں نپٹا جائے گا انہوں نے خودکش دھماکے میں زخمی ہونے والے افراد و عورتیں، بچے اور بزرگ جو زخمی ہوئے وہ عید کی خوشیاں منانے کیلئے اپنے اپنے گھروں کو جا رہے تھے ان کے ساتھ ہونے والے اس حادثہ نے پوری پاکستانی قوم کو افسردہ کر دیا ہے ان کے ساتھ بھی دلی ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں وہ بہت جلد صحتیاب ہونگے اور اپنے اہل خانہ کے ساتھ ہونگے بعد ازاں چوہدری محمد برجیس طاہر نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ پاکستان اور پاکستانی فوج ہمیشہ زندہ باد تھے اور ہمیشہ زندہ باد رہیں گے اور پاکستان کے خلاف مذموم مقاصد اور ارادہ رکھنے والوں کے نصیب میں سوائے ندامت کے کچھ نہیں ہوگا

ننکانہ صاحب، ڈکیتی کی بڑھتی وارداتیں، شہریوں اور تاجر عدم تحفظ کا شکار

مختلف وارداتوں میں مسلح ڈاکو لاکھوں روپے نقدی اور قیمتی سامان لوٹ کر بآسانی فرار ہو گئے

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) ضلع ننکانہ صاحب کے مختلف علاقوں میں ڈکیتی اور سرقہ بالجبر کی بڑھتی وارداتوں نے شہریوں اور تاجروں کو عدم تحفظ کا شکار بنا دیا، دو مختلف وارداتوں میں مسلح ڈاکو لاکھوں روپے نقدی اور قیمتی سامان لوٹ کر بآسانی فرار ہو گئے تفصیلات کے مطابق گذشتہ روز دن دیہاڑے تھانہ فیض آباد کے علاقہ مغلانوالہ میں محمد اکرام آرائیں اپنی کریانہ شاپ پر موجود تھا کہ دو نامعلوم مسلح ڈاکو موٹر سائیکل پر آئے اور اسلحہ کے زور پر اس کی جیب سے 3 لاکھ روپے نقدی جبکہ دکان کے غلہ سے مزید 20 ہزار روپے چھین کر فرار ہو گئے۔ دوسری واردات تھانہ صدر سانگلہ ہل کے علاقہ سلیمانی کلاں کے قریب پیش آئی جہاں وارڈ نمبر 8 شاہکوٹ کا رہائشی فیصل رکشہ لوڈر پر کپڑے فروخت کرنے جا رہا تھا کہ راستہ میں دو نامعلوم مسلح ملزمان موٹر سائیکل پر آئے اور گن پوائنٹ پر اسے روک کر 1600 روپے نقدی اور تقریباً ایک لاکھ روپے مالیت کے کپڑے چھین کر فرار ہو گئے۔ متاثرہ شہریوں نے بڑھتی وارداتوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے پولیس گشت بڑھانے اور ملزمان کی فوری گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے۔

ریناله خورد، منیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب ایجنسی عبدالجبار گجر اسسٹنٹ کمشنر صائمہ نذیر کے ہمراہ عیدالاضحیٰ پر صفائی ستھرائی کے انتظامات بارے میڈیا کو تفصیلات بتا رہے ہیں

وہاڑی، پیر سید شمس کا نام 4th شیڈول سے خارج

علماء کرام اور دوست احباب نے دلی مبارکباد پیش کی اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے

وہاڑی (بیورو رپورٹ) پیر سید فضل رسول شاہ اور پیر سید شمس الدین شاہ کا نام 4th شیڈول سے خارج ہونے پر وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کیبنٹ ڈویژن سید ساجد مہدی سلیم شاہ، چیئرمین ایجوکیشن پنجاب ایم پی اے ملک نوشیر خان لنگڑیال، چوہدری ساجد سرور، چوہدری فہیم جنجوعہ، مولانا محمد ریاض اور دیگر معزز مہمانان گرامی، علماء کرام اور دوست احباب نے دلی مبارکباد پیش کی اور پھولوں کے گلدستے پیش کیے اس موقع پر سادات کرام کی جانب سے معزز مہمانان گرامی کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا جہاں محبت، اخوت اور خوشی کی خوبصورت فضا دیکھنے میں آئی اللہ رب العزت سادات کرام کو ہمیشہ سلامت رکھے، اللہ تعالیٰ ہمارے مادر علمی جامعہ انوار غوثیہ سعیدیہ ماچھیوال ضلع وہاڑی کو دن دگنی رات چوگنی ترقیاں عطا فرمائے اور بابا جی حضور قبلہ پیر سید مراد علی شاہ کے قائم کردہ اس عظیم دینی ادارے کو تا قیامت اسی طرح شاد و آباد رکھے اللہ تعالیٰ بابا جی حضور قبلہ پیر سید مراد علی شاہ کی عمر، صحت، عزت اور فیوض و برکات میں بے شمار اضافہ فرمائے اور پیر صاحبان کرام کو اپنی خاص حفظ و امان میں رکھے۔

وہاڑی، جامعہ انوار غوثیہ سعیدیہ ماچھیوال میں منعقدہ تقریب میں وفاقی پارلیمانی سیکرٹری کیبنٹ ڈویژن سید ساجد مہدی سلیم شاہ اور ایم پی اے ملک نوشیر انجم لنگڑیال موجود ہیں

دوسروں میں خوشیاں بانٹنا بہترین عمل ہے، میاں اعجاز انجم

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) روز ویلفیئر آرگنائزیشن کے نائب صدر میاں اعجاز انجم نے کہا ہے کہ خوشیوں کے موقع پر دوسروں کو خوشیوں میں شامل کرنا اور دوسروں میں خوشیاں بانٹنا بہترین عمل ہے جو اللہ تعالیٰ کو بے حد پسند ہے عیدالاضحیٰ ہمیں قربانی دینے کا درس دیتی ہے جس کا تقاضا ہے کہ ہم اپنے اردگرد بسنے والوں کو بھی اپنی خوشیوں میں شامل کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے تنظیم کے صدر محمد اشفاق نذر اور سائیکالوجسٹ ڈاکٹر ارم شہزادی کے ہمراہ شیلٹر ہوم میں مقیم خواتین میں عید کے موقع پر کپڑے گفٹ کرنے کے موقع پر کیا۔

اوکاڑہ، گھر میں داخل ہو کر گن پوائنٹ پر شادی شدہ خاتون سے زبردستی زیادتی

اوکاڑہ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اوکاڑہ کے نواح میں ایک شخص نے اپنے نامعلوم ساتھی کے ہمراہ گھر میں داخل ہو کر گن پوائنٹ پر شادی شدہ خاتون کو زبردستی زیادتی کا نشانہ بنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق اوکاڑہ کے نواحی قصبہ 53 نو ایل کے رہائشی محمد رزاق کی بیوی سمیرا بی بی اپنے بچوں کے ہمراہ گھر اکیلی تھی کہ اچانک اسلحہ سے مسلح ریاض احمد اپنے نامعلوم ساتھی کے ہمراہ گھر میں داخل ہوئے اور ریاض احمد نے گن پوائنٹ پر زبردستی سمیرا بی بی کو زیادتی کا نشانہ بنا ڈالا جبکہ اس کا ساتھی اسلحہ لیکر پہرہ دیتا رہا چیخ و پکار کی آواز سن کر اہل محلہ آ گئے ملزم اسلحہ لہراتے ہوئے فرار ہو گئے۔ پولیس تھانہ صدر اوکاڑہ نے مقدمہ درج کر لیا ہے۔

ننکانہ صاحب، ڈکیتی کی واردات، خطرناک ڈاکو شہریوں کے ہتھے چڑھ گیا

مشتعل افراد نے ملزم کو قابو کرنے کے بعد "سوفٹ ویئر اپڈیٹ" کرتے ہوئے اسلحہ سمیت پولیس کے حوالے کر دیا

ننکانہ صاحب (ڈسٹرکٹ رپورٹر) تھانہ بڈا گھر کے علاقہ میں رات گئے اسلحہ کے زور پر پے در پے ڈکیتی کی وارداتیں کرنے والا خطرناک ڈاکو شہریوں کے ہتھے چڑھ گیا۔ مشتعل افراد نے ملزم کو قابو کرنے کے بعد "سوفٹ ویئر اپڈیٹ" کرتے ہوئے اسلحہ سمیت پولیس کے حوالے کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق گذشتہ رات نواحی گاؤں بلہ گھیجاں کا رہائشی تسلیم عباس گھی موٹر سائیکل پر قصبہ بڈا گھر سے اپنے گاؤں جا رہا تھا کہ بلہ موڑ کے قریب ایک نامعلوم مسلح ڈاکو نے اسے روک لیا اور اسلحہ کے زور پر 24 ہزار روپے نقدی اور دو موبائل فون چھین کر فرار ہو گیا۔ ذرائع کے مطابق ملزم واردات کے چند ہی منٹ بعد قصبہ بڈا گھر پہنچا جہاں مین بازار میں واقع ایک میڈیکل سٹور سے بھی 10 ہزار روپے نقدی چھین لی اور فرار ہونے کی کوشش کی۔ واردات کے بعد فرار کے دوران ملزم موٹر سائیکل سے اچانک گر پڑا جس کے باعث اس کے ہاتھ سے موبائل بھی نیچے جا گرا۔ موقع پر موجود شہریوں نے بہادری کا مظاہرہ کرتے ہوئے ملزم کو قابو کر لیا۔ عینی شاہدین کے مطابق مشتعل افراد نے ملزم پر تشدد کے بعد اسے اسلحہ سمیت پولیس کے حوالے کر دیا۔ گرفتار ملزم کی شناخت بلال عرف بلا ولد ملازم حسین قوم گھی سکنہ بلہ سیداں کے نام سے ہوئی ہے۔ پولیس نے ملزم سے مزید تفتیش شروع کر دی ہے جبکہ اس کے دیگر وارداتوں میں ملوث ہونے کے حوالے سے بھی تحقیقات جاری ہیں علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ بڑھتی ہوئی ڈکیتی کی وارداتوں نے شہریوں میں خوف و ہراس پھیلا دیا ہے۔ عوام نے ڈی پی او اور سلطان زاہد سے مطالبہ کیا ہے کہ جرائم پیشہ عناصر کے خلاف موثر کارروائیاں مزید تیز کی جائیں

ڈپٹی کمشنر کا گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال کا اچانک دورہ

ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل سٹاف کی حاضری چیک کی گئی

گوجرانوالہ (بیورو رپورٹ) وزیراعلیٰ پنجاب کے ہیلتھ ریفارمز پروگرام کے تحت ڈپٹی کمشنر نے گوجرانوالہ ٹیچنگ ہسپتال (سول ہسپتال) کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران ڈیوٹی روسٹر کے مطابق ڈاکٹرز اور پیرامیڈیکل اسٹاف کی حاضری چیک کی گئی جبکہ مختلف وارڈز کا تفصیلی معائنہ بھی کیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر نے زیر علاج مریضوں کی عیادت کی اور ان کے لواحقین سے طبی سہولیات، علاج معالجے کے معیار اور ہسپتال میں دستیاب سہولیات بارے استفسار کیا۔ حکومت پنجاب کی پالیسی کے مطابق مفت ادویات کی دستیابی، ڈاکٹرز کی جانب سے باقاعدہ چیک اپ اور نرسنگ اسٹاف کے رویے کا بھی جائزہ لیا گیا۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر نے ڈاکٹرز اور طبی عملے کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ مریضوں اور تیمارداروں سے خوش اخلاقی سے پیش آنا ان کی بنیادی ذمہ داری ہے۔ فرائض میں غفلت اور مریضوں سے بدسلوکی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تیمارداری کے لیے آنے والے شہری بھی طبی عملے سے تعاون کریں،

کمشنر گوجرانوالہ ڈویژن محمد علی، ڈپٹی کمشنر نوید احمد کے ہمراہ گورنمنٹ گریجوایٹ کالج لیڈیز میں نئے بی ایس بلاک کی تعمیر کے لئے ملحقہ اراضی کا جائزہ لے رہے ہیں ایم این اے شاہد عثمان ابراہیم بھی ہمراہ ہیں

ننکانہ صاحب، ڈپٹی کمشنر محمد تسلیم اختر راؤ اور منیجنگ ڈائریکٹر ستھرا پنجاب احسن مم

بقیہ 1

شکایات کے ازالہ کے لئے 1071 ہیلپ لائن قائم کردی ہے۔ مسافر اوور چارجنگ سے متعلق ہیلپ لائن 1071 پر کال کرسکتے ہیں۔

بقیہ 2

کے مابین ٹریڈ اور ٹرانزٹ معاہدے اہمیت کے حامل ہیں، معرکہ حق میں آذربائیجان کی پاکستان کے لئے غیر متزلزل حمایت لائق تحسین ہے۔ وہ آذربائیجان کے 108 ویں قومی دن کی تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ تقریب میں چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزرا اعظم نذیر تارڑ، شہزاہ فاطمہ، فاروق ستار، مصدق ملک، ڈپٹی سپیکر قومی اسمبلی سید غلام مصطفی شاہ، پنجاب کی سینئر وزیر مریم اورنگزیب سپیکر پنجاب اسمبلی ملک احمد خان، مسلم ممالک کے سفیروں اور اہم شخصیات نے شرکت کی۔ سفیر خضر فرہادوف نے چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا خیر مقدم کیا۔ عبدالعلیم خان نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ آذربائیجان کے لئے پاکستان کی طرف سے خیر سگالی اور مبارکباد کا پیغام دیتے ہیں، آذربائیجان مسلم دنیا میں پہلے پارلیمانی جمہوریہ ملک کے اعزاز کا حامل ہے، گہرے تاریخی عوامل اور جدت کے ساتھ ابھرنا آذربائیجان کی انفرادیت ہے، وفاقی وزیر نے کہا کہ 1991 میں آذربائیجان کی آزادی کے بعد سے پاکستان کے مابین تعلقات کو نئی جہت ملی۔ آذربائیجان کے صدر الہام علیوف کے شاندار وژن کو سراہتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک مل کر 21 ویں صدی کے چیلنجوں کا سامنا کرنے کی بھرپور صلاحیت رکھتے ہیں۔ پاکستان اور آذربائیجان کے مابین ٹریڈ اور ٹرانزٹ معاہدے اہمیت کے حامل ہیں، خطے میں بالخصوص دونوں ممالک کے مابین زمینی رابطوں میں اضافے کے خواہاں ہیں۔ گزشتہ سال 90 ہزار سے زیادہ پاکستانیوں نے آذربائیجان کی سیاحت کی۔ اسلام آباد اور باکو کے درمیان روز بروز فاصلے کم ہورہے ہیں۔ عبدالعلیم خان نے کہا معرکہ حق میں آذربائیجان کی پاکستان کے لئے غیر متزلزل حمایت لائق تحسین ہے۔ پاکستانی عوام آذربائیجان کی طرف سے سفارتی، سیاسی اور اخلاقی حمایت پر شکر گزار ہیں۔ مشکل کی گھڑی میں دیے گئے ساتھ کو کبھی بھول نہیں سکتے۔ تقریب میں آذربائیجان کے قومی دن کے حوالے سے دھنیں، ثقافتی پروگرام، پاکستانی نغمے بھی شامل تھے۔ تقریب میں آذربائیجان اور پاکستان کے پرچم اور قومی ترانوں کی گونج، پاک آذربائیجان دوستی زندہ باد کے فلوٹ بھی شامل تھے۔

بقیہ 3

ساتھ وہ نہیں کریں گے جو پی ٹی آئی کی حکومت نے کیا، حکومت نے محدود وسائل کے باوجود سولر کی حوصلہ افزائی کی ہے۔ جمعے کو وقفہ سوالات کے دوران ثمینہ خالد گھرکی نے سوال کیا کہ سولر کی امپورٹ میں انڈر انوائسنگ کے کیسز کو کیسے چیک کیا جاتا ہے۔ جواب میں بلال اظہر کیانی نے کہا کہ ایف بی آر کے مطابق سولر میں انڈر انوائسنگ نہیں کی گئی۔ شہریار آفریدی نے سوال کیا کہ حکومت عام آدمی کو سولر میں کیا ریلیف دینے جا رہی ہے۔ بلال اظہر کیانی نے کہا کہ ہم عوام کے ساتھ وہ نہیں کرنے جارہے جو آپ کی حکومت نے کیا تھا۔ انہوں نے بتایا کہ حکومت سولر کی حوصلہ افزائی کررہی ہے، محدود وسائل کے باوجود 129 ارب کی سبسڈی دی۔

بقیہ 4

حکومت اور اپوزیشن دونوں کی جگہ متبادل قیادت کی ضرورت ہے۔ اپنے ایک بیان میں بیرسٹر سیف نے کہا کہ ملک کو حکومت اور اپوزیشن دونوں کی جگہ متبادل قیادت کی ضرورت ہے، اپوزیشن اپنا مؤثر کردار ادا کرنے میں ناکام نظر آرہی ہے اور ملک میں سیاسی ڈیڈ لاک ختم کرنے کے لیے قومی مکالمہ ناگزیر ہے۔ انہوں نے کہا کہ آج کراچی میں نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی کے زیر اہتمام تقریب ہوگی، جس میں عوامی مفاد کے لیے ذاتی اور سیاسی اختلافات بھلانا ہوں گے۔ بیرسٹر سیف نے مزید کہا کہ قومی مسائل کا حل صرف مذاکرات اور سیاسی ہم آہنگی میں ہے۔

بقیہ 5

حقوق بارے وزیر اعظم کی سابق معاون خصوصی اور جیل میں بند کشمیری حریت رہنما محمد یاسین ملک کی اہلیہ مشعال حسین ملک نے بھارتی آرمی چیف کے حالیہ بیان کی شدید مذمت کرتے ہوئے اسے مودی حکومت کی مایوسی اور سیاسی جذبات کی عکاسی قرار دیا۔ اتوار کو اپنے بیان میں مشعال حسین ملک نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ قربانیوں، لچک، بہادری اور فتوحات سے جڑی ہے۔ انہوں نے خبردار کیا پاکستان کے عوام کی طاقت اور اتحاد کے عزم کو کمزور کرنے کی کوشش کرنے والے ناکام رہیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستان کو پڑوسی ممالک کے خلاف اشتعال انگیز بیان بازی کا سہارا لینے کے بجائے اپنے وسیع داخلی بحرانوں، بڑھتی ہوئی بدامنی اور تقسیم پر توجہ دینی چاہیے۔ حالیہ علاقائی کشیدگی کا حوالہ دیتے ہوئے مشعال حسین ملک نے کہا کہ پاکستان کی مسلح افواج نے معرکہ حق کے دوران اپنی پیشہ ورانہ صلاحیت اور عزم کا مظاہرہ کیا جس سے بھارت کا جارحانہ انداز اور تسلط کے غلط مفروضوں کو بے نقاب کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ خطے میں جنگ کی دھمکیاں انتہائی غیر ذمہ دارانہ، خطرناک اور ناقص فیصلے کی عکاس ہیں، اس طرح کے اشتعال انگیز بیانات کا مقصد بین الاقوامی توجہ کو بھارت کے غیر قانونی طور پر زیر تسلط جموں و کشمیر میں جاری صورتحال سے ہٹانا ہے۔ مشعال حسین ملک نے کہا کہ کئی دہائیوں کے جبر کے باوجود کشمیری عوام کے جذبے اور آزادی کی خواہش کو کچلا نہیں جاسکا۔ انہوں نے ریمارکس دیے کہ کوئی بھی فوجی طاقت لوگوں کے وقار، انصاف اور امن کے عزم کو دبا نہیں سکتی۔ انہوں نے خبردار کیا کہ بھارت کی نفرت، عسکریت پسندی اور جارحانہ قوم پرستی کی سیاست جنوبی ایشیا کو عدم استحکام کی طرف دھکیل رہی اور علاقائی امن کو نقصان پہنچا رہی ہے۔ عالمی برادری، اقوام متحدہ اور انسانی حقوق کی عالمی تنظیموں سے بھارت کے اشتعال انگیز بیانات اور طرز عمل کا فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے مشعال حسین ملک نے خطے میں کشیدگی سے بچنے اور امن کے تحفظ کے لیے بامعنی سفارتی کوششوں پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ کشمیری عوام امن، انصاف اور علاقائی استحکام کے اجتماعی حصول میں پاکستان کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کھڑے ہیں۔

بقیہ 6

دوران مختلف بڑی چینی کمپنیوں کے نمائندوں سے اہم ملاقاتیں کیں اور انہیں پاکستان میں سرمایہ کاری کی دعوت دی۔ ملاقاتوں میں ٹیکسٹائل، زراعت، کان کنی، ای کامرس اور فوڈ سیکٹر میں تعاون بڑھانے پر تبادلہ خیال کیا گیا، پاکستانی ٹیکسٹائل شعبے میں چینی سرمایہ کاری اور جدید ٹیکنالوجی کے فروغ پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیر تجارت نے زرعی پیداوار میں بہتری اور معیاری بیجوں کیلئے چینی تعاون پر زور دیا جبکہ معدنی شعبے میں سرمایہ کاری اور پاکستانی تانبا، سیسہ، زنک سمیت دیگر معدنیات کی برآمدات بڑھانے کے امکانات پر بھی بات چیت کی گئی۔ دونوں ممالک کے درمیان ڈیجیٹل تجارت اور ای کامرس تعاون کو فروغ دینے، پاکستانی برآمد کنندگان کو چینی مارکیٹ تک بہتر رسائی دینے اور تل، زرعی اجناس وفوڈ مصنوعات کی برآمدات بڑھانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس موقع پر پاکستانی گوشت اور پولٹری مصنوعات کی چین کو برآمد کے حوالے سے بھی پیش رفت سامنے آئی۔ وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کے دورہ چین کے دوران ہونے والے کاروباری روابط کو دوطرفہ تجارت کیلئے اہم قرار دیا جارہا ہے۔

بقیہ 7

مذہبی امور ابرار احمد مرزا اور ڈی جی حج عبدالوہاب سومرو بھی شریک تھے۔ وفاقی وزیر مذہبی امور نے بہترین حج انتظامات پر سعودی حکومت کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ مشاعر مقدسہ میں نت نئی سہولیات کے اقدامات خوش آئند ہیں، بسوں کے ڈراپ پوائنٹس پر تمام ممالک کے حجاج کیلئے مناسب جگہ فراہم کی جائے۔ سعودی وزیر حج وعمرہ ڈاکٹر توفیق بن فوزان الربیعہ نے کہا کہ حرم ٹرانسپورٹ میں مزید اصلاحات لائی جارہی ہیں جبکہ آئندہ سال حجاج کی تعداد کے مطابق ڈراپ پوائنٹس کی تقسیم کو یقینی بنایا جائے گا۔ انہوں نے بتایا کہ مزدلفہ میں ٹرین استعمال کرنے والے حجاج کیلئے ٹوائلٹس کی تعداد بڑھا دی گئی ہے جبکہ مکہ مکرمہ کی رہائشی عمارتوں کو مطلوبہ معیار کے مطابق بنانے کیلئے اصلاحات جاری ہیں، حج 2027 کے انتظامات ایام حج کے فوری بعد شروع کئے جائیں گے۔ سعودی وزیر حج وعمرہ نے پاکستان حج مشن کی محنت اور مستعدی کو سراہتے ہوئے بروقت معاہدات مکمل کرنے پر مبارکباد بھی پیش کی۔

بقیہ 8

کے ساتھ غیر رسمی ملاقات ہوئی۔ ذرائع کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر اور چینی وزیر اعظم کی ملاقات عوامی ہال میں پروقار استقبالیہ تقریب کے دوران ہوئی، چین کے وزیر اعظم نے گرمجوشی سے فیلڈ مارشل سید عاصم منیر کے ساتھ مصافحہ کیا۔ ذرائع کے مطابق فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور چین کے وزیر اعظم کے مابین تبادلہ خیال بھی ہوا۔ واضح رہے کہ فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اس وقت وزیر اعظم شہباز شریف کے ہمراہ دورہ چین پر موجود ہیں۔

بقیہ 9

باعث پیش آیا ہے۔ ریسکیو ٹیموں نے موقع پر پہنچ کر لاشوں اور زخمیوں کو قریبی ہسپتال منتقل کردیا، جہاں زخمیوں کو طبی امداد دی جارہی ہے۔ گورنر خیبر پختونخوا نے سوات ایکسپریس وے پر پیش آنے والے ٹریفک حادثے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے، حادثے میں جاں بحق افراد کے لواحقین سے دلی ہمدردی اور تعزیت کی ہے۔

بقیہ 10

صرف پاکستان ہی مسودے کو حتمی شکل میں لانے میں کامیاب ہوا۔ امریکی ٹی وی کی رپورٹ کے مطابق فیلڈ مارشل عاصم منیر کی تہران سے واپسی پر مجوزہ مسودہ ایرانی وامریکی قیادت کو جائزے کے لیے بھیجا گیا۔ امریکی ٹی وی نے کہا کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر کو امریکا اور ایران دونوں کا اعتماد حاصل ہے، پاکستان کی سیاسی اور عسکری قیادت کی ہم آہنگی ثالثی کا بنیادی عنصر ہے۔ امریکی ٹی وی کی جانب سے کہا گیا کہ امریکی صدر ٹرمپ پاکستان کے فیلڈ مارشل عاصم منیر کو مائی فیورٹ فیلڈ مارشل قرار دے چکے ہیں، پاکستانی حکومت اور فیلڈ مارشل اسلام آباد مذاکرات کے دوران خلیج کم کرنے میں اہم کردار ادا کرچکے ہیں۔ امریکی ٹی وی کے مطابق ماضی میں بھی پاکستان امریکا اور چین کے درمیان سفارتی روابط استوار کرنے میں بنیادی کردار ادا کرچکا ہے۔

بقیہ 11

دیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ بیرسٹر گوہر اور سہیل آفریدی نے ہمارے خاندان کو بتائے بغیر محسن نقوی سے ملاقات کی۔ علیمہ خان نے کہا کہ ملاقات میں خاندان کا کوئی بھی رکن موجود نہیں تھا۔ مرکزی سیکرٹری اطلاعات پی ٹی آئی شیخ وقاص اکرم نے ملاقات کی تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ ملاقات 14 مئی کو ہوئی تھی اور امن وامان سے متعلق امور پر تبادلہ خیال کیا گیا تھا۔

بقیہ 12

ڈینش وفد میں ڈینش انرجی ایجنسی کے کنٹری منیجر ندیم نواز، ویگنڈ ماگواے کے کنسلٹنٹ فریڈولن مولر ہولم، جبکہ اسلام آباد میں ڈنمارک کے سفارت خانے کی گرین ڈپلومیسی آفیسر دانیا بصیر شامل تھیں۔ ملاقات میں پنجاب کے صنعتی شعبے میں توانائی کے مؤثر استعمال، توانائی بچت کے فروغ اور عالمی ماحولیاتی تقاضوں سے ہم آہنگ صنعتی اصلاحات کے مختلف پہلوؤں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر زیادہ توانائی استعمال کرنے والے صنعتی شعبوں میں ISO 50001 پر مبنی انرجی مینجمنٹ سسٹمز کے نفاذ کو ترجیح دینے، ڈینش تکنیکی معاونت سے صوبائی سطح پر توانائی بچت سے متعلق مؤثر ریگولیٹری فریم ورک تشکیل دینے، اور کم لاگت مگر زیادہ مؤثر توانائی بچت اقدامات متعارف کروانے پر اتفاق کیا گیا۔ اس کے ساتھ ٹیکسٹائل، سیمنٹ، فوڈ پروسیسنگ اور دیگر اہم صنعتی شعبوں کے لیے مخصوص تکنیکی رہنما اصول تیار کرنے کی تجویز پر بھی غور کیا گیا تاکہ صنعتوں کو توانائی کے جدید، مؤثر اور ماحول دوست طریقہ کار اپنانے میں سہولت فراہم کی جاسکے۔ سیکرٹری توانائی پنجاب نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومتِ پنجاب وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے وژن کے مطابق توانائی کے مؤثر استعمال، صنعتی ترقی اور ماحولیاتی تحفظ کے لیے عملی اقدامات کررہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عالمی سطح پر تیزی سے بدلتے ہوئے ڈی کاربونائزیشن معیارات کے پیشِ نظر پنجاب کے برآمدی صنعتی شعبے کو جدید توانائی معیارات سے ہم آہنگ کرنا ناگزیر ہوچکا ہے، تاکہ بین الاقوامی منڈیوں میں مسابقت برقرار رکھی جاسکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ صنعتی شعبے میں توانائی بچت نہ صرف پیداواری لاگت میں کمی کا باعث بنے گی بلکہ ماحولیاتی آلودگی میں کمی، پائیدار صنعتی ترقی اور گرین اکانومی کے فروغ میں بھی اہم کردار ادا کرے گی۔ دونوں فریقین نے پنجاب کے منتخب صنعتی کلسٹر زکو "ماڈل انرجی ایفیشنسی زونز" میں تبدیل کرنے کے لیے مشترکہ طور پر کام کرنے پر اتفاق کیا۔ اس مقصد کے لیے ایک جامع تین سالہ روڈ میپ تیار کیا جائے گا، جس میں واضح اہداف، مرحلہ وار پیش رفت، ڈیٹا پر مبنی مانیٹرنگ و ایویلیوایشن فریم ورک، اور صوبائی افسران وانرجی آڈیٹرز کی استعدادِ کار بڑھانے کے لیے خصوصی تربیتی پروگرام شامل ہوں گے۔

بقیہ 13

اپنے اعزاز میں عظیم عوامی ہال میں منعقدہ پروقار استقبالیہ تقریب سے خطاب کررہے تھے۔ اس موقع پر چین کے وزیر اعظم لی چیانگ، نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، چیف آف آرمی سٹاف، چیف آف ڈیفنس فورسز فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پاکستان اور چین کے وزرا اور اعلیٰ حکام بھی موجود تھے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے چین کے دورے کی پرتپاک دعوت پر چینی وزیر اعظم کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ آپ کے عظیم ملک کا دورہ کرنا میرے لئے ہمیشہ بے حد خوشی کا باعث ہوتا ہے، جب بھی چین آتے ہیں ہمیں نئی تعمیرات اور عظیم ترقی دیکھنے کو ملتی ہے۔ انہوں نے چین کے برادر عوام سے صوبہ شانشی کی کوئلے کی کان میں دھماکے پر تعزیت کا اظہار کیا جس کے نتیجے میں قیمتی جانیں ضائع ہوئیں اور کئی لوگ زخمی بھی ہوئے۔ وزیر اعظم نے متاثرہ خاندانوں کے ساتھ مکمل یکجہتی کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس وقت تاریخ کے ایک نہایت اہم موڑ پر کھڑے ہیں، پاکستان اور چین اپنی شاندار دوستی اور سفارتی تعلقات کا 75 واں سال منا رہے ہیں، پاکستان چین دوستی کی بنیاد ہمارے بانیان نے رکھی تھی، انہوں نے دونوں ممالک کے تعلقات کی مضبوط بنیاد اور مستحکم عمارت قائم کی، اب ہم اس ورثے کو آگے بڑھا رہے ہیں اور دوطرفہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کے سفر پر گامزن ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا کہ آج دنیا ایک انتہائی نازک دور سے گزر رہی ہے، خلیج میں بحران ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان نے امریکا اور ایران کے درمیان ثالثی میں مخلصانہ کردار ادا کیا، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر ابھی تہران سے یہاں پہنچے ہیں، وہ مسلسل سفر میں رہے ہیں، فیلڈ مارشل اور نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار نے امریکا، ایران اور خلیج کے ممالک سمیت سب سے رابطے کئے۔ وزیر اعظم محمد شہباز شریف نے امن کیلئے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس سلسلے میں بہت سا کام ہوچکا ہے اور معاملات درست سمت میں آگے بڑھ رہے ہیں۔ انہوں نے پاکستان کی امن کیلئے کوششوں کی بھرپور حمایت اور جنگ بندی کیلئے چین کے صدر شی جنگ پنگ اور چینی قیادت کے تعاون کا شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے صدر شی جنگ پنگ کے 4 نکاتی ایجنڈے کی مکمل حمایت کرتے ہوئے کہا کہ نائب وزیر اعظم اسحاق ڈار اور چینی وزیر خارجہ وانگ یی کے ساتھ ملاقات میں بھی انہوں نے 5 نکاتی حمایتی پروگرام کا اعلان کیا تھا، جنگ بندی کیلئے ہمیں مل کر کام کرنا ہوگا تاکہ دنیا میں امن قائم اور کاروبار بحال ہو، اس بحران نے نہ صرف خطے کی معیشت بلکہ پاکستان جو تیل اور تیل کی مصنوعات کا خالص درآمد کنندہ ہے سمیت عالمی برادری کو بھی شدید متاثر کیا ہے۔ چین کے وزیر اعظم لی چیانگ نے اس موقع پر کہا کہ چین پاکستان کے ساتھ ملکر کام کرنے کیلئے پرعزم ہے، پاکستان نے قریبی رابطے اور ہم آہنگی کو برقرار رکھا ہے اور مشترکہ مفادات کا تحفظ کیا ہے۔ انہوں نے پاکستان کے علاقائی امن کیلئے مثبت کردار کو سراہتے ہوئے کہا کہ صدر شی جن پنگ سے ملاقات دوطرفہ تعلقات کو مزید گہرا کرنے کیلئے سٹریٹجک رہنمائی فراہم کریگی۔ انہوں نے کہا کہ چین پاکستان کے ساتھ روایتی دوستی کو آگے بڑھانے اور دوطرفہ تعاون کے فروغ کیلئے پرعزم ہے، ہم پاکستان کے ساتھ عملی تعاون کو وسعت دینے اور باہمی دلچسپی کے تمام امور پر بات چیت کیلئے تیار ہیں۔ قبل ازیں چین کی وزیر اعظم لی چیانگ نے وزیر اعظم محمد شہباز شریف اور پاکستانی وفد کا عظیم عوامی ہال آمد پر پرتپاک استقبال کیا۔ اس موقع پر دونوں رہنماؤں نے گرمجوشی سے مصافحہ اور خیر سگالی کے جذبات کا اظہار کیا۔ وزیر اعظم نے نائب وزیر اعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار، فیلڈ مارشل سید عاصم منیر اور پاکستانی وفد جبکہ چین کے وزیر اعظم نے اپنی کابینہ کے ارکان کا وزیر اعظم محمد شہباز شریف سے تعارف کرایا۔ اس موقع پر دونوں ملکوں کے قومی ترانے بجائے گئے اور وزیر اعظم کو چین کی مسلح افواج کے چاق وچوبند دستوں کی طرف سے گارڈ آف آنر پیش کیا گیا۔ وزیر اعظم شہباز شریف نے گارڈ آف آنر کا معائنہ کیا جس کے بعد دونوں رہنماؤں کے درمیان وفود کی سطح پر بات چیت ہوئی۔

بقیہ 14

تحفظ کو فروغ دینا ہے۔ صدر نے کوڈ آف کریمنل پروسیجر (ترمیمی) بل 2026 کی بھی منظوری دی، جب کہ گورنر سندھ کی 21 مئی سے 3 جون 2026 تک بیرونِ ملک رخصت کی درخواست بھی منظور کی گئی۔ دوسری جانب 25 مئی 2026 کو صدر مملکت نے اردن کے شاہ عبداللہ دوم ابن الحسین اور اردنی عوام کو یومِ آزادی پر مبارکباد کا پیغام دیا۔ اپنے پیغام میں صدر نے کہا کہ پاکستان اور اردن کے تعلقات باہمی احترام، اعتماد اور مشترکہ اقدار پر مبنی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ دونوں ممالک علاقائی و عالمی امور پر قریبی ہم آہنگی رکھتے ہیں اور توقع ظاہر کی کہ یہ برادرانہ تعلقات مستقبل میں مزید مضبوط ہوں گے۔ صدر نے نومبر 2025 میں شاہ عبداللہ دوم کے دورہ پاکستان کو دوطرفہ تعلقات میں سنگِ میل قرار دیتے ہوئے اردن کے عوام کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 15

وژن کے مطابق منصوبے کی تکمیل، تمام درختوں کو محفوظ رکھا گیا۔ انہوں نے کہا کہ ایونیو منصوبے میں جدید لائٹنگ، نکاسی آب، واک ویز اور حفاظتی انتظامات شامل ہیں۔ طلال چودھری نے کہا کہ ترقیاتی منصوبوں میں ماحولیات کا تحفظ اولین ترجیح ہے۔

بقیہ 16

رہے گا۔ ذرائع کے مطابق عید کے پہلے اور دوسرے روز صبح ساڑھے 7 بجے سے رات 12 بجے تک گیس بحال رہے گی۔ عید کے تیسرے روز صبح ساڑھے 7 بجے سے رات 10 بجے تک گیس سپلائی بحال رہے گی۔

بقیہ 17

جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا گیا۔ کابینہ کمیٹی نے سوگوار خاندانوں سے دلی ہمدردی وتعزیت کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔ کابینہ کمیٹی نے صوبہ بھر میں تمام عبادت گاہوں، حساس تنصیبات، مویشی منڈیوں اور بین الصوبائی بارڈر چیک پوسٹس پر سیکورٹی بڑھانے کی ہدایت کی۔ اجلاس میں عیدالاضحیٰ اور محرم الحرام سے قبل تمام سیکورٹی انتظامات کا تفصیلی جائزہ لیتے ہوئے متعلقہ اداروں کو فول پروف سیکورٹی یقینی بنانے کی ہدایات جاری کی گئیں۔ کابینہ کمیٹی نے پاکستان آسٹریلیا کرکٹ میچز کے تمام انتظامات کا نجی جائزہ لیا۔ اجلاس سے خطاب میں چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق نے کہا کہ پنجاب بھر میں امن وامان کی تازہ صورتحال پر مسلسل نظر رکھی جارہی ہے اور قانون نافذ کرنے والے ادارے قیام امن کیلئے بھرپور اقدامات کر رہے ہیں۔ انہوں نے ہدایت کی کہ فوری تحقیقی ڈلرز اور مشکوک افراد کی کڑی نگرانی یقینی بنائی جائے جبکہ تمام اضلاع میں عیدالاضحیٰ سیکورٹی کے حوالے سے ڈسٹرکٹ انٹیلیجنس کمیٹیوں کے اجلاس منعقد کیے جائیں۔ خواجہ سلمان رفیق نے مزید کہا کہ محکمہ داخلہ کی جاری کردہ سیکورٹی ہدایات پر من وعن عملدرآمد یقینی بنایا جائے اور پنجاب میں کالعدم تنظیموں کو قربانی کی کھالیں جمع کرنے کی ہرگز اجازت نہ دی جائے۔ صوبائی وزیر وکوچیئرمین بلال یاسین نے ہدایت کی کہ پنجاب بھر میں قائم مویشی منڈیوں کے داخلی وخارجی راستوں کی کڑی نگرانی کو یقینی بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب بھر میں لاؤڈ اسپیکر کے غیر قانونی استعمال پر زیرو ٹالرینس پالیسی اپنائی جائے۔ انہوں نے کہا کہ عوام میں آگاہی کیلئے تمام اضلاع کی انتظامیہ کالعدم تنظیموں کی فہرستیں نمایاں مقامات پر آویزاں کرے۔ صوبائی وزیر بلال اکبر خان نے کہا کہ امن وامان کا قیام اور عوام کے جان و مال کا تحفظ حکومت پنجاب کی اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے امن کمیٹیوں کو مزید متحرک بنانے اور تحصیل کی سطح تک علماء وآئمہ مساجد سے مؤثر رابطہ استوار کرنے کی ہدایت کی۔ انہوں نے ہدایت کی کہ قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے حوالے سے کالعدم تنظیموں کی سخت مانیٹرنگ کی جائے۔ سیکرٹری داخلہ پنجاب ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے اجلاس کو بتایا کہ پنجاب بھر میں 507,38 عید اجتماعات منعقد ہوں گے جن کیلئے فول پروف سیکورٹی انتظامات کی ہدایات جاری کردی گئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ تمام اضلاع کو ہوٹل آئی اور ٹریول آئی سافٹ ویئر کے ذریعے سو فیصد مانیٹرنگ یقینی بنانے کی ہدایت کی گئی ہے تاکہ مشکوک سرگرمیوں پر بروقت نظر رکھی جا سکے۔ انہوں نے واضح کیا کہ سوشل میڈیا پر نفرت انگیزی، فرقہ واریت اور اشتعال انگیز مواد کسی صورت برداشت نہیں کیا جائے گا اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اجلاس میں ایڈیشنل آئی جی آپریشنز محمد علی نیکوکارہ، ایڈیشنل آئی جی سپیشل برانچ عمران احمر، ایڈیشنل سیکرٹری انٹرنل سیکورٹی اور متعلقہ حکام شریک ہوئے۔ آئی جی پنجاب راؤ عبدالکریم اور ایڈیشنل آئی جی سی ٹی ڈی وسیم سیال نے آن لائن شرکت کرتے ہوئے سیکورٹی صورتحال پر بریفنگ دی۔ صوبہ بھر سے کمشنرز، آر پی اوز، ڈپٹی کمشنرز اور ڈی پی اوز نے بھی ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کی۔

بقیہ 18

بجلی منصوبے کے دورے پر چیئرمین واپڈا کو اہم سائٹس پر پیش رفت بارے بریفنگ دی گئی۔ ان سائٹس میں ان ٹیک سٹرکچر، کنکیٹنگ ٹنل، پاور ہاس، ٹیل ریس اور سوئچ یارڈ شامل ہیں۔ پراجیکٹ کی تمام اہم سائٹس پر تعمیراتی اہداف حاصل کرنے کے لئے بھرپور کوششیں جاری ہیں۔ چیئرمین واپڈا نے پراجیکٹ حکام کی تعریف کی اور انہیں ہدایت کی کہ تعمیراتی اہداف حاصل کرنے کیلئے تمام اقدامات عمل میں لائے جائیں تاکہ منصوبہ مزید تاخیر کے بغیر مکمل کیا جاسکے۔ ایک ہزار 530 میگاواٹ پیداواری صلاحیت کا پانچواں توسیعی منصوبہ ورلڈ بنک اور ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بنک کی فنڈنگ سے تعمیر کیا جا رہا ہے۔ ورلڈ بنک منصوبے کے لئے 390 ملین ڈالر جبکہ ایشین انفراسٹرکچر انویسٹمنٹ بنک 300 ملین ڈالر مہیا کررہا ہے۔ منصوبہ مکمل ہونے پر تربیلا ڈیم سے بجلی پیدا کرنے کی صلاحیت 4 ہزار 888 میگاواٹ سے بڑھ کر 6 ہزار 418 میگاواٹ ہوجائے گی۔ تربیلا چوتھے توسیعی منصوبے کے دورے میں چیئرمین نے پراجیکٹ کی لو لیول آٹ لٹ کی ٹیسٹ کمیشننگ کا مشاہدہ کیا۔ ایل ایل او کی کمیشننگ خریف کے موسم میں ارسا انڈنٹ کے مطابق صوبوں کو پانی کی فراہمی کیلئے بہت ضروری ہے۔ چوتھے توسیعی منصوبے کے مشین ہال اور کنٹرول روم کے دورے پر چیئرمین کو بتایا گیا کہ ورلڈ بنک کی فنڈنگ سے مکمل ہونے والے اس منصوبے سے مارچ 2018ء میں بجلی کی پیداوار شروع ہوئی، اور یہ منصوبہ اب تک نیشنل گرڈ کو 33 ارب 25 کروڑ یونٹ بجلی فراہم کرچکا ہے۔ بعد ازاں چیئرمین واپڈا کو تربیلا ڈیم اور خانپور ڈیم کے آپریشن اور مینٹنس سے متعلق بریفنگ دی گئی۔ تربیلا ڈیم اب تک چاروں صوبوں کو زرعی مقاصد کیلئے ذخیرہ کئے گئے پانی سے مجموعی طور پر 419 ملین ایکڑ فٹ پانی اور نیشنل گرڈ کو 586 ارب یونٹ سستی اور ماحول دوست پن بجلی مہیا کرچکا ہے۔ تربیلا ڈیم 1974 سے اپنے آپریشن کے دوران اب تک پاکستان کی اقتصادیات کو 460 ارب ڈالر کا فائدہ پہنچا چکا ہے۔ چیئرمین واپڈا کے تربیلا ڈیم کے دورے کے موقع پر جنرل منیجر تربیلا ڈیم، جنرل منیجر پاور تربیلا، جنرل منیجر اور پراجیکٹ ڈائریکٹر تربیلا پانچواں توسیعی منصوبہ، ایڈوائزر پراجیکٹس واپڈا، چوتھے اور پانچویں توسیعی منصوبے کے ایڈوائزر اور پراجیکٹ ڈائریکٹر تربیلا چوتھا توسیعی منصوبہ بھی موجود تھے۔

بقیہ 19

کے لہو کا قرض ضرور اتاریں گے۔ انہوں نے کہا ہے کہ جعفر ایکسپریس واقعہ میں سیکڑوں لوگوں کو ریسکیو کیا گیا، تاہم پاکستان کی سیکورٹی پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جاسکتا، دشمن کے پائلٹ کو چائے پلا کر واپس بھیجا گیا، آئندہ کی گارنٹی نہیں ہے۔ صوبائی وزیر عظمیٰ بخاری کا کہنا ہے کہ کچھ سیاسی جماعتوں کے دل میں دہشتگردوں کیلئے بہت ہمدردی اٹھتی ہے، امن دشمنوں کے ناپاک عزائم خاک میں ملائیں گے۔ نیوز کانفرنس کے دوران عظمیٰ بخاری نے کہا کہ کوئٹہ میں دہشتگردی کا حالیہ واقعہ انتہائی افسوسناک ہے اور حکومت کی تمام تر ہمدردیاں متاثرہ خاندانوں کے ساتھ ہیں، دہشتگرد نہتے شہریوں کو نشانہ بنا رہے ہیں، تاہم حکومت امن دشمن عناصر کے خلاف مؤثر کارروائیاں جاری رکھے ہوئے ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ستھرا پنجاب پروگرام کے عملے کی عیدالاضحیٰ کی چھٹیاں منسوخ کر دی گئی ہیں تاکہ صفائی کے انتظامات متاثر نہ ہوں، پارکوں میں جھولوں کے لیے فٹنس سرٹیفکیٹ لازمی قرار دے دیا گیا ہے تاکہ شہریوں کی حفاظت یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے کہا ہے کہ عیدالاضحیٰ کے موقع پر صوبے بھر میں سیکیورٹی، صفائی اور شہری سہولیات کے مؤثر انتظامات کیے جارہے ہیں، جبکہ ون ویلنگ اور ہلڑ بازی کے خلاف سخت کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ اس موقع پر صوبائی وزیر اہلال یاسین نے کہا ہے کہ اپنی چھت اپنا گھر پروگرام دنیا کا نمبر ون پروگرام بن چکا ہے، مریم نواز کی ہدایت ہے ہر سال ایک لاکھ خاندانوں کو گھر فراہم کریں، مریم نواز روزانہ کی بنیاد پر عوامی اقدامات اٹھا رہی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ستھرا پنجاب کے لاکھوں ورکرز صفائی کا کام انجام دے رہے ہیں، تاہم اپنی چھت اپنا گھر پروگرام کے ذریعے لوگوں کی زندگی تبدیل ہورہی ہے، وزیر اعلیٰ مریم نواز کو باکو میں پذیرائی ملی، مریم نواز نے وہ اقدامات اُٹھائے جن کی مثال آئندہ دی جاتی رہے گی، بھارتی پراکسی میں صرف افغانستان نہیں اور بھی عوام

زرعی مشینری تعاون پاکستان اور چین کے درمیان مفاہمتی یادداشت پر دستخط

زرعی مشینری پاکستان میں پائیدار غذائی تحفظ یقینی بنانے کے لیے ناگزیر ہے، رانا تنویر حسین

چانگڈو (این این آئی) پاکستان اور چین کے درمیان زرعی مشینری کی تیاری، تکنیکی تعاون اور مرحلہ وار مقامی پیداوار کے فروغ کے لیے مفاہمتی یادداشت (ایم او یو) پر دستخط ہو گئے۔ یہ معاہدہ چین کے صوبہ جیانگ سو کے شہر چانگڈو میں پاکستانی اعلیٰ سطحی وفد کے دورے کے دوران طے پایا۔ یہ ایم او یو پاکستان کی نجی کمپنی کنگز برج وینچرز اور چین کے معروف ادارے چانگفا گروپ کے درمیان طے پایا

ایران کو یورینیئم افزودگی کا پورا حق حاصل ہے، روس

امریکا اور ایران جس حل پر متفق ہوں گے ہم اس کی حمایت کریں گے، سرگئی لاروف

ماسکو (این این آئی) روس نے کہا ہے کہ ایران کو پرامن مقاصد کے لیے یورینیم افزودہ کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات روسی وزیر خارجہ سرگئی لاروف نے دارالحکومت ماسکو میں پریس کانفرنس کے دوران کہی۔ انھوں نے یاد دلایا کہ ایران جوہری عدم پھیلاؤ کے معاہدے کا رکن ہے اس لیے بین الاقوامی قوانین کے تحت اسے سول اور پرامن مقاصد کے لیے یورینیم افزودگی کا حق حاصل ہے۔ روسی وزیر خارجہ نے واضح کیا کہ ایران اور امریکا کے درمیان جاری مذاکرات کا خیر مقدم کرتے ہوئے کہا کہ دونوں فریقین جس حل پر متفق ہوں گے ہم اس کی حمایت کریں گے۔ روس نے گزشتہ برسوں میں بھی ایران کے جوہری پروگرام کے حوالے سے نسبتاً نرم موقف اختیار کیا اور وہ 2015 کے جوہری معاہدے کی بحالی کی حمایت کرتا رہا ہے۔

پشاور: چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا شباب علی شاہ شندور پولو فیسٹیول کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

ایران اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ کا رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

تہران/ریاض (این این آئی) ایران اور سعودی عرب کے وزرائے خارجہ کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ ہوا، جس میں دوطرفہ تعلقات اور خطے کی حالیہ صورتحال پر گفتگو کی گئی۔ غیر ملکی میڈیا کی رپورٹ کے مطابق وزیر خارجہ عباس عراقچی اور سعودی وزیر خارجہ فیصل بن فرحان نے باہمی دلچسپی کے امور، علاقائی پیش رفت اور جاری سفارتی کوششوں پر تبادلہ خیال کیا۔

قازقستانی وفد نے گوادر پورٹ کو وسطی ایشیا کے لیے اہم تجارتی گیٹ وے قرار دے دیا

لاجسٹکس، سرمایہ کاری، بینکاری اور علاقائی تجارتی راہداریوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق

گوادر (این این آئی) قازقستانی وفد نے گوادر پورٹ کو وسطی ایشیا کے لیے اہم تجارتی گیٹ وے قرار دے دیا، لاجسٹکس، سرمایہ کاری، بینکاری اور علاقائی تجارتی راہداریوں میں تعاون بڑھانے پر اتفاق، کراچی میں اعلیٰ سطحی اجلاس تفصیلات کے مطابق قازقستان کے معروف کاروباری شخصیت اور فریڈم ہولڈنگ کارپوریشن کے چیف ایگزیکٹو آفیسر تیمور ترلوف کی قیادت میں قازقستان کا اعلیٰ سطحی وفد کراچی پہنچ گیا، وفد نے کراچی پورٹ ٹرسٹ کے ہیڈ آفس میں چیئرمین گوادر پورٹ اتھارٹی سمیت کراچی پورٹ ٹرسٹ اور پورٹ قاسم اتھارٹی کے چیئرمنز سے ملاقات کی اور اعلیٰ سطحی اجلاس میں شرکت کی۔ اجلاس میں دونوں ممالک کے درمیان بحری تجارت، لاجسٹکس، ٹرانسپورٹ کنیکٹیویٹی، سرمایہ کاری، بینکاری، آئی ٹی اور اقتصادی تعاون کے فروغ پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا

سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج کی مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ سے ملاقات

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کے صوبائی صدر و سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج نے پیر کو مشیر کھیل وامور نوجوانان مینا مجید بلوچ سے ملاقات کی۔ ملاقات میں بلوچستان میں کھیلوں کے فروغ، نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کرنے اور اسپورٹس کے شعبے میں درپیش مسائل وامکانات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر نوجوانوں کی فلاح و بہبود اور کھیلوں کے میدان میں مزید بہتری کے لیے مشترکہ اقدامات پر بھی گفتگو کی گئی۔

سعودی عرب، قطر اور پاکستان سمیت مسلم ممالک کو ابراہیمی معاہدے کا حصہ بن جانا چاہیے، ٹرمپ

یا تو ایک بہترین معاہدہ ہوگا یا پھر کوئی معاہدہ نہیں ہوگا اور اس صورت میں جنگ دوبارہ شروع ہوسکتی ہے جو پہلے سے زیادہ شدید ہوگی

واشنگٹن (این این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ ایران امریکا معاہدے کے ساتھ ہی مسلم ممالک کو ابراہیمی معاہدے کا حصہ بن جانا چاہیے۔ اپنے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ٹروتھ سوشل پر جاری بیان میں ٹرمپ نے کہا کہ ایران کے ساتھ مذاکرات میں اچھی پیشرفت ہو رہی ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ یا تو ایک بہترین معاہدہ ہوگا یا پھر کوئی معاہدہ نہیں ہوگا اور اس صورت میں جنگ دوبارہ شروع ہوسکتی ہے

گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے اسپین کے نئے تعینات سفیر کی ملاقات

دوطرفہ تعلقات، تجارتی حجم میں اضافہ اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ سید محمد نہال ہاشمی سے اسپین کے نئے تعینات سفیر Carlos Aragon Gil de la Serna نے گورنر ہاؤس میں ملاقات کی۔ ملاقات میں دوطرفہ تعلقات، تجارتی حجم میں اضافہ اور باہمی تعاون کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاک اسپین ثقافت، سیاحت اور تعلیمی ایکسچینج پروگرام میں مزید وسعت دینا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اسپینش سفیر نے مشرق وسطیٰ تنازع کے حل میں پاکستانی حکومت کے کردار کو سراہا۔ ملاقات میں اسپین میں پاکستانی ٹیکسٹائل مصنوعات کی بڑی مانگ ہے، برآمدات میں اضافے پر اتفاق کیا گیا۔ اسپینش سفیر نے کہا کہ اسپین میں 1 لاکھ 70 ہزار سے زائد پاکستانی مقیم ہیں۔ اسپین میں مقیم پاکستانی دوطرفہ تعلقات اور معیشت کے فروغ میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ گورنر سندھ نے کہا کہ پاک-اسپین دوطرفہ تجارت تقریباً 6.1 ارب ڈالر ہے

کراچی میں بجلی کے سنگین بحران پر ایم کیو ایم کے اراکینِ سندھ اسمبلی کی بھرپور مذمت

مئی کی شدید گرمی میں 14 سے 18 گھنٹے کی لوڈشیڈنگ کراچی کے عوام کا معاشی وذہنی قتلِ عام ہے

کراچی (این این آئی) متحدہ قومی موومنٹ پاکستان کے اراکینِ سندھ اسمبلی نے ملک کے معاشی حب کراچی میں جاری بدترین اور غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ پر شدید غم وغصے کا اظہار کرتے ہوئے کے الیکٹرک کی اجارہ داری اور سندھ حکومت کی مجرمانہ خاموشی کے خلاف پارلیمانی اور عوامی سطح پر بھرپور احتجاج کا عندیہ دیا ہے، متحدہ اراکینِ اسمبلی کہا ہے کہ ملک کے سب سے بڑے معاشی انجن اور ساڑھے تین کروڑ کی آبادی والے شہر کو ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت مفلوج کیا جارہا ہے اراکینِ اسمبلی کا کہنا تھا کہ مئی کی اس چلچلاتی دھوپ اور حبس زدہ موسم میں شہر کے غریب اور متوسط علاقوں میں 14 سے 18 گھنٹے کی طویل لوڈشیڈنگ غیر انسانی اور بنیادی حقوق کی کھلی خلاف ورزی ہے، اوور بلنگ اور فیول ایڈجسٹمنٹ کے نام پر شہریوں کی جیبوں پر اربوں روپے کا ڈاکا ڈالنے کے باوجود کراچی کو اندھیروں کے رحم وکرم پر چھوڑ دیا گیا ہے،

پشاور: وزیر برائے پبلک ہیلتھ انجینئرنگ فضل شکور خان سے یونیسیف کا نمائندہ وفد ملاقات کر رہا ہے۔

ڈنکی یورپ سے یورپ جانے کی خواہش 177 پاکستانی لیبیا ڈی پورٹ

ڈی پورٹ ہونے والے پاکستانیوں کو اسلام آباد ایئرپورٹ پہنچنے پر حراست میں لے لیا گیا، ذرائع

اسلام آباد (این این آئی) غیر قانونی طور پر یورپ جانے کی کوشش کے دوران لیبیا میں پکڑے جانے والے 177 پاکستانی بے دخلی کے بعد پاکستان پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق اسلام آباد واپس آنے والوں میں سے 59 کا تعلق لاہور، 58 گجرات، 26 راولپنڈی، 23 گوجرانولہ جبکہ 10 افراد سیالکوٹ اور ایک اسلام آباد کا رہائشی ہیں۔ ایف آئی اے ذرائع نے بتایا کہ یہ تمام افراد ایران اور سعودی عرب کے راستے لیبیا پہنچے تھے

صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی کی سعودی قونصل جنرل سے ملاقات

ملاقات میں پاکستان اور سعودی عرب کے تاریخی، مذہبی اور برادرانہ تعلقات کو مسلم دنیا کے لیے ایک مضبوط مثال قرار دیا گیا

کراچی (این این آئی) وزیر برائے اوقاف، مذہبی امور، زکوٰۃ وعشر سندھ سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے کراچی میں سعودی عرب کے قونصل جنرل ناصر عبداللہ السبیعی سے سعودی قونصلیٹ میں اہم ملاقات کی۔ ملاقات خوشگوار اور باہمی احترام کے ماحول میں منعقد ہوئی۔ اس موقع پر حاجی محمد حنیف میمن اور حاجی سراج احمد جوکیو بھی صوبائی وزیر کے ہمراہ موجود تھے۔ ملاقات کے دوران مذہبی امور، حج انتظامات، زائرین کو بہتر سہولیات کی فراہمی، باہمی تعاون اور پاکستان وسعودی عرب کے درمیان برادرانہ تعلقات کے فروغ سمیت مختلف اہم امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ صوبائی وزیر سید ریاض حسین شاہ شیرازی نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکومت سندھ حجاج کرام کو ہر ممکن سہولیات کی فراہمی اور مذہبی ہم آہنگی کے فروغ کے لیے سنجیدہ اقدامات کر رہی ہے

لاہور: پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر رہنما خواجہ سعد رفیق سے جمعیت علمائے اسلام پاکستان کے سربراہ اویس شاہ نورانی ملاقات کر رہے ہیں۔

پنجاب بھر میں لین لائن سسٹم پر سختی کا فیصلہ کریک ڈاؤن کی ہدایت

فرسٹ لین میں مسلسل ڈرائیونگ اور بے جا اوور ٹیکنگ پر بھی کارروائی ہوگی، ڈی آئی جی ٹریفک

لاہور (این این آئی) پنجاب ٹریفک پولیس نے صوبہ بھر میں لین لائن سسٹم پر سختی سے عملدرآمد کرانے کا فیصلہ کرلیا۔ ترجمان ٹریفک پنجاب کے مطابق ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب محمد وقاص نذیر نے تمام پٹرولنگ افسران کو ہدایت کی ہے کہ لین لائن کی خلاف ورزیوں کے خلاف مؤثر کارروائی کیلئے پٹرولنگ نظام کو مزید فعال بنایا جائے۔ ڈی آئی جی ٹریفک پنجاب کا کہنا ہے کہ لین لائن کی پابندی شہریوں کے تحفظ اور ٹریفک حادثات میں کمی کیلئے انتہائی ضروری ہے۔

موجودہ پی ٹی آئی لیڈرشپ کا بھلا اس جماعت سے تعلق کیا ہے، فواد چوہدری

پاکستان میں اگر اسپیس نہ ہوئی تو سیاست نہیں کرسکیں گے، اگر سیاسی اسپیس نہ ہوئی تو ہم معاملات حل نہیں کرسکیں گے، سابق وزیر

اسلام آباد (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ نیشنل ڈائیلاگ کمیٹی میں ہم نے کوشش کی کہ حالات میں بہتری آئے، بانی پی ٹی آئی سے جولائی میں ملاقات میں کہا کہ ہم سیاستدان ہیں ہمیں سیاسی اسپیس چاہیے۔ موجودہ پی ٹی آئی لیڈر شپ کا بھلا اس جماعت سے تعلق کیا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری نے کہا کہ ہم نے سیاسی اسپیس کے لیے اپوزیشن کا گرینڈ الائنس بنانے کی بات کی

ٹھنگ ڈائریکٹر این جی سی انجینئر الطاف حسین ملک کو 500 کے وی گرڈ سٹیشن گئی، فیصل آباد کے دورے کے دوران بریفنگ دی جارہی ہے۔

خیبر پختونخوا، تیز ہواؤں اور گرج چمک کیساتھ بارشوں کی پیشگوئی

لینڈ سلائیڈنگ، مختلف علاقوں میں ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ

پشاور (این این آئی) خیبر پختونخوا کے بالائی اضلاع میں منگل کی رات سے 23 مئی کے دوران تیز ہواؤں اور گرج چمک کے ساتھ وقفے وقفے سے بارشوں کی پیشگوئی کی گئی ہے۔ پی ڈی ایم اے نے تمام ضلعی انتظامیہ کو الرٹ جاری کر دیا۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق اس دوران چترال اپر، چترال لوئر، دیر اپر، دیر لوئر، سوات، شانگلہ، بونیر، ملاکنڈ، باجوڑ، کوہستان اپر، کوہستان لوئر، کولائی پالس، بٹگرام، تورغر، مانسہرہ، ایبٹ آباد، ہری پور جبکہ مردان، صوابی، خیبر، مہمند، پشاور، چارسدہ، نوشہرہ، کوہاٹ، کرم، ہنگو، اورکزئی، کرک، بنوں، لکی مروت، شمالی وزیرستان اور جنوبی وزیرستان میں بھی آندھی اور گرج چمک کے ساتھ بارش تیز بارش متوقع ہے۔ بارشوں کے باعث بالائی اضلاع چترال، دیر، سوات، شانگلہ، مالاکنڈ، بونیر، ایبٹ آباد اور کوہستان میں لینڈ سلائیڈنگ جبکہ مختلف علاقوں میں ندی نالوں میں طغیانی کا خدشہ ہے۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق بارشوں کے پیش نظر بالائی علاقوں میں شدید گرمی کی لہر میں عارضی کمی متوقع ہے۔ تیز ہواؤں اور بارشوں سے کمزور عمارتوں، بجلی کے کھمبوں اور سولر پینلز کو نقصان کا اندیشہ بھی ہے،

پاکستان میں ساڑھے 4 کروڑ سے زائد افراد شوگر یا اس کے خطرے سے دوچار ہیں، ماہرین

پاکستان میں تقریباً 27 فیصد شوگر کے مریض ایسے ہیں جنہیں علم ہی نہیں کہ وہ اس بیماری میں مبتلا ہیں

لاہور (این این آئی) پاکستان میں ذیابیطس خطرناک حد تک بڑھتی جا رہی ہے اور تقریباً 3 کروڑ 45 لاکھ افراد شوگر کے مرض میں مبتلا ہیں جبکہ ایک کروڑ سے زائد پاکستانی ایسے ہیں جو ذیابیطس کے خطرے سے دوچار ہیں۔ ماہرینِ امراضِ ذیابیطس نے خبردار کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان میں شوگر کے بڑھتے ہوئے بحران سے نمٹنے کیلئے ڈیجیٹل اور ٹیکنالوجی پر مبنی طبی سہولیات ناگزیر ہو چکی ہیں۔ یہ بات آواز اور ڈسکورنگ ڈائبیٹیز کے تحت منعقدہ ایک آگاہی اور مریضوں کی رہنمائی سے متعلق تقریب میں کہی گئی جس میں ماہر معالجین، فزیشنز، جنرل پریکٹیشنرز، ذیابیطس ایجوکیٹرز اور مریضوں نے شرکت کی۔ ماہرین کے مطابق پاکستان دنیا کے ان ممالک میں شامل ہو چکا ہے جہاں شوگر کی شرح سب سے زیادہ ہے اور ہر تین میں سے تقریباً ایک بالغ فرد ذیابیطس کا شکار ہے۔ انٹرنیشنل ڈائبیٹیز فیڈریشن کے مطابق پاکستان میں بالغ افراد میں شوگر کی شرح 31.4 فیصد تک پہنچ چکی ہے

صوبائی وزیر اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ کو گوردوارا گورونانک فاؤنڈیشن آف امریکہ میں حاضری کے موقع پر سروپا پہنایا جارہا ہے۔

وزیر اعلیٰ اور گورنر خیبر پختونخوا صوبائی حقوق کے لئے پہلی بار ایک پیج پر آگئے

صوبے کو گندم کی ترسیل اور سی این جی کی بندش پر سیاسی اختلافات بھلا کر مشترکہ جدوجہد کا اعلان کر دیا

پشاور (این این آئی) صوبے میں پہلی بار وزیر اعلیٰ اور گورنر خیبر پختونخوا صوبائی حقوق کیلئے ایک پیج پر آگئے، صوبے کو گندم کی ترسیل اور سی این جی کی بندش پر سیاسی اختلافات بھلا کر مشترکہ جدوجہد کا اعلان کر دیا۔ خیبر پختونخوا اسمبلی کے قومی جرگہ ہال میں وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی اور گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے مشترکہ پریس کانفرنس کی۔ اس موقع پر اسپیکر اسمبلی بابر سلیم سواتی اور اپوزیشن لیڈر ڈاکٹر عباد اللہ بھی انکے ہمراہ تھے۔ وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل خان آفریدی نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنجاب حکومت خیبر پختونخوا کے ساتھ ظلم کر رہی ہے، آرٹیکل 151 کے تحت خوراک کی اشیاء کی نقل وحمل پر پابندی نہیں لگائی جاسکتی۔ انہوں نے کہا کہ خیبر پختونخوا کا غریب شہری پاکستان میں سب سے زیادہ مہنگا آٹا خرید رہا ہے۔ خیبر پختونخوا 508 ایم ایم سی ایف ڈی گیس پیدا کر رہا ہے، گیس پیدا کرنے کے باوجود ہمارے سی این جی اسٹیشنز کو گیس فراہم نہیں کی جارہی۔

کراچی: پاکستان ریلویز کراچی ڈویژن کے ڈویژنل سپرنٹنڈنٹ جمشید عالم حیدر آباد ریلوے اسٹیشن کا دورہ کر رہے ہیں۔

زمینداروں کو گندم کی قیمت 24 گھنٹے کے اندر مال سپلائی کے بعد کی جائے گی، مشیر خزانہ خیبر پختونخوا

خیبر پختونخوا حکومت اپنے وسائل سے 3500 روپے فی من کے حساب سے گندم کی خریداری کرے گی، مزمل اسلم

پشاور (این این آئی) مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے خیبر پختونخوا حکومت کے گندم پریکیورمنٹ کے حوالے سے اہم بیان جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کی گندم خریداری کے دوران اگر پنجاب حکومت نے آرٹیکل 151 کی خلاف ورزی کی اور گندم آمدورفت کیلئے راستے بند کئے تو پھر خیبر پختونخوا حکومت وفاقی حکومت سے گندم درآمد کرنے کیلئے اجازت طلب کرے گی۔ خیبر پختونخوا حکومت دو دن بعد 20 مئی سے دو لاکھ پچیس ہزار ٹن گندم براہ راست زمینداروں سے خریدنے جارہی ہے۔ مشیر خزانہ خیبر پختونخوا مزمل اسلم نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت اپنے وسائل سے 3500 روپے فی من کے حساب سے گندم کی خریداری کرے گی اور زمینداروں کو گندم کی قیمت 24 گھنٹے کے اندر مال سپلائی کے بعد کی جائے گی۔ مزمل اسلم نے کہا کہ خیبر پختونخوا حکومت اپنے تمام سرکاری گودام 100 فیصد گندم سے بھرے گی تاکہ گندم آف سیزن میں عوام کو سستے نرخ پر گندم اور آٹا فراہم کیا جاسکے۔

ہنر میلہ 2026 اپنی تمام تر رعنائیوں کیساتھ اختتام پذیر

ہنر میلے میں غیر ملکی سیاحوں اور ٹیمیلز کی آمد سے صوبے اور خصوصاً پشاور کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کرنے میں مدد ملی

پشاور (این این آئی) سیکرٹری محکمہ سیاحت، ثقافت آثار قدیمہ وعجائب گھر خیبر پختونخوا سعادت حسن نے کہا کہ ہنر میلہ کے کامیاب انعقاد پر خیبر پختونخوا کلچر اینڈ ٹورازم اتھارٹی کے منتظمین اور ہنرمندوں کو خراج تحسین پیش کرتا ہوں، ایسے میلوں کے انعقاد سے ہنرمندوں کے ہنر کو دنیا کے سامنے اجاگر کرنے اور انہیں سپورٹ فراہم کرنے کا موقع ملتا ہے، ہنر میلے میں غیر ملکی سیاحوں اور ٹیمیلز کی کثیر تعداد میں آمد سے صوبے اور خصوصاً پشاور کا مثبت چہرہ دنیا کے سامنے پیش کرنے میں مدد ملی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ شب ہنر میلہ میں بطور مہمان خصوصی شرکت کے موقع پر کیا۔ ان کے ہمراہ ڈائریکٹر جنرل خیبر پختونخوا کلچر اینڈ ٹورازم اتھارٹی شاہد خان، ڈائریکٹر ایڈمن اینڈ فنانس شہریار محمود، ڈائریکٹر کلچر اینڈ ٹورازم حلیمہ اقبال اور دیگر عہدیداران موجود تھے۔ سیکرٹری محکمہ سیاحت و ثقافت خیبر پختونخوا سعادت حسن نے تمام ہنرمندوں میں اعزازی سرٹیفکیٹ بھی تقسیم کئے۔

پشاور سیکرٹری زراعت ڈاکٹر محمد بختیار خان کو اکوڑہ سیڈ کمپنی کے لیبارٹریز کے حوالے سے بریفنگ دی جارہی ہے

آرٹی ایس کمیشن کے احکامات پر شہری کی ایف آئی آر درج، اسلحہ لائسنس جاری

آرٹی ایس کمیشن میں پندرہ شہریوں کے شکایات کے شنوائی، خدمات کی فراہمی میں تاخیر ناقابلِ برداشت قرار

پشاور (این این آئی) رائٹ ٹو پبلک سروسز کمیشن میں پندرہ عوامی شکایات کی شنوائی ہوئی۔ چیف کمشنر محمد علی شہزادہ اور کمشنر ذاکر حسین آفریدی نے شہریوں کے درخواستوں پر سماعت کی۔ چارسدہ سے معزم علی نے گاڑی کی رجسٹریشن کے لیے کمیشن سے رجوع کیا تھا۔ کمیشن کے احکامات کے باوجود تاخیر ہونے پر شوکاز نوٹس جاری کیا گیا۔ لکی مروت سے ناز علی نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے کمیشن کو درخواست دی تھی جس پر کمیشن کے احکامات کے مطابق ایف آئی آر درج کی گئی ہے۔ بنوں سے پرویز خان نے اسلحہ لائسنس کے اجراء کے لیے کمیشن سے رجوع کیا تھا۔ کمیشن کے احکامات پر شہری کو اسلحہ لائسنس جاری کیا گی۔ کمیشن نے تمام شکایت کنندگان کی شکایات کو جلدی نمٹانے کی ہدایت کی۔ جاسم خان نے ایف آئی آر کے اندراج کے لیے کمیشن کو درخواست دی تھی جس پر رپورٹ درج کروا کے انکوائری کا آغاز کر دیا گیا۔ اسی طرح زمین کی حد براری کی چھ درخواستوں، فرد

جرمنی، بیٹی کو قتل کرنے کے الزام میں پاکستانی نژاد شخص 25 سال بعد گرفتار

برلن (این این آئی) جرمنی میں بیٹی کو 25 سال قبل قتل کرنے کے الزام میں پاکستانی نژاد شخص کو گرفتار کرلیا گیا۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹ کے مطابق لڑکی کی لاش 2001 میں دریائے مائن سے ملی، شناخت ڈیانا ایس کے نام ہوئی تھی۔ لڑکی پر تشدد کیا گیا تھا، موت کے وقت اس کی عمر 16 برس تھی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ ملزم کو انٹرپول کی آئیڈینٹیفائی می مہم کے تحت گرفتار کیا گیا ہے۔

آئی جی خیبر پختونخوا کی اہم سرکاری تنصیبات کے سیکیورٹی آڈٹ کی ہدایت

پشاور (این این آئی) آئی جی پی خیبر پختونخوا ذوالفقار حمید نے اہم سرکاری عمارتوں اور تنصیبات کے سیکیورٹی آڈٹ کی ہدایت کردی۔ پیر کو ذوالفقار حمید کی زیر صدارت ریڈ زون سیکیورٹی سے متعلق اجلاس ہوا، جس میں سی سی پی او پشاور نے ریڈ زون سیکیورٹی پر بریفنگ دی۔ دوران اجلاس ریڈ زون اور حساس عمارتوں کی سیکیورٹی کا ازسرنو جائزہ لیا گیا۔ بتایا گیا کہ ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کیلیے پولیس رسپانس یونٹس ہائی الرٹ ہیں۔

ایران نے آبنائے ہرمز پر کنٹرول کیلیے باضابطہ ادارہ بنالیا، سوشل میڈیا پر بھی انٹری

تہران (این این آئی) ایران نے اعلان کیا ہے کہ اب سے آبنائے ہرمز سے گزرنے والے تمام جہازوں کو پیشگی اجازت لینا ہوگی بصورت دیگر ان کی آمد و رفت غیر قانونی سمجھی جائے گی اور سخت کارروائی ہوگی۔ عالمی خبر رساں ادارے کے مطابق ایران کے نئے قائم کردہ ادارے پرشین گلف اسٹریٹ اتھارٹی ویب سائٹ ایکس پر اپنا باضابطہ اکاؤنٹ بنالیا۔

امریکا امن معاہدے تک پہنچنے کیلیے ایرانی تیل پر عائد پابندیاں بھی نرم کرنے کو تیار

واشنگٹن (این این آئی) امریکا نے ایران کے ساتھ امن معاہدے اور آبنائے ہرمز کو دوبارہ کھلوانے کے لیے ایرانی تیل پر عائد پابندیوں میں عارضی نرمی کی پیشکش کر دی۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکا کی یہ تجویز دونوں ممالک کے درمیان پاکستان کی ثالثی میں جاری بالواسطہ مذاکرات کے دوران سامنے آئی ہے۔ رپورٹ میں مذاکرات سے واقف ایک ذریعے کے حوالے سے کہا گیا کہ پابندیوں میں یہ نرمی فوری طور پر نافذ نہیں ہوگی

سپر ٹیکس کی یکمشت کی بجائے اقساط میں وصولی کی جائے' لاہور ٹیکس بار

ٹیکس دہندگان پر عائد ڈیفالٹ سرچارج فوری طور پر ختم کیا جائے' سیمینار

لاہور (این این آئی) لاہور ٹیکس بار ایسوسی ایشن نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ سپر ٹیکس کی اقساط میں وصولی اور ٹیکس دہندگان پر عائد ڈیفالٹ سرچارج فوری طور پر ختم کیا جائے تاکہ کاروباری طبقہ مزید مالی دباؤ سے بچ سکے۔ یہ مطالبات لاہور ٹیکس بار کے زیر اہتمام سپر ٹیکس کے سیکشن 4 بی اور 4 سی کے موضوع پر منعقدہ اہم سیمینار میں کیے گئے۔ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے لاہور ٹیکس بار کے عہدیداروں رانا ثاقب منیر، فاروق گجر، میاں عثمان جاوید، علی رضا چیمہ اور سعد ایوب خان نے کہا کہ موجودہ معاشی حالات میں ٹیکس دہندگان شدید مشکلات کا شکار ہیں اور ایسے حالات میں کئی سالوں کے سپر ٹیکس کی یکمشت ادائیگی ممکن نہیں، احکومت اقساط میں وصولی کی سہولت فراہم کرے تاکہ سو فیصد ٹیکس وصولی یقینی بنائی جاسکے۔

آئی جی پنجاب سے پولیس ملازمین اور اہل خانہ کی ملاقات، مسائل کے حل کیلئے فوری احکامات جاری

لاہور (این این آئی) انسپکٹر جنرل پولیس پنجاب عبدالکریم سے پولیس ملازمین اور ان کے اہل خانہ نے سنٹرل پولیس آفس میں ملاقات کی۔ آئی جی پنجاب نے پولیس ملازمین اور ان کے اہلخانہ کے مسائل سنے اور فوری ریلیف کیلئے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے۔ تفصیلات کے مطابق، لیڈی غازی کانسٹیبل روزینہ یاسمین کی طبی مالی امداد کی درخواست پر آئی جی پنجاب نے ڈی آئی جی ویلفیئر اینڈ فنانس کو ریلیف فراہمی کی ہدایت کی۔

سوات: ڈپٹی کمشنر سیلم جان مروت مالم جبہ میں سیاحوں کیلئے کسین سٹی اور کار پارکنگ منصوبے کے حوالے سے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

راولپنڈی، کار لفٹر گینگ گرفتار، 12 مسروقہ گاڑیاں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) آرگنائزڈ کرائم یونٹ (سی آئی اے) پولیس نے 2 رکنی کار لفٹر گینگ کو گرفتار کر کے قبضے سے 12 مسروقہ گاڑیاں برآمد کرلیں۔ زیر حراست ملزمان گاڑیاں چوری کرنے کے بعد ان میں ٹمپرنگ کرکے پنجاب سمیت دیگر صوبوں میں جعلی دستاویزات کے ذریعے فروخت کرتے تھے۔ پولیس کے مطابق ملزمان کے انکشاف اور نشاندہی پر مزید مسروقہ گاڑیوں کی برآمدگی عمل میں لائی گئی ہے

خیبر پختونخوا میں سی این جی بندش، وزیر اعلیٰ کا وزیر اعظم کو فوری گیس بحالی کیلئے خط

آئین کے آرٹیکل 158 کے تحت گیس پیدا کرنے والے صوبے کو گیس استعمال کا پہلا حق حاصل ہے، سہیل آفریدی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے وزیر اعظم پاکستان کو سی این جی سیکٹر کو گیس فراہمی کی معطلی پر خط لکھ دیا۔ خط میں خیبر پختونخوا میں سی این جی سیکٹر کو گیس فراہمی کی بندش کا مسئلہ حل کرنے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا قدرتی گیس پیدا کرنے والا بڑا صوبہ ہے، صوبے کو آئینی حق سے محروم نہ کیا جائے، صوبہ تقریباً 494 ایم ایم سی ایف ڈی گیس پیدا کرتا ہے جبکہ استعمال صرف 120 ایم ایم سی ایف ڈی ہے۔ خط میں لکھا کہ خیبر پختونخوا کے سی این جی سیکٹر کو 36 سے 40 ایم ایم سی ایف ڈی گیس درکار ہے جو کھاد کے شعبے کو منتقل کی گئی ہے، سی این جی سیکٹر کو گیس بندش سے صوبے میں بے چینی اور امن وامان کے مسائل پیدا ہونے کا خدشہ ہے۔ وزیر اعلیٰ نے خط میں کہا کہ آئین کے آرٹیکل 158 کے تحت گیس پیدا کرنے والے صوبے کو گیس استعمال کا پہلا حق حاصل ہے

اقوامِ متحدہ کے امن کاروں کے عالمی دن پر اقوامِ متحدہ میں پاکستان کے مستقل مندوب سفیر عاصم افتخار احمد کا خصوصی پیغام

1960ء سے اب تک 2 لاکھ 70 ہزار سے زائد پاکستانی امن کار دنیا بھر میں اقوامِ متحدہ کے مشن میں نمایاں خدمات انجام دے چکے ہیں

امریکہ (شیراز حسین) اقوامِ متحدہ کے امن کاروں کے عالمی دن کے موقع پر پاکستان، اقوامِ متحدہ اور عالمی برادری کے ساتھ مل کر، نیلے پرچم تلے خدمات انجام دینے والے تمام امن کاروں کی جرات، لگن اور قربانی کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہے۔ پاکستان کے لیے امن مشن میں شرکت، کثیرالجہتی تعاون سے ہماری وابستگی کا اظہار اور بین الاقوامی امن و سلامتی کے قیام کے لیے ہماری نمایاں ترین خدمات میں سے ایک ہے۔ 1960ء سے اب تک 2 لاکھ 70 ہزار سے زائد پاکستانی امن کار دنیا بھر میں اقوامِ متحدہ کے مشن میں نمایاں خدمات انجام دے چکے ہیں۔ ہم بالخصوص اُن 183 پاکستانی امن کاروں کو خراجِ عقیدت پیش کرتے ہیں جنہوں نے نیلے پرچم تلے اپنے فرائض کی انجام دہی کے دوران عظیم قربانی دی۔ اقوامِ متحدہ کی امن کارروائیاں بین الاقوامی امن وسلامتی کے قیام کے لیے عالمی برادری کے پاس موجود سب سے نمایاں، عملی اور کم لاگت ذرائع میں شمار ہوتی ہیں۔ نازک اور غیر مستحکم حالات میں امن مشنز شہریوں کے تحفظ، جنگ بندی کی نگرانی، تشدد کی روک تھام، سیاسی عمل کی معاونت، انسانی امداد تک رسائی کی سہولت اور م